دَھرن ۔ رکھنا ۔ تھامنا ۔ لینا ۔ سنبھالنا ۔ ناف ۔ پُل ۔ دُنیا ۔ سُورج ۔ تھن ۔

دَھرنَا ۔ زمین ۔ دنیا۔

دَھرنَا ۔ اختیار کرنا ۔ ایک امر کی استبداد سے دوسرے کو تنگ کرنا۔

دُھرندھر ۔ بوجھ اٹھانے والا ۔ اطمینان کے ساتھ کام پورا کرنے والا ۔ سردار ۔ افسر۔

دَھرنی ۔ } زمین ۔ ارض ۔ دنیا۔
دَھرنی ۔ }

دَھرنی پُور ۔ سمندر ۔ بحر۔

دَھرنی تَل ۔ سطح زمین۔

دَھرنی دھر ۔ مجازاً پہاڑ ۔ کوہ ۔ کچھوا ۔ کشف ۔ وشنوجی کا

دَھرنی سُتا ۔ دختر زمین یعنی جانکی ۔ سیتا۔

دَھرنی کیلک ۔ مجازاً پہاڑ ۔ کوہ ۔ جبل ۔

دُھرو ۔ ٹھیرا ہوا ۔ اٹل ۔ پکا ۔ ٹھیک ۔ مستحکم ۔ سچ ۔ کیلی ۔ قطب تارہ جو شمال مشرق کی جانب واقع ہے ۔ قطب زمین ۔ وشنو۔

دُھروتا ۔ پکاپن ۔

دَھروہر ۔ گرو ۔ رہن ۔ امانت ۔ ودیعت ۔

دُھری ۔ گاڑی کے پہیے کا ڈنڈا ۔ محور ۔

دُھرین ۔ } بوجھ اٹھانے والا ۔ آگے چلنے والا ۔ نباہنے والا ۔
دُھریہ ۔ } افسر ۔ پیشوا ۔ سردار ۔ رتھ بیل ۔

دَھڑا ۔ جماعت ۔ گروہ ۔ انبوہ ۔ طرف ۔ جانب ۔ وزن ۔

دَھڑی ۔ پانچ سیر کا وزن ۔

دِھشنا ۔ عقل ۔ خرد ۔

دَہک ۔ حرارت ۔ سوزش ۔ سوختگی ۔

دِھک ۔ (دھکار) پھٹکار ۔ لعنت ۔ نفرت ظاہر کرنیوالا لفظ

دِھکّار ۔ پھٹکار ۔ لعنت ۔ نفریں ۔ ملامت ۔ بے عزتی ۔ دعائے بد ۔

دِہلی ۔ دہلیز ۔ آستانہ ۔

دُھلینڈی ۔ ہولی کا دوسرا دن جس روز رنگ اور گلال ایک دوسرے پر ڈالتے ہیں ۔

دَھمال ۔ ایک طرح کا گیت جو ہولی میں گاتے ہیں ۔

دَھمِل ۔ بندھی ہوئی چوٹی ۔ جوڑا ۔

دَھمَن ۔ ہوا پھونکنے کی نلی ۔ پھکنی ۔ دھوکنی ۔

دَھمنی ۔ ناڑی ۔ رگ ۔ نبض ۔ دھوکنی ۔

دَھن ۔ دولت ۔ روپیہ ۔ پیسہ ۔ مال ۔ جائداد ۔ خوشحالی ۔ لکشمی ۔ ایک برج آسمانی کا نام یعنی قوس ۔

دَہَن ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ آگ ۔ آتش ۔ جلن ۔ جلنا ۔ جلانا ۔ جلانے والا ۔ خاک ہونا ۔ عام آتش زدگی ۔

دُھن ۔ خیال ۔ دھیان ۔ شوق ۔ چاہ ۔ خواہش ۔ ارادہ ۔ ضبط ۔ راگ ۔ آواز ۔ لفظ ۔ ترنگ ۔ لہر ۔ لَو ۔

دَہنا ۔ داہنا ۔ سیدھا ۔ راست ۔ یمین ۔

دَہنا ۔ جلنا ۔ جلانا ۔ آگ لگانا ۔

دَھنا دھار ۔ خزانہ رکھنے کا مکان ۔ بھنڈار ۔

دَھنا دھِکاری ۔ وارث جائداد ۔

دَھنادھیکش ۔ خزانچی ۔ کُبیر کا لقب ۔

دَھناڈھیہ ۔ دولتمند ۔ مالدار ۔ متمول ۔

دَھنارتھی ۔ لالچی ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔

دَھنارجن ۔ حصول دولت ۔

دھناشری۔ ایک چھند کا نام۔ مالکوس راگ کی ایک رگنی
دھناشا۔ دولت کی خواہش۔ تمنائے دولت۔
دھناندھ۔ وہ جو نشہ تمول سے اندھا ہو گیا ہو۔
دھن بِدیا۔ (وِدیا) علم المعیشت۔ علم الاقتصاد۔
دھن پتر۔ فہرست جائداد۔ بہی کھاتہ۔
دھن پتی۔ دولت کا مالک۔ کبیر کا لقب۔
دھن پریا۔ دولت سے اُلفت رکھنے والا۔ بخیل۔
دھنتر۔ دولتمند۔ مالدار۔
دھن ترشنا۔ لالچ۔ طمع۔ حرص۔
دھند۔ دھن یعنی دولت دینے والا۔ مخیر۔ کبیر کا لقب۔
دھن دائی۔ فیاض۔ محسن۔ مربی۔
دھن دَرپ۔ غرورِ دولت۔
دھن دَنڈ۔ جرمانہ۔ تاوان۔
دھنر۔ (دھنش) کمان۔
دھنر بان۔ تیر و کمان۔
دھنر دھاری۔ } کمانڈار۔ تیرانداز۔ تیرافگن۔ ارجن کا لقب۔
دھنر دھر۔ }
دھنر وِدیا۔ (بِدیا) فن تیراندازی۔
دھنر وید۔ (بید) شستر۔ استر وغیرہ کا علم۔
دھن دھانیہ۔ دولت اور غلہ۔ مال و منال۔
دھنش دھاری۔ تیرانداز۔ کھتھیت۔
دھن سنچئی۔ اجتماعِ دولت۔
دھنش۔ (دھنک) کمان۔ نجوم میں نویں راسی۔ قوس۔
دھنشٹھا۔ (۲۷) نچھتروں میں سے (۲۴) واں نچھتر۔

دھنک۔ } صاحبِ دولت۔ مالدار۔ مہاجن۔
دھنی۔ }
دھنک۔ } (دھنش) کمان۔
دھنکھ۔ }
دھنک دھر۔ دیکھو (دھنش دھر) تیرانداز۔ لقب سری کرشن جی کا۔
دھنک بان۔ (دھنش بان) تیر و کمان۔
دھنک دھاری۔ (دھنش دھاری) تیرانداز۔ کھتھیت۔
دھن گروِت۔ (گروِت) اپنی دولت پر غرور کرنیوالا۔ زرمست۔
دھن لوبھ۔ دولت کی خواہش۔ تمنائے دولت۔
دھن مد۔ دولت کا نشہ۔ غرورِ دولت۔
دھننجے۔ آگ۔ آتش۔ ارجن کا لقب۔ وشنو۔ ایک درخت۔
دھنو۔ } کمان۔ بارہ بروج فلکی سے نواں برج یعنی قوس۔
دھنک۔ }
دھن وان۔ } صاحبِ دولت۔ دولتمند۔ مالدار۔
دھن ونت۔ }
دھنونتری۔ آیُربید کا وہ حکیم جو سمندر متھنے کے وقت اُس میں سے نمودار ہوا۔ دیوتاؤں کا حکیم۔
دھنوی۔ تیرانداز۔
دھن ہین۔ مفلس۔ محتاج۔ مفلوک۔ غریب۔
دھنی۔ دولتمند۔ مالدار۔ مالک۔ مختار۔ شوہر۔ خداوند تعالیٰ۔

دُھنی۔ ندی۔ رود۔

دُھنیا۔ رُوئی دُھنکنے والا۔ نداف۔

دَھنیش۔ } خداوند دولت۔ دولتمند۔ کبیر کا لقب۔
دَھنیشور۔ }

دَھنیشی۔ دولت چاہنے والا۔

دَھنیہ۔ کلمۂ آفریں و مرحبا۔ شاباش۔ واہ واہ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ مخاطبت کے وقت اکثر مستعمل ہوتا ہے۔ دھن۔ دولت۔

دَہنیہ۔ جلانے یا جلائے جانے کے قابل۔

دَھنیہ واد۔ اظہار احسان۔ شکر گزاری۔ واہ واہ۔ واضح ہو کہ کسی احسان یا عنایت کے بدلے کہا جاتا ہے۔

دَہیہ مان۔ جلتا ہوا۔ سوزان۔

دَھو۔ خاوند۔ شوہر۔ مالک۔ ایک درخت۔

دُھوا۔ دھواں۔ بھاپ۔

دَھوان۔ آواز۔

دَھوانت۔ اندھیرا۔ تاریکی۔

دھوپ۔ خوشبودار بخور جن کو پوجا وغیرہ کے وقت جلاتے ہیں۔ حرارت آفتاب۔

دُھوپیت۔ دھواں دیا ہوا۔ دھوئیں سے خوشبودار کیا ہوا۔

دُھوپ دانی۔ عود دان۔ عود سوز۔ بخوردان۔

دَھوت۔ دھویا ہوا۔ پاک و صاف کیا ہوا۔

دُھوت۔ } کانپتا ہوا۔ ہلتا ہوا۔ چھوڑا ہوا۔
دُھوت۔ }

دُھوتی۔ } جسم کے حصہ پائین میں باندھنے کا کپڑا۔ تہ بند۔

دُھوتی۔ } لنگ۔

دُھوج۔ } جھنڈا۔ علم۔ نشان۔ بیرق۔ پرچم۔
دُھوجا۔ }

دَھوجی۔ جھنڈے والا۔ علم بردار۔

دُھور۔ دُھول۔ خاک۔ ریت۔ گرد۔ غبار۔

دَھورا۔ سفید۔ ابیض۔

دُھورت۔ } چالباز۔ مکار۔ عیار۔ دغاباز۔ فریبی ٹھگ۔
دُھورتک۔ } کپٹی۔ نقصان رسان۔

دُھورتتا۔ نٹ کھٹی۔ مکاری۔ عیاری۔ فتنہ پردازی۔

دُھورجٹی۔ شیوجی کا لقب۔

دھورن۔ گھوڑے کی دوڑ۔

دُھورنی۔ سلسلہ۔ قطار۔ رسم و رواج وغیرہ کا آباواجداد سے زبانی چلے آنا۔

دُھوری۔ بیل۔ زگاؤ۔

دَھوشت۔ گرا ہوا۔ بے عزت کیا ہوا۔ بات کیا گیا۔ ٹوٹا پھوٹا۔

دھوسر۔ کبرا۔ بھورا۔ دھندلا۔ مٹیا۔ خاکی رنگ۔

دَھول۔ سفید۔ ابیض۔ صاف۔ پاک۔ بے عیب۔ خوبصورت۔

دَھولا۔ سفید۔ ابیض۔

دُھولک۔ زہر۔ سم۔

دُھولی۔ دھول۔ گرد۔ ریت۔

دُھولینڈی۔ ہولی کا دوسرا دن۔

دَھوم۔ دھواں۔ دُود۔ بھاپ۔ دخان۔ شور۔ غل۔ بکھیڑا۔ ہل چل۔ گڑ بڑ۔ افواہ۔ شہرت۔ ناموری۔

دھومٗا ۔
دھومُرا ۔ } دھوئیں کی طرح لال اور کالا ملا ہوا رنگ ۔
دھومُلا ۔

دھوم پتھ ۔ دھواں نکلنے کا راستہ ۔ چمنی ۔

دھوَمس ۔ } ناش ۔ برباد ۔ نقصان ۔ تباہ ۔ فنا ۔
دھوَمسن ۔

دھومست ۔ برباد کیا ہوا ۔ تباہ کیا گیا ۔ نقصان کیا گیا ۔

دھومسک ۔ } برباد کرنے والا ۔ تباہ کرنے والا ۔ نقصان رساں ۔
دھومسی ۔

دھوم کیتو ۔ دمدار ستارہ ۔ آگ ۔ ایک راچھس کا نام ۔

دھوم واہنی ۔ ریل گاڑی ۔

دھوم ینتر ۔ ریل کا انجن ۔

دھونش ۔ دیکھو (دھومس)

دھونسا ۔ بڑا نقارہ ۔

دھونی ۔ آواز ۔ گونج ۔

دھونی ۔ دھواں ۔ دود ۔ خوشبودار اشیاء جلا کر ہوا صاف کرنا ۔ وہ آگ جسے سادھو اپنے گرد لگا کر عبادت کرتے ہیں ۔ کسی دوا کو آگ پر رکھ کر اس کا دھواں پلانا ۔ ثابت قدم رہنا ۔

دھی ۔ بیٹی ۔ دختر ۔ ہوش ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ شہرت ۔

دھیا ۔ بیٹی ۔ دختر ۔

دھیات ۔ بچارا ہوا ۔ سوچا ہوا ۔

دھیاتا ۔ سوچنے والا ۔ بچار کرنے والا ۔

دھیاتویہ ۔ یاد کرنے کے لائق ۔ سوچنے کے قابل ۔

دھیان ۔ سوچ ۔ بچار ۔ غور ۔ فکر ۔ یاد ۔ توجہ ۔ خیال ۔ تصور ۔ مراقبہ ۔ یکسوئی خاطر ۔ توجہ کو متواتر کسی ایک چیز پر قائم رکھنا ۔ خداوند تعالیٰ کی جانب دل لگانا ۔

دھیان جوگ ۔ (یوگ) وہ یوگ جس میں خیال ہی مقدم ہو ۔

دھیانی ۔ خیال رکھنے والا ۔ یاد رکھنے والا ۔ بچارنے والا ۔ سوچنے والا ۔ صاحب مراقبہ ۔ متقی ۔ مرتاض ۔

دھیایک ۔ دھیان کرنے والا ۔ بچارنے والا ۔ یوگی ۔ مرتاض ۔

دھیر ۔ صاحب ہمت ۔ شجیع ۔ سلیم الطبع ۔ متحمل ۔ صابر ۔ عاقل ۔ دانا ۔

دھیرا ۔ دھیما ۔ ڈھیلا ۔ سست ۔ کاہل ۔ نازک ۔ ٹھنڈا ۔ قائم ۔ متحمل ۔ ڈراما کی وہ ہیروئن جو اپنے شوہر کی بے توجہی کے باوجود باوفا رہے ۔

دھیرتا ۔ } صبر ۔ استقلال ۔ ثابت قدمی ۔ شجاعت ۔ بہادری ۔ تحمل ۔ شکیبائی ۔
دھیرتوہ ۔

دھیرج ۔ (دھیریہ) ہمت ۔ جرأت ۔ برداشت ۔ صبر ۔ ثابت قدمی ۔ استقلال ۔ دلیری ۔ بہادری ۔ شجاعت ۔

دھیریہ ۔ ہمت ۔ شجاعت ۔ دلیری ۔ استقلال ۔ جرأت ۔

دھیریہ شالی ۔ صاحب ہمت ۔ شجیع ۔

دھیمان ۔ } عاقل ۔ دانا ۔ چالاک ۔ تیز ۔ نامور ۔ مشہور ۔
دھیوان ۔

دھیمت ۔ سمجھدار ۔ ذی عقل ۔

دھیمر ۔ ماہی گیر ۔ مچھوا ۔

دھین ۔ دیکھو (دھنیو)

ڈھینُو۔ دودھیلی گائے۔ وہ گائے جس کو بچّہ پیدا ہو کر زیادہ دن نہ گزرے ہوں۔

دِھیواں۔ دیکھو (دھیماں)

دِھیوَر۔ مچھوا۔ ماہی گیر۔ مچھلی پکڑنے والوں کی ایک [illegible]

ڈھییہ۔ پہننے کے قابل۔ پرورش کرنے کے لائق۔ پینے کے قابل۔

دِھیئیہ۔ بچار کرنے کے قابل۔ سوچنے کے لائق۔

دَشے۔ دیکھو (دَیا)

دَئی۔ عطا کیا گیا۔ بخشا گیا۔ عطیہ۔ تقدیر۔ قضا۔ معبود۔ [illegible]

دَیا۔ محبت۔ عنایت۔ شفقت۔ رحم۔ مہربانی۔ ترس۔ بخشش۔

دِیا۔ دیوا۔ چراغ۔ سراج۔ لمپ۔

دَیاپاتر۔ وہ جو رحم و کرم کے قابل ہو۔

دَیادرشٹی۔ نظر عنایت۔ نظر رحم و کرم۔

دَیاساگر۔ دریائے لطف و کرم۔ بڑا مہربان۔

دَیاوان۔ عنایت فرما۔ کرمفرما۔ مہربان۔

دَیاشیل۔ صاحب رحم و کرم۔ مہربان شفیق۔

دَیال۔ } مہربان۔ رحیم۔ کریم۔ شفیق۔ فیاض۔ سخی۔
دَیالو۔ }

دَیاتما۔ جس کی طبیعت میں رحم ہو۔ مہربان۔

دَیامئے۔ صاحب رحم و کرم۔ یکے از اسمائے خداوند تعالیٰ۔

دَیاندھان۔ مخزن عنایت۔

دَیاندھی۔ مخزن لطف۔ بڑا مہربان۔

دَیاوان۔ } صاحب رحم و کرم۔ دیالو۔
دَیاوَنت۔ }

دَیاوِیر۔ وہ جو دوسروں کی تکلیف دور کرنے کے لئے اپنی جان تک دینے میں دریغ نہ کرے۔

دَیایُت۔ صاحب رحم و کرم۔ دیالو۔

دیوی۔ (دیوی) دیوتا کی زوجہ۔ درگا۔ بھوانی۔ راجہ کی پٹ رانی۔ زن نیک خصال۔

دیوی پُران۔ (دیوی پُران) ایک پران کا نام۔

دِیپ۔ (دوِیپ) ٹاپو۔ اقلیم۔ جزیرہ۔

دِیپ۔ } دیا۔ دیوا۔ چراغ۔ سراج۔
دِیپک۔ }

دِیپاوَلی۔ دیکھو (دیوالی)

دِیپ پاوپ۔ چراغدان۔ شمع۔

دِیپیت۔ روشن۔ منور۔ تابان۔ درخشان۔

دِیپ ترو۔ چراغوں سے بنا ہوا درخت۔

دِیپتی۔ اُجالا۔ روشنی۔ چمک۔ جھلک۔ زینت۔ ضیا۔

دِیپتیمان۔ رونقدار۔ زینت دار۔ صاحب قدرت۔

دِیپ سُت۔ کاجل۔

دِیپ شکھا۔ } چراغ کی لو۔
دِیپ کلی۔ }

دِیپک۔ دیا۔ چراغ۔ شمع۔ روشنی۔ ٹاپو۔ ایک راگ کا نام جو شام کے وقت گایا جاتا ہے۔ ایک صنعت شعری کا نام۔ چمکیلا۔ منور۔ اجواین۔

دِیپکا۔ چاندنی۔ مہتاب۔

دیپ کٹ۔ کاجل۔

دیپ کوپی۔ چراغ کی بتی

دیپ مالا۔ } چراغوں کی قطار۔ چراغان۔ دیوالی جو مشہور تیوہار ہے۔
دیپ مالکا۔

دیپ مالی۔ دیوالی جو مشہور تیوہار ہے۔

دیپن۔ روشن کرنے والا۔ بھوک بڑھانیوالی دوا۔

دیپنا۔ روشن ہونا۔ منوّر ہونا۔

دیپیہ۔ جو جلانے کے قابل ہو۔

دیپیہ مان۔ چمکتا ہوا۔ روشن۔

دیت۔ خواہش کیا گیا۔ پیارا۔ عزیز۔ خاوند۔

دیُت۔ کرن۔

دیتا۔ پیاری۔ جورو۔ زوجہ۔

دیتا دھین۔ زن مرید۔ زن پرست۔

دیُتی۔ چمک۔ رونق۔ خوبصورتی۔

دیتیہ۔ دتی زوجہ کشیپ کی اولاد۔ یعنی راچھس۔

دیتیہ گرو۔ راچھسوں کا مرشد یعنی شکراچارج۔

دیکھ۔ نظر۔ ملاقات۔

دیچھا۔ (دیکشا) بمعنی آموختن یعنے سکھانا۔ مرشد کا منتر تلقین کرنا۔ بیعت کرنا۔

دیچھت۔ (دیکشت) جس نے گرو سے منتر حاصل کیا ہو۔ جو کسی جگیہ میں مشغول ہو۔

دیچھک۔ (دیکشک) گرو۔ مرشد۔

دیدھت۔ سورج کی کرن۔ روشنی آفتاب۔

دے دیپیہ مان۔ چکیلا۔ رونقدار۔

دیرن۔ پھٹا ہوا۔

دیرگھ۔ لمبا۔ دراز۔ طویل۔ بڑا۔ اونچا۔ سال کا درخت۔

دیرگھایش۔ بڑی عمر والا۔

دیرگھ آیو۔ جسکی عمر دراز ہو۔ مجازاً کوا۔ زاغ۔ ایک رشی کا نام

دیرگھتا۔ لمبائی۔ درازی۔ بڑائی۔

دیرگھ جنگھا۔ مجازاً اونٹ۔ سارس۔

دیرگھ جیوی۔ طویل العمر۔

دیرگھ درشتا۔ پیش بینی۔ دور اندیشی۔ عقلمندی۔

دیرگھ درشی۔ دوربین۔ دور اندیش۔ مجازاً عاقل۔

دیرگھ درشی۔ دور اندیش۔ پیش بین۔

دیرگھ سوتری۔ ڈھیلا۔ سست۔ کاہل۔

دیرگھکا۔ باولی۔ چاہ۔

دیرگھ کال۔ زمانۂ دراز۔

دیرگھ کائے۔ طویل القامت۔

دیرگھ گریو۔ دراز گردن والا یعنی اونٹ۔ شتر۔

دیرگھ ندرا۔ مجازاً موت۔ مرگ۔

دیش۔ ملک۔ دیار۔ کشور۔ ولایت۔ وطن۔ مقام۔ سمت۔ جانب۔ ایک راگ کا نام۔

دیشاٹن۔ ملک بہ ملک آوارہ گردی کرنا۔ سفر کرنا۔

دیشاچار۔ ملک کا رسم ورواج۔ ملکی دستور۔ طور طریق۔

دیشادھیپت۔ مالک ملک یعنی راجہ۔ بادشاہ۔

دیشادھی پتی۔ } دیش کا مالک۔ دیش کا راجہ۔
دیشادھیش۔

دیشانتر۔ دوسرا دیش۔ ملک غیر۔ بدیش۔

دیش بھاشا ۔ ملکی زبان ۔

دیش تیاگ ۔ ترک وطن ۔ جلا وطن ۔ ہجرت ۔

دیشج ۔ جو ملک میں پیدا ہو ۔ ملکی ۔

دیش دھرم ۔ رواج و قانون ملک ۔

دیشستھ ۔ دیش میں رہنے والا ۔ ملکی ۔

دیشک ۔ گرو ۔ مرشد ۔

دیشنی ۔ ہاتھ کی دوسری انگلی ۔

دیش ہتیشی ۔ ملک کی ترقی چاہنے والا ۔ بہی خواہ ملک ۔

دیشی ۔ / دیشیہ ۔ } متعلق بہ دیش یعنی ملکی ۔ ملک کا ہم وطن ۔

دیکشا ۔ عہد ۔ پیمان ۔ جگیہ ۔ منتر سیکھنا ۔

دیکشت ۔ جس نے جگیہ وغیرہ کو انجام دیا ہو ۔ جو جگیہ کرتا ہو جس نے مریدی اختیار کی ہو ۔ برہمنوں کا ایک فرقہ ۔

دیکشک ۔ تعین کرنے والا ۔ جگیہ کرنے والا ۔ منتر پڑھانیوالا ۔ مرشد ۔ گرو ۔

دین ۔ غریب ۔ محتاج ۔ مفلس ۔ عاجز ۔ مسکین ۔ مجبور ۔ بیقدر ۔

دین ۔ دُنیا ۔ دان ۔ دی ہوئی چیز ۔

دینار ۔ سونے کا ایک سکہ ۔ اشرفی ۔ ایک وزن ۔ واضح ہو کہ یہ لفظ سنسکرت ہے ۔

دین ناتھ ۔ غریبوں یا بھکتوں کا مالک یعنی خداوند تعالیٰ

دین بندھو ۔ / دین ناتھ ۔ } غریبوں کا مقرب ۔ عاجزوں کا مالک یعنے خداوند تعالیٰ ۔

دین وتسل ۔ غریبوں کا معین یعنی خداوند تعالیٰ ۔

دینتا ۔ محتاجی ۔ غریبی ۔ مفلسی ۔ عاجزی ۔ مسکینی ۔

دینتائی ۔ افلاس ۔ ذلت ۔

دینتوہ ۔ غریبی ۔ مفلسی ۔

دین دیال ۔ / دین دیالو ۔ } عاجز نواز ۔ غریب پرور ۔ مجازاً خداوند تعالیٰ ۔

دینک ۔ ہر دن کا ۔ ہر روز ہونیوالا ۔ روزانہ ۔ روزمرہ ۔

دینک پتر ۔ روزانہ اخبار ۔

دینک ویتن ۔ ہر روز کی مزدوری ۔

دینکی ۔ تمام دن کی مزدوری ۔

دین ۔ / دینیہ ۔ } عاجزی ۔ مسکینی ۔

دین ناتھ ۔ غریبوں کا محافظ ۔ صفت خداوند تعالیٰ ۔

دے نن دن ۔ روزانہ ہونیوالا ۔ ہر روزہ ۔

دین وتسل ۔ عاجز نواز ۔ صفت خداوند تعالیٰ ۔

دینیہ ۔ عاجزی ۔ غریبی ۔ مسکینی ۔ لاچاری ۔ بے بسی ۔

دیو ۔ دیوتا ۔ مالک ۔ برادر کلاں ۔ برادر شوہر ۔ دیور ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔ مقدس ہستی ۔ بادل ۔ ابر ۔ برہمنوں کا لقب ۔

دَیو ۔ نورانی ۔ خدائی ۔ قسمت ۔ نصیب ۔ تقدیر ۔ شادی کی ایک رسم ۔ خداوند تعالیٰ ۔

دیو ۔ دن ۔ روز ۔ آسمان ۔ بہشت ۔ آگ ۔

دیوا ۔ دینے والا ۔ دیوتا ۔ خداوند تعالیٰ ۔

دیوا ۔ دیا ۔ چراغ ۔ سراج ۔

دیوات ۔ / دیواگت ۔ } تقدیر سے ۔ قسمت سے ۔ اچانک یکایک ۔ ناگہاں ۔ اتفاق سے ۔

دیو ارادھن ۔ دیوتاؤں کی پوجا ۔

ڈیوارپن۔ دیوتاؤں کے نام پر کسی چیز کا خیرات کرنا۔

ڈیواگت۔ مصیبت ناگہانی۔ حادثہ۔

دیوالی۔ } (دیپاولی) قطار چراغاں۔ ایک مشہور عید جو
دوالی۔ } کارتک اماس کے سر مغرب لچھمی پوجا کے ساتھ
ہوتی ہے جس میں چراغاں ہوتے ہیں۔

ڈیوالیہ۔ دیو کا گھر یعنی خانۂ خدا۔ مندر۔ معبد۔ ٹھاکردوارا

ڈیوانوراگی۔ ایشور کا پریمی۔ خداپرست۔

ڈیوبانی۔ دیکھو (دانی)

ڈیوبھاشا۔ دیکھو (ڈیوبانی)

ڈیوبھون۔ خانۂ خدا یعنی دیول۔ مندر۔ جنت۔ بہشت۔

ڈیوپتھ۔ آسمان۔ بہشت۔

ڈیوپوجا۔ خداپرستی۔

ڈیوت۔ جوا جو مشہور بازی ہے۔ تیزی۔

ڈیوتا۔ یہ تین ہیں یعنی (۱) برہما۔ آفرینندہ۔ (۲) بشن۔
پرورش کنندہ۔ (۳) رودر۔ مالک روز ازل۔

ڈیوشوہ۔ وہ جائداد یا دولت جو کسی دیوتا کی پوجا وغیرہ
کے لئے وقف کر دی گئی ہو۔

ڈیوترو۔ دیکھو (کلپ ورکش)

ڈیوترنگنی۔ گنگا۔ بھاگیرتھی۔

ڈیوتک۔ چمکنے والا۔ روشنی دینے والا۔

ڈیوت کار۔ جوا کھیلنے والا۔ جواری۔

ڈیوت کریڈا۔ جوا بازی۔

ڈیوتن۔ روشن کرنا۔ ظاہر کرنا۔ شہرت دینا۔

ڈیوتوہ۔ خدائی۔ الوہیت۔

ڈیوتھان۔ وشنو کے جاگنے کا دن یعنی کارتک شکل (۱۱)

ڈیوتی۔ چمک۔ رونق۔ خوبصورتی۔ کرن۔

دیوٹ۔ چراغدان۔

ڈیوجگ۔ (ڈیگ) دیوتاؤں کا یگ یعنی زمانہ۔

ڈیوجگیہ۔ (دگیہ) ہون۔ ہوم۔

ڈیوجوگ۔ (ڈیوگ) اتفاقاً۔

ڈیوچنتا۔ قسمت پر بھروسہ کرنا۔ راضی بہ رضا۔

ڈیوچنتک۔ قسمت پر بھروسہ کرنے والا۔

ڈیوداسی۔ کسبی۔ مندروں کی رقاصہ۔

ڈیودت۔ خداداد۔

ڈیودھام۔ تیرتھوں کا مقدس مقام۔ دیوستھان۔

ڈیور۔ شوہر کا چھوٹا بھائی۔

ڈیوراج۔ اندر کا لقب۔

ڈیورانی۔ دیور کی زوجہ۔

ڈیورشی۔ بہشت میں رہنے والے رشی۔

ڈیوروپی۔ خدائی۔ ربانی۔

ڈیوستھان۔ دیوتا کے رہنے کا مقام۔ دیوالیہ۔ مندر۔

ڈیوسد۔ } خانۂ خدا۔ دیوالیہ۔
ڈیوسدن۔ }

ڈیوشوہ۔ وہ جائداد جو کارہائے دینی میں وقف کر دی گئی ہو۔

ڈیوک۔ دیوکی کے باپ سری کرشن جی کے نانا کا نام۔

دیوک۔ } متعلق بہ دیوتا۔ خدائی۔ ربانی۔
دیوی۔ }

ڈیوکاریہ۔ } دیوتاؤں کو خوش کرنے کے لئے کیا ہوا کام۔
ڈیوکرم۔ }

ڈیوکنیا۔ دیوتاؤں کی دختر۔ دیوی۔

ڈیوکھاٹ ۔ قدرتی گڑھا۔

ڈیوکی ۔ } ڈیوکا کی دختر و سو ڈیوکی زوجہ اور سری کرشن جی کی والدہ
دَیوْکی ۔ } ماجدہ کا نام۔

ڈیوکی پُتر ۔ } دیوکی کے فرزند یعنی سری کرشن۔
ڈیوکی نندن ۔ }

ڈیوکیہ ۔ متعلق بہ (ڈیو) خدا کا۔ خدائی۔

ڈیوگتی ۔ مرنے کے بعد اعلیٰ منزلت یعنی بہشت پانا۔

ڈیوگرو ۔ برہسپتی کا لقب۔

ڈیوگرہ ۔ } دیوتاؤں کا گھر یعنی مندر۔ دیوالیہ۔ بہشت۔
ڈیوبھون ۔ }

ڈیوگن ۔ دیوتاؤں کی الگ الگ جماعت۔

ڈیوگیہ ۔ } جیوتشی ۔ نجومی۔
ڈیوچنتک ۔ }

ڈیول ۔ دیوستھان۔ مندر۔ ٹھاکر دوارا۔

ڈیولوک ۔ دیوتاؤں کے رہنے کی دنیا یعنی عالم جاودانی۔

ڈیوماترک ۔ وہ ملک جہاں زراعت وغیرہ کے لئے بارش ہی کا پانی کافی ہو۔

ڈیومان ۔ زمانے کی گنتی میں دیوتاؤں کا حساب۔ واضح ہو کہ انسان کے ایک سو برس دیوتاؤں کا ایک دن مانا گیا ہے۔

ڈیومان ۔ چھیلا۔

ڈیومایا ۔ قدرت خدائی۔

ڈیومندر ۔ } خانۂ خدا یعنی وہ گھر جس میں دیوتا کی مورتی قائم ہو۔
ڈیوالیہ ۔ }

ڈیومنی ۔ ناروجی کا لقب۔

ڈیونا ۔ تعمیل۔ ترس۔ خدمت۔

ڈیوناگری ۔ دیوتاؤں کی تحریر۔ ہندوستان کی وہ تحریر جس میں سنسکرت یا ہندی ملکی زبانیں لکھی جاتی ہیں۔

ڈیونرمت ۔ خدا کی بنائی ہوئی۔ قدرتی۔

ڈیونش ۔ دن اور رات۔ شب و روز۔ لیل و نہار۔

ڈیونندا ۔ دیوتاؤں کی تحقیر۔ دہریت۔

ڈیونندک ۔ دہریہ۔ لامذہب۔

دَیوہ ۔ متعلق بہ خدا۔ قسمت۔ تقدیر۔ ثمرۂ اعمال۔ خداوند تعالیٰ

دَیوہ گتی ۔ } قسمت سے ہونیوالی بات۔ منشائے ایزدی۔ ہونہار۔
دَیوی گتی ۔ }

ڈیوہ لوک ۔ دیوتاؤں کے رہنے کا مقام۔ بہشت۔ سات لوگوں میں سے ایک۔ دیکھو (لوک)

ڈیوہ وانی ۔ (بانی) دیوتاؤں کی زبان یعنی سنسکرت۔ آواز

دَیوہ وادی ۔ قسمت پر بھروسہ کرنے والا۔ راضی بہ رضا۔

ڈیوہ وواہ ۔ (بواہ) آٹھ طرح کے بیاہوں میں سے ایک بیاہ کا نام۔

ڈیوہ یگ ۔ (جگ) دیوتاؤں کا ایک یگ جو انسان کے چار یگوں کے برابر ہوتا ہے۔

دَیوہ وش ۔ } قسمت سے۔ یکایک۔ ناگہاں۔ اتفاقاً۔
دَیوہ وشات ۔ }

ڈیوی ۔ دیوتا کی زوجہ۔ بھوانی۔

دَیوی ۔ متعلق بہ دَیو یعنی دیوتا۔ جو خداوند تعالیٰ کی جانب سے حاصل ہو۔ قسمت۔ تقدیر۔

ڈیویان ۔ روح کے جسم سے الگ ہو کر جانے کے دو راستوں میں سے وہ راستہ جو برہم لوک کو جاتا ہے جہاں سے بازگشت نہیں ہے۔

دَیُویانی ۔ شکلاچارج کی دختر کا نام۔

دَیُویندر ۔ اندر کا لقب۔

دَیُویوگ ۔ قسمت سے۔ اتفاق سے اچانک۔

دَیُویہ ۔ قسمت ۔ مقدر۔

دَیوہ ۔ / دَیُوت ۔ / دَیُویہ ۔ } متعلق بہ دیوتا۔

دَیُوی ۔ متعلق بہ دیو۔ علوی۔

دیہہ ۔ تن ۔ جسم ۔ بدن۔ کالبد۔

دیہاتمہ بادی ۔ (دوادی) وہ شخص جو جسم سے آتما کو جدا نہ مانے اور جسم ہی کو آتما مانے جیسا کہ چارواک مت والے مانتے ہیں۔

دیہاتیت ۔ جو جسم سے الگ ہو۔ جسے جسم کا خیال یا محبت نہ ہو۔

دیہانت ۔ / دیہہ تیاگ ۔ } جسم کا خاتمہ ہوجانا یعنی مرنا۔ موت۔ مرگ۔

دیہاوسان ۔ / دیہہ پات ۔ } موت۔ مرگ۔

دیہہ تیاگ ۔ ترک بدن۔ مجازاً موت۔

دیہرا ۔ دیوتا کا مندر ۔ دیوالیہ ۔ دیول۔

دیہک ۔ متعلق بہ دیہہ یعنی جسم کی جسمانی۔

دیہلی ۔ چوکھٹ کی وہ لکڑی جو نیچے ہوتی ہے۔ دہلیز۔ آستان۔

دیہہ دھارن ۔ پیدائش۔

دیہہ دھاری ۔ / دیہہ بھرت ۔ } حال جسم یعنی۔ جیو۔ جان۔ روح۔

دیئہ مان ۔ دی ہوئی چیز۔

دیہہ ہین ۔ بے جسم۔

دیہہ یاترا ۔ موت ۔ مرگ۔

دیہی ۔ جسم دار۔ جاندار۔ روح۔ جان۔ جسم۔ بدن۔ تن

دیئیہ ۔ دینے کے قابل۔ چکانے کے لائق۔ (قرض)

ڈ

ڈ ۔ ڈر۔ شیو جی۔ آواز۔

ڈابر ۔ گول تالاب۔ ڈبرا۔ گڑھا۔ گدلا۔ میلا۔

ڈابھ ۔ جنگل۔ ایک قسم کی گھاس۔

ڈار ۔ ڈال۔ ڈالی۔ ٹہنی۔ شاخ۔ صف۔ قطار۔ سطر۔

ڈارم ۔ / ڈالم ۔ } انار۔ رمان۔

ڈاک ۔ دیو۔ خبیث۔

ڈاکنی ۔ ڈاکن۔ ڈائن۔ چڑیل۔ کنایہ ہے زبان دراز عورت سے۔

ڈاگ ۔ لمبی چال۔ قدم۔

ڈاگر ۔ رستہ۔ راہ۔ سڑک۔

ڈاگرا ۔ بانس کا بنا ہوا برتن۔ سوپ۔ غلہ افشاں۔

ڈالا ۔ بڑا ڈھیر۔ ڈھیلا۔

ڈاہ ۔ کینہ۔ بغض۔ حسد۔ رشک۔ دشمنی۔ عداوت۔ سوزش۔

ڈائین ۔ چڑیل۔ ڈاکنی۔

ڈبھ ۔ لڑائی۔ پاکھنڈی۔

ڈپھ ۔ خنجری جو ایک باجہ ہے۔

ڈرپ ۔ وحشت ناک۔ مہیب۔

ڈلوا ۔ / ڈلیا ۔ } ٹوکری۔

ڈِمْ ۔ ناٹک کا تماشا ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ قیامت ۔

ڈِمْبْ ۔ انڈا ۔ مثانہ ۔ تلی ۔ طحال ۔ رحم ۔ ہر چھوٹا جانور ۔ لوٹ ۔ بے ہتھیار کی لڑائی ۔

ڈَمْبَرْ ۔ ڈھکوسلا ۔ دھوم دھام ۔ کشادہ ۔

ڈَمْبکا ۔ شہوت پرست عورت ۔

ڈِمْبھ ۔ گھمنڈ ۔ غرور ۔ کبر ۔ بچہ ۔ طفل ۔ نادان ۔ جاہل ۔

ڈِنڈِمی ۔ ایک ساز کا نام ۔

ڈَمَرْ ۔ خوف سے بھاگ جانا ۔ ہل چل ۔

ڈَمْرُو ۔ ایک قسم کی ڈگڈگی ۔

ڈِمبھ ۔ } چھوٹا بچہ ۔ گھمنڈ ۔ نادان ۔
ڈِمبھک ۔ }

ڈِمبھا ۔ شیر خوار بچہ ۔ طفل ۔

ڈَنْڈْ ۔ کہنی کے اوپر کا حصہ ۔ بھجا ۔ ایک ورزش ۔ سزا ۔

ڈَنْڈا ۔ چوب ۔ عصا ۔ ترازو کا شاہین ۔

ڈَنْڈِر ۔ پانی کا جھاگ ۔ کف آب ۔

ڈِنْڈِم ۔ ڈھول ۔ ڈگڈگی ۔ ڈفلی ۔ ڈھنڈھورا ۔ منادی ۔ ایک درخت کا نام ۔

ڈَنْڈْوت ۔ دیکھو (ڈَنْڈْوت)

ڈَنْڈی ۔ ڈنڈا ۔ ترازو کا ڈنڈا ۔ لکیر ۔ وہ سنیاسی جو اپنے ہاتھ میں ڈنڈا رکھے ۔

ڈَنْڈیا ۔ عورتوں کی اوڑھنی ۔

ڈَنکا ۔ طبل ۔ نقارہ ۔

ڈَنکِنی ۔ ڈاین ۔ ڈاکن ۔ چڑیل ۔ ساحرہ ۔

ڈَنگَر ۔ موٹا آدمی ۔ نوکر ۔ بدمعاش ۔ دھوکہ باز ۔

ڈَنگَر ۔ بھوسا ۔ کھیرا ۔ ککڑی ۔ شریر ۔ غلام ۔

ڈولا یَنتر ۔ وہ آلہ جس سے طبیب عرق اتارتے ہیں ۔

ڈولنا ۔ ہلنا ۔ جھولنا ۔ آوارہ پھرنا ۔ کانپنا ۔ جگہ سے ہٹ جانا ۔

ڈَونڈی ۔ چھوٹا ڈھول ۔ ڈھنڈورا ۔ منادی ۔

ڈھابَر ۔ مٹی اور کیچڑ ملا ہوا پانی ۔ گندلا ۔

ڈھابا ۔ ندی کا اونچا کنارہ ۔ کرارہ ۔

ڈھبرا ۔ میلا ۔ گندلا ۔ کیچڑ ۔

ڈھپ ۔ ایک قسم کا بڑا ڈھول ۔

ڈھک ۔ طرف ۔ جانب ۔ سمت ۔ پاس ۔ نزدیک ۔ قریب ۔

ڈھم ڈھمی ۔ خنجری ۔ ڈفلی ۔

ڈھوٹا ۔ لڑکا ۔ طفل ۔

ڈھور ۔ گائے وغیرہ چوپایہ جانور ۔

ڈھولا ۔ لڑکا ۔ طفل ۔

ڈیٹھ ۔ نگاہ ۔ نظر ۔

ڈَین ۔ اُڑنا ۔ پرواز کرنا ۔ آسمان میں پھرنا ۔

ڈِین ۔ اُڑان ۔ پرندوں کا پرواز کرنا ۔

ڈھینڈی ۔ کرن پھول جو عورتیں کان میں پہنتی ہیں ۔

ر

رَ ۔ آگ ۔ تیز ۔ غصہ ۔ گرمی ۔ جلن ۔

رُ ۔ آواز ۔ چال ۔ قتل ۔

راب ۔ آواز ۔

راتر ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔

راتری ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔

راتری چر ۔ شب گرد ۔ چور ۔ راچھس ۔ بھوت ۔ جن ۔ محافظ ۔

رَاجَ ۔ بادشاہت ۔ سلطنت ۔ بادشاہی ۔ اختیارات شاہی ۔
معمار ۔ سنگتراش ۔ کاریگر ۔

رَاجَا ۔ (ملاوف راجہ) حاکم ۔ سردار ۔ بادشاہ ۔

رَاجَا دِھرَاجَ ۔ راجاؤں کا راجہ ۔ مہاراجہ ۔ شہنشاہ ۔

رَاجَا دِھکَارَ ۔ اختیارات شاہی ۔

رَاجَ سْتھَانْ ۔ راجاؤں کے رہنے کا مقام ۔ دارالخلافت ۔

رَاجَا گْیَا ۔ حکم شاہی ۔ فرمان بادشاہی ۔

رَاجَ بَنْشی ۔ (وَنْشی) شاہی نسل کا ۔ راجہ کے خاندان کا ۔ راجپوتوں کا
ایک فرقہ ۔

رَاجَ بھَوَنْ ۔ شاہی محل ۔

رَاجَ پُتْر ۔ }
رَاجَ کُمَارْ ۔ } راجہ کا بیٹا ۔ راجپوت ۔ چھتری ۔

رَاجَ پَتْنِی ۔ رانی ۔ بادشاہ بیگم ۔

رَاجَ پَتھ ۔ شاہراہ ۔

رَاجَ پَدْوی ۔ مرتبہ شاہی ۔

رَاجَ پُرش ۔ افسر ۔ حاکم ۔

رَاجَ پُوتْ ۔ راجا کا فرزند ۔ شاہی خاندان کا ۔ ایک چھتری قوم کا نام

رَاجِتْ ۔ زینت دیا ہوا ۔ مزین ۔

رَاجَ تِلَکْ ۔ قشقہ شاہی یعنی تاجپوشی ۔ رسم تخت نشینی ۔

رَاجَتْوَہ ۔ فن حکمرانی ۔

رَاجَ چِنْھہ ۔ علامات ونشانات شاہی ۔

رَاجَ دْرُوہ ۔ بغاوت ۔

رَاجَ دْرُوہی ۔ راجہ کا دشمن ۔ باغی ۔

رَاجَ دُلَارْ ۔ شاہزادہ ۔

رَاجَ دُلَارِی ۔ شاہزادی ۔

رَاجَ دَنْڈْ ۔ وہ سزا جو بادشاہ یا حکومت کی جانب سے ملی ہو ۔
عصا رسلطنت ۔ ٹیکس

رَاجَ دْوَارْ ۔ راجہ کے محل کا دروازہ ۔ بارگاہ سلطانی

رَاجَدْھَانی ۔ دارالسلطنت ۔ دارالخلافہ ۔ دارالحکومت ۔

رَاجَ دَھرم ۔ فرائض شاہی ۔

رَاجَ دَھن ۔ خزانہ شاہی ۔

رَاجَ رُوگْ ۔ بیماریوں کا راجہ یعنی مرض دق سِل ۔ کوڑھ ۔

رَاجَسْ ۔ جو رجوگن سے پیدا ہو ۔ رجوگن والا ۔ ہوا وہوس ۔ غرور ۔
غصہ ۔ موہ ۔ شہوت ۔ عیاشی

رَاجَ سَبھَا ۔ دربار شاہی ۔ دیوان عام

رَاجَسْتھَانْ ۔ راجپوتانہ ۔

رَاجَ سِنگھَاسَنْ ۔ (راج سِنہاسَن) تخت شاہی ۔

رَاجَسُوْیَہ جَگْ ۔ (یگ) دیکھو (راجسُویَہ)

رَاجَسِی ۔ راجگی ۔ بادشاہی ۔

رَاجَ شَاسَنْ ۔ حکم شاہی ۔ فرمان سلطانی ۔

رَاجَکْ ۔ چمکنے والا ۔ راجہ ۔

رَاجِکَا ۔ }
رَاجِی ۔ } قطار ۔ سلسلہ ۔ نالی ۔ نہر ۔ کیاری ۔ جنگل ۔ اوسر زمین ۔

رَاجَ کَتھَا ۔ تواریخ ۔ ہسٹری ۔

رَاجَ کُٹُمبْ ۔ خاندان شاہی ۔

رَاجَ کَرْ ۔ مالگزاری ۔ خراج ۔ ٹیکس ۔ لگان ۔ چنگی ۔ محصول ۔

رَاجَ کَرْتْیَہ ۔ راجہ کے متعلق کاروبار ۔ کاروبار سلطنت ۔

رَاجَ کُمَارْ ۔ }
رَاجَ کُنْوَرْ ۔ } راجہ کا بیٹا ۔ شاہزادہ ۔ ولی عہد ۔
رَاجَ کُنْدْرْ ۔ }

راج کنیا - راجہ کی بیٹی - شاہزادی۔
راج کوش - راجہ کا خزانہ - خزانۂ شاہی۔
راج کوی - ملک الشعرا۔
راج کیہ - راجہ یا راج سے تعلق رکھنے والا - سرکاری - شاہی۔
راجکیہ مہا سبھا - دربار شاہی - پارلیمنٹ۔
راج گادی۔ | راج گدی۔ } مسند یا تخت شاہی۔
راج لچھن - (لکشن) علامات و نشانات شاہی۔
راج مارگ - شاہراہ۔
راج مندر - محل شاہی - قصر بادشاہی۔
راجنا - زینت دینا - چمکنا۔
راج نیت۔ | راج نیتی۔ } فرائض بادشاہی - قوانین حکمرانی - علم سیاست۔
راجنیہ - قوم چھتری - راجپوت۔
راجواڑا - قلمرو راجگان۔
راج ودیا - علم لدنی۔
راجہ سویہ - ایک جگیہ کا نام - یہ جگیہ اُس وقت کرتے ہیں۔
جبکہ جملہ ممالک کے راجاؤں پر فتح حاصل ہوتی ہے۔
راج ہنس - (ہنس) ایک قسم کی بط جس کے پیر اور چونچ
سُرخ ہوتے ہیں۔
راجی - سلسلہ - قطار - لکیر۔
راجیا بھشیک - رسم تاجپوشی یا تخت نشینی - واضح ہو کہ رسم تخت نشینی
یا راجسوے جگیہ کے وقت راجہ کو بید منتروں اور
مقدس تیرتھوں کے پانی وغیرہ سے غسل کرایا جاتا ہے۔
راجیا ودھیکار - حکومت یا انتظام سلطنت۔

راجیا نگ - حکومت کے سات انگ (عضو) یعنی - راجہ[1] - وزیر[2]
ملک[3] - قلعہ[4] - خزانہ[5] - فوج[6] - دوست[7]۔
راجیشور - راجاؤں کا راجہ یعنی مہاراجہ - شہنشاہ - خداوند تعالیٰ۔
راج یکشما - تپ دق۔
راجیندر - راجاؤں کا راجہ یعنی مہاراجہ - شہنشاہ۔
راجیو - کنول - نیلوفر۔
راجیہ - راج - ملک - حکومت - سلطنت - بادشاہت۔
راجیہ بھرشٹ - تخت سلطنت سے اُتارا ہوا۔
راچھ - بڑھئی (نجار) وغیرہ کاریگروں کے اوزار۔
راچھس - دیکھو (راکشش)
راچھس بیاہ - (راکشش وواہ) وہ بیاہ جو لڑکی کو جبر سے لیجا کر کی جائے
راچھسی - دیکھو (راکشسی) شیطانی - عفریتی - خبیثی۔
راد - پیپ - ریم - مواد۔
رادھ - بیشاکھ کا مہینہ - دولت - پیپ - مواد۔
رادھا - بیشاکھ کی پورنما - محبت - اُودھی رتھ کی زوجہ کا نام -
سری کرشن جی کی زوجہ کا نام۔
رادھا کانت۔ | رادھا ولبھ۔ } سری کرشن جی کا لقب۔
رادھکا - ایک گوپی کا نام جو سری کرشن جی کی زوجہ تھیں۔
رادھن - سادھن۔
راڑ۔ | راڑی۔ | راڑ۔ } لڑائی - جھگڑا - دنگا - فساد۔
راش - کولاہل - شور - غل - ہلّہ۔

رَاسَبھَہ۔ گدھا۔ خر۔ حمار۔

رَاسِ چکر۔ دائرہ منطقۃ البروج یعنی وہ دائرہ جس پر آسمان کے بارہ برج ہیں۔ لگن کنڈل۔

رَاس دھَارِی۔ وہ ناچنے والے لڑکے جو سری کرشن جی اور گوپیاں بنکر نقل کرتے ہیں۔

رَاس لیلاَ۔ } وہ کھیل یا ناچ جو سری کرشن جی نے گوپیوں کو ساتھ
راس کریڈا۔ } لیکر شرت پورنما کے روز آدھی رات کیوقت کیا تھا

رَاس مَنڈل۔ سری کرشن جی کے راس کریڈا کرنے کا مقام۔

رَاسَن۔ قوت ذائقہ۔

رَاسی۔ ڈھیر۔ انبار۔ جھنڈ۔ میزان۔ گروہ۔ جماعت۔ نسب نما۔ علم نجوم میں دلو وغیرہ بارہ بروج فلکی کے نام۔ علم حساب میں ایک طرح کی تعداد۔

رَاسی چکر۔ دیکھو (راس چکر)

رَاشٹر۔ }
رَاشٹرک۔ } راج۔ دیش۔ ملک۔ اقلیم۔

رَاشی۔ دیکھو (راسی)

راکا۔ پونم۔ پورنما۔ پورا چاند۔ بدر۔ ندی۔

راکاپتی۔ }
راکیش۔ } پورن ماسی کا چاند۔

راکس۔ دیکھو (راکشس)

رَاکشس۔ بھوت۔ جن۔ شیطان۔

رَاشٹرکوٹ۔ ایک مشہور چھتری راج بنس جو آج کل راٹھور کے نام سے مشہور ہے۔

رَاکھی۔ (راکشی) محافظ۔ ضامن۔ رنگین سوت کا وہ ڈورا جسے ہنود شراون پنچمی کے دن سری کرشن جی کے نام پر ایک دوسرے کے داہنے ہاتھ کی کلائی پر باندھتے ہیں۔

رَاگ۔ پیار۔ خواہش۔ رغبت۔ حرص۔ شوق۔ محبت۔ گیت۔ گانا۔ سُر۔ نغمہ۔ سرود۔ غُصّہ۔ عشق۔ جوش۔ دوستی۔ اخلاص۔ واضح ہو کہ راگ چھ قسم کے ہیں۔ یعنی بھیرو۔ ملار۔ سارنگ۔ ہنڈول۔ بسنت۔ دیپک۔

رَاگ رَنگ۔ گانا بجانا۔

رَاگ مَالا۔ قانون سرود۔ موسیقی کا آلہ۔

رَاگنی۔ تان۔ سُر۔ آہنگ۔ نوا۔ گیت۔ راجہ کی زوجہ یعنی رانی۔ واضح ہو چھ راگ اور چھتیس راگنیاں ہیں۔

رَاگھو۔ رگھو بنس راجہ کی اولاد یعنے سری رام چندر جی کا لقب۔

رَاگی۔ قوّال۔ مطرب۔ محبت والی عورت۔ عاشق۔ شہوتی۔

رَام۔ محیط کل۔ سری رامچندر۔ پرشرام۔ بلرام۔ دیکھو (رامچندر)

رَاما۔ خوبصورت عورت۔

رَامانج۔ ایک آچارج (پیشوائے دین) کا نام۔

رَامانندی۔ ہندو فقرا کا ایک فرقہ جو رامانند کے مت کا معتقد ہے۔ ویشنو۔

رَاماوت۔ ایک قسم کے ویشنو سادھو۔

رَام اوتار۔ وشنو کا ساتواں اوتار۔

رَامائن۔ سری رامچندر کی سوانح عمری کی کتاب کا نام۔

رَام پھل۔ ایک قسم کا شریفہ۔

رَامبھنا ۔ گائے کی آواز ۔ ڈونکارنا۔

رَامٹھی ۔ ہینگ ۔ انگوزہ۔

رَام جَنی ۔ ہندو کسبی ۔ طوائف۔

رَامچندرؔ ۔ وشنو کا ساتواں اوتار جو ترتایگ کے اواخر میں لنکا کے راجہ راون کو مارنے کے لئے ہوا۔ اجودھیا کے راجہ دشرتھ کے بڑے فرزند تھے۔ جن کا پورا حال راماین میں درج ہے۔

رَام دُوت ۔ سری رامچندر جی کے سفیر یعنی ہنومان۔

رَام رَام ۔ ہندوؤں کا سلام۔

رَام کلی ۔ }
رَام کیلی ۔ } ایک راگنی کا نام۔

رَام کہانی ۔ مجازاً بڑی لمبی بات ۔ طویل قصہ ۔ راماین کی کتاب۔

رَام لیلا ۔ دسہرہ کا میلہ۔

رَام نومی ۔ چیت سُدی نومی جس روز سری رام چندر کی ولادت ہوئی تھی۔

رَامنیک ۔ خوبصورتی ۔ دلکشی۔

رَانا ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔ واضح ہو کہ اودے پور کے راجہ کو خاص طور پر کہتے ہیں۔

رَاندھنیا ۔ باورچی ۔ طباخ۔

رَانی ۔ راجہ کی بیوی ۔ ملکہ۔

رَاؤ ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔ سردار ۔ امیر ۔ واضح ہو کہ عموماً جملہ ہنود میں اور خصوصاً کایستھوں میں یہ ایک لقب ہے۔ جیسے رگھوراؤ وغیرہ۔

رَاوت ۔ }
رَاؤت ۔ } مالک ۔ سردار ۔ بہادر ۔ دلیر۔

رَاوَل ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔ سردار ۔ سپاہی ۔ جوگی ۔ راجپوتوں کا ایک لقب۔

رَاولا ۔ شوروغل ۔ فساد۔

رَاوَن ۔ دوسروں کو رُلانے والا ۔ لنکا کے مشہور راجہ کا نام جسے سری رامچندر جی نے مارا تھا۔ دیکھو (راماین)۔

رَاوِی ۔ پنجاب کے ایک دریا کا نام۔

رَاہو ۔ آٹھواں ستارہ جس کا گرہن کے وقت سورج یا چاند کو لگنا قیاس کیا جاتا ہے۔

رَاہو کیتو ۔ راس ذنب۔

رَاہو گرَسْت ۔ }
رَاہو گرَاس ۔ } چاند یا سورج کا گرہن ۔ کسوف یا خسوف۔

رَاہو گرہ ۔ گرہن گہن۔

رَائی ۔ }
رَائے ۔ } راجہ ۔ بادشاہ ۔ سردار ۔ رئیس ۔ ایک خطاب ۔ جیسے (رائے بہادر)

رائے رَایَان ۔ راجاؤں کا راجہ ۔ واضح ہو کہ مغلیہ بادشاہوں کے زمانے میں یہ ایک خطاب تھا جو اکثر ہنود رئیسوں اور زمینداروں وغیرہ کو دیا جاتا تھا۔

رَبھس ۔ تیز ۔ تند ۔ خوشی ۔ خواہش ۔ پچھتاوا ۔ رنج۔

رَبی ۔ (رَوی) سورج ۔ آفتاب۔

رَبی بَار ۔ (رَوی وَار) اتوار ۔ یکشنبہ۔

رِپو ۔ دشمن ۔ عدو۔

رِپوتا ۔ دشمنی ۔ عداوت۔

رِپوسُودَن ۔ عدو کشن ۔ سری رام چندر جی کے تیسرے بھائی کا لقب۔

رُوپَیہ ۔ (از رُوپ یعنی سیم) روپیہ۔

رَتْ ۔ } مشغول ہونا۔ مصروف رہنا۔ کام میں لگا رہنا۔ صحبت
رَتی ۔ } مباشرت۔

رَتْ ۔ (مخفف رات) شب لیل ۔

رِتْ ۔ طور ۔ طرز ۔ طریقہ ۔

رُتْ ۔ پرندوں کی آواز ۔

رُتُ ۔ } موسم ۔ فصل ۔ ہنگام ۔ روشنی ۔ عورتوں کا ناپاک ہونا۔
رُتو ۔ } واضح ہو کہ موسم چھ ہیں ۔ یعنی (بسنت) چیت اور بیساکھ ۔ (گریشم) جیٹھ اور آساڑھ ۔ (ورشا) ساون اور بھادون ۔ (شرد) کنوار اور کارتک (ہیم) اگھن اور پوس ۔ (ششر) ماگھ اور پھاگن ۔

رُتُ تالی ۔ کٹنی ۔ دلالہ ۔

رُتُ راج ۔ تمام موسموں کا بادشاہ یعنی موسم بسنت (بہار)

رُتُ متی ۔ حیض والی عورت ۔

رَتْن ۔ بہت قیمتی پتھر یعنے جواہر ۔ مجازاً آنکھ کی پتلی ۔ واضح ہو کہ یہ تعداد میں نو ہیں ۔ (۱) الماس ۔ (۲) زمرد ۔ (۳) نیلم ۔ (۴) یاقوت ۔ (۵) لہسنیہ ۔ (۶) پکھراج ۔ (۷) گومیدک ۔ (۸) موتی ۔ (۹) مونگا ۔

رَتنا کار ۔ } معدن جواہر یعنے سمندر ۔ دریا ۔ بحر ۔
رَتنا کر ۔ }

رَتن سو ۔ زمین ۔ دھرتی ۔

رَتنا ولی ۔ جواہرات کا مالا (ہار) ۔ ایک ناٹک کا نام ۔

رَتن جٹت ۔ رتنوں سے جڑا ہوا ۔ جواہر نگار ۔ مرصع کار ۔

رَتن کندل ۔ مونگا ۔ مرجان ۔

رَتن گربھ ۔ زمین ۔ سمندر ۔ خداوند تعالیٰ ۔

رَتن گربھا ۔ دنیا ۔ عالم ۔

رَتن مالا ۔ جواہرات کا مالا ۔

رُتوج ۔ یگیہ کرنے والا ۔ پروہت ۔

رُتوک ۔ یگ کرانیوالا پروہت ۔

رُتو کال ۔ حمل ٹھہرنے کا وقت ۔

رَتھ ۔ ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی ۔ گردون ۔ ارابہ ۔

رَتھانگ ۔ گاڑی کا پہیا ۔ چاک ۔ چکوا پرندہ ۔

رَتھ سپتمی ۔ ماگھ شکل سپتمی ۔

رَتھ کار ۔ رتھ ساز ۔ بڑھئی ۔ نجار ۔ واضح ہو کہ چھتری مرد اور ویشیہ عورت سے جو اولاد ہو اُسے (ماہشیہ) کہتے ہیں ۔ اور ویشیہ مرد اور شودر عورت سے جو اولاد ہو اُسے (کرن) کہتے ہیں ۔ اس طرح کے (ماہشیہ) مرد اور (کرن) عورت سے جو اولاد ہو اُسے (رتھ کار) کہتے ہیں ۔

رَتھ وان ۔ } رتھ بان ۔
رَتھ واہک ۔ }

رَتھی ۔ } رتھ کا مالک ۔ رتھ پر چڑھنے والا ۔ رتھ پر چڑھکر
رَتھک ۔ } لڑنیوالا ۔ جنازہ ۔

رَتھیا ۔ گلی ۔ کوچہ ۔

رَتی ۔ پیار ۔ محبت ۔ خوشی ۔ عیش ۔ عشق ۔ مجامعت ۔ مباشرت ۔ وصل ۔ کام دیو کی بیوی کا نام ۔

رُتے ۔ بنا ۔ بغیر ۔ بدون ۔ واسطے ۔ چھوڑ کے ۔

رتی کریا ۔ / رتی کیلی ۔ } مجامعت ۔ مباشرت ۔

رتی ونت ۔ مجازاً خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔

رٹ ۔ / رٹن ۔ } کسی لفظ کو بار بار کہنا ۔ دُہرانا ۔ یاد کرنا ۔

رٹت ۔ رٹا ہوا ۔ یاد کیا ہوا ۔

رٹنا ۔ بولنا ۔ کہنا ۔ دہرانا ۔ بار بار بولنا ۔

رُٹھ ۔ غصہ ۔ عتاب ۔

رج ۔ / رجس ۔ } دھول ۔ گرد ۔ غبار ۔ بالو ۔ ریت ۔ خاک ۔ پھولوں کے اندر کا خوشبودار سفوف یعنی زیرہ ۔ بے نمازی ۔ خون حیض ۔

رجّ ۔ ریسمان ۔ گانٹھ ۔ گرہ ۔

رُج ۔ / رُجا ۔ } روگ ۔ مرض ۔ بیماری ۔ تکلیف ۔

رجپوت ۔ (راج پتر) راجپوت ۔ بہادر ۔ سپاہی ۔

رجت ۔ چاندی ۔ نقرہ ۔ سفید رنگ ۔ ایک ستارہ ۔ ہاتھی دانت ۔ عاج ۔ ہار ۔

رجس ۔ گرد ۔ خاک ۔ پھول کے اندر کا سفوف ۔ مادہ تولید زن ۔

رجسلا ۔ / رجسولا ۔ } وہ عورت جو ناپاک ہو حیض والی عورت ۔

رجک ۔ دھوبی ۔ گازر ۔ قصار ۔

رجکی ۔ دھوبن ۔

رجن ۔ عشق آفریں ۔ رنگنا ۔ رنگ سازی ۔

رجنی ۔ رات ۔ شب لیل ۔ ہلدی ۔ زرد چوب ۔

رجنی جل ۔ رات کا پانی یعنی اوس ۔ کہار ۔

رجنی چر ۔ شب گرد ۔ چور ۔ ڈاکو ۔ سنتری ۔ کوتوال ۔ راچھس ۔ بھوت ۔ شیطان ۔ خبیث ۔

رجنی کر ۔ چاند ۔ ماہ ۔ قمر ۔

رجنی مکھ ۔ تیرِ مغرب ۔

رجّو ۔ رسی ۔ ریسمان ۔ ڈوری ۔ تاگا ۔ رشتہ ۔

رُجو ۔ سیدھا ۔ راست ۔ ایماندار ۔

رجواڑہ ۔ وہ ملک جہاں دیسی رؤسا کی حکومت ہو ۔

رجوگراہی ۔ ہوا ۔ باد ۔

رجوگن ۔ منجملہ خصائل ثلاثہ یعنی ستوگن [1] ۔ رج [2] ۔ تم [3] دوسری خصلت جس سے موہ ۔ کرودھ ۔ پیار ۔ اہنکار وغیرہ پیدا ہوتے ہیں ۔

رجونتی ۔ / رجوتی ۔ } زن حائضہ ۔

رُچ ۔ / رُچ ۔ } خواہش ۔ رغبت ۔ تمنا ۔ آرزو ۔ چاہ ۔ منشا ۔ شوق ۔ ذائقہ ۔ اشتہا ۔ لذت ۔ چاشنی ۔ مزہ ۔ کھانے کی خواہش ۔ چمک ۔ زینت ۔ پیار ۔ عشق ۔

رِچا ۔ رگ وید کی ایک خاص بعید الفہم عبادت ۔ وید کے منتر یا دعائیں ۔

رُچا ۔ خواہش ۔ چمک ۔ تیزی ۔

رچت ۔ بنایا ہوا ۔ سجایا ہوا ۔ پیدا کیا ہوا ۔ تصنیف کیا ہوا ۔

رُچر ۔ خوبصورت ۔ دلکش ۔ اچھا بھلا ۔ میٹھا ۔ ذائقہ دار ۔

رچک ۔ بنانیوالا ۔ تصنیف کرنیوالا ۔ مصنف ۔

رُچک ۔ خوش ۔ بشاش ۔ مالا ۔ سجی کھار ۔ ہینگ ۔ کالا نمک ۔ کبوتر ۔

رُچکاری ۔ ذائقہ دار ۔ ملذذ ۔

رَچَن ۔ بنانا ۔ صنعت کرنا ۔

رَچَانَا ۔ کرنا ۔ بنانا ۔ شادی وغیرہ نیک کام شروع کرنا ۔

رَچْنَا ۔ بنانا ۔ ترتیب دینا ۔ نئی بات نکالنا ۔ پیدا کرنا ۔ ایجاد کرنا ۔ تصنیف کرنا ۔ آراستہ کرنا ۔ ترتیب ۔ انتظام ۔ بناوٹ ۔ سجاوٹ ۔ عمارت ۔ تیاری ۔ کاریگری ۔ تصنیف صناعی ۔

رَچْنَا ۔ ترتیب ۔ انتظام ۔ کاریگری ۔ بناوٹ ۔ تصنیف ۔ بنائی ہوئی چیز ۔

رُچْنَا ۔ اچھا لگنا ۔ پسند آنا ۔ بھانا ۔

رَچھ ۔ (رَکش) } رکھوالا ۔ حفاظت کرنے والا ۔ حفاظت ۔ رکھوالی ۔
رَچھَّن ۔ (رَکشَن) } لاکھ جو مشہور چیز ہے ۔

رَچھَا ۔ (رَکشَا) حفاظت ۔ حمایت ۔ تائید ۔ نگہبانی ۔ سہارا ۔ دستگیری ۔ تعویذ ۔ راکھی ۔

رَچھَابَندھَن ۔ (رَکشَا) ہندوؤں کا ایک تیوہار جو شراون شکل (۱۵) کو ہوتا ہے ۔ اِس دن اپنی برادری کے لوگوں کے دہنے ہاتھ کی کلائی پر طرح طرح کے گنڈے جن کو راکھی کہتے ہیں باندھتے ہیں ۔

رَچھَاگُرہ ۔ (رَکشَاگُرہ) زچگی خانہ ۔

رَچھِت ۔ (رَکشِت) حفاظت کیا ہوا ۔ پرورش کیا گیا ۔

رَچھَک ۔ (رَکشَک) حفاظت کرنے والا ۔ پرورش کرنے والا ۔ نجات دینے والا ۔ خالق مطلق ۔

رَچھِکَا ۔ (رَکشِکَا) } حفاظت ۔
رَچھِتَا ۔ (رَکشِتَا) }

رَچھَنِیَان ۔ (رَکشِیَان) جس کی حفاظت کی جاسکے ۔ جس کی حفاظت کی جارہی ہو ۔

رَچھَّن ۔ (رَکشَن) حفاظت ۔ نگہبانی ۔

رَچھَنَا ۔ (رَکشَنَا) پالنا ۔ پرورش کرنا ۔ بچانا ۔ حفاظت کرنا ۔

رَچھِی ۔ (رَکشی) بچانے والا ۔ حفاظت کرنے والا ۔ سنتری ۔

رُچی ۔ ذائقہ ۔ خواہش ۔ پسند ۔ چاہ ۔ محبت ۔ خوبصورتی ۔ حسن ۔ کرن ۔

رَچَیِتَا ۔ بنانے والا ۔ مصنّف ۔ موجد ۔

رُچی کَر ۔ ذائقہ دار ۔ دلپسند ۔

رُچِیَہ ۔ } ذائقہ دار ۔ بامزہ ۔ میٹھا ۔ خوبصورت ۔ دلربا ۔ پسندیدہ ۔
رُچِشْیَہ ۔ }

رَد ۔ دانت ۔ دندان ۔

رَدپَٹ ۔ دُرِ دندان یعنی ہونٹ ۔ لب ۔

رَدچھَد ۔ } پردۂ دندان یعنی ہونٹ ۔ لب ۔
رَدَن چھَد ۔ }

رُدْر ۔ غصہ ور ۔ فانی ۔ شیوجی کا لقب ۔

رُدْرَاکش ۔ ایک درخت کا نام جس کے دانوں سے تسبیح بناتے ہیں ۔

رُدْرَانی ۔ پاربتی ۔ دُرگا ۔

رُدر بھُو ۔ مُردوں کو جلانے کا مقام ۔ مرگھٹ ۔

رُدرکالی ۔ دُرگا کا لقب ۔

رُدَن ۔ رونا ۔ گریہ وزاری کرنا ۔

رَدَن ۔ دانت ۔ دندان ۔

رَدِی ۔ مجازاً ہاتھی ۔ فیل ۔

رُدھ ۔ گھیرا ہوا ۔ رُکا ہوا ۔ اٹکا ہوا ۔ بندھا ہوا ۔

رُدھِر ۔ لہو ۔ خون ۔ دم ۔ سُرخ رنگ ۔ تیسرا گرہ ۔

رُدھِّی ۔ ترقی ۔ سرسبزی ۔ روئیدگی ۔ اقبالمندی ۔ دولت ۔ پاربتی کا لقب ۔

رُرُ ۔ ایک قسم کا ہرن ۔ راچھس ۔ سانپ ۔ نہایت ظالم ۔

رَس ۔ بہنے والی چیز ۔ عرق ۔ شیرہ ۔ عصارہ ۔ جوہر ۔ ست ۔

آواز کی لوچ ۔ چاٹ ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔ ذوق ۔

پیار ۔ میل ملاپ ۔ نظم کا ایک طریقہ ۔ واضح ہو کہ

رَس چھ طرح کے ہوتے ہیں ۔ میٹھا ۔ کھٹا ۔ کھارا ۔

کڑوا ۔ چرپرا ۔ کسیلا ۔

رِس ۔ غصہ ۔ غضب ۔ خشم ۔ عتاب ۔ ہمت ۔

رَسا ۔ زمین ۔ ارض ۔ جیبھ ۔ زبان ۔

رَساتَل ۔ دنیا کے نیچے کے سات طبقوں میں سے چھٹا

طبقہ ۔ پاتال ۔

رَسال ۔ آم کا درخت یا اُس کا پھل ۔ نیشکر ۔ یعقیس ۔

رِسانا ۔ }
رِسیانا ۔ } غصہ کرنا ۔ ناراض ہونا ۔

رَسائن ۔ کیمیا ۔ اکسیر ۔ وہ دوا جو کشتہ سیماب اور دیگر دھات

سے مرکب کی گئی ہو ۔

رَسائن تنتر ۔ اصول اکاسیر ۔

رَسائن وِدیا ۔ علم کیمیا ۔ کمسٹری ۔

رَسائینی ۔ کیمیاگر ۔

رَسِت ۔ گرج ۔ رعد ۔

رَسِندھاتُ }
رَسراج } پارا ۔ سیماب ۔ زیبق ۔

رَس رَس ۔ دھیرے دھیرے ۔ آہستہ آہستہ ۔

رَسری ۔ رسی ۔ ڈوری ۔

رَسِک ۔ رسیا ۔ ظریف مزاج ۔ زندہ دل ۔ رسیلا ۔ لذیذ ۔ دانا ۔ رازدار ۔ عاشق مزاج ۔

رَسِکا ۔ گنّے کا رس ۔ راب ۔ زبان ۔

رَسِکائی ۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ زیرکی ۔ مکاری ۔

رَسگیہ ۔ رس کا جاننے والا ۔ شاعر ۔ حکیم ۔ کیمیاگر ۔ شوہر ۔

رَسَن ۔ ذائقہ لینا ۔ چکھنا ۔ ذائقہ ۔ لذت ۔

رَسُن ۔ لہسن ۔ سیر ۔

رَسنا ۔ جیبھ ۔ زبان ۔ لسان ۔ ذائقہ ۔

رَسوپَل ۔ موتی ۔ پارس پتھر ۔

رَسوَتی ۔ مزیدار ۔ ذائقہ دار ۔ میٹھا ۔

رَسولی ۔ کھانا بنانے کی جگہ ۔ کھانا ۔ بھوجن ۔

رَسوئیا ۔ کھانا پکانے والا ۔ طباخ ۔

رَسہ گیا }
رَسہ نا } جیبھ ۔ زبان ۔ لسان ۔

رَسی ۔ لذیذ ۔ رنگیلا ۔ خوش دل ۔

رَسیا ۔ لچا ۔ عیاش ۔

رُش }
رُشا } غصہ ۔ غضب ۔ ناراضی ۔

رُشِت ۔ غصہ ور ۔ غضبناک ۔

رُشٹ ۔ روٹھا ہوا ۔ غصہ ور ۔ غضبناک ۔

رِشٹ ۔ نیک ۔ مبارک ۔ خوشی ۔ خوش قسمتی ۔

قوی ۔ مضبوط ۔ سخت ۔

رِشٹ پُشٹ ۔ موٹا تازہ ۔ تنومند ۔ ہٹا کٹا ۔

رِشٹاک ۔ ریٹھے کا درخت اور اُس کا پھل ۔

رَشمی ۔ روشنی ۔ شعاع ۔ کرن ۔ رونق ۔ باگ ۔

عنان ۔ برنی ۔

رَشنا ۔ جیبھ ۔ زبان ۔ رسی ۔ کمر پٹا ۔ کردھنی ۔

رِشی ۔ منی ۔ خدا پرست ۔ عابد ۔ مرتاض ۔ زاہد ۔

رُشی پنچمی ۔ ایک تیوہار جس روز رُشیوں کے نام پر روزہ رکھتے ہیں۔

رُشیہ مُوک ۔ ایک پہاڑ کا نام جو کِشکندھا پُری کے پاس ہے۔

رُشیش ۔ رِشیوں میں اعلیٰ۔

رُک ۔ مخیر ۔ فیاض ۔ روگ ۔ بیماری ۔ نور ۔ رونق ۔

رَکت ۔ لہو ۔ خون ۔ سُرخ رنگ ۔ تانبا ۔ رنگا ہوا ۔ خواہشمند۔

رِکت ۔ / رِکتک ۔ } خالی ۔ خلو ۔ ہتی ۔ عدم ۔ غریب ۔ مفلس۔

رَکت بیج ۔ سرخ بیج والا یعنے انار ۔ ایک راچھس کا نام۔

رَکتپ ۔ خون آشام یعنی راچھس ۔ کھٹمل ۔ مچھر ۔

رَکتپا ۔ خون پینے والا یعنی جونک ۔ زلو۔

رَکت پات ۔ خون گرنا یعنی خون کرنا ۔ کسی کو مار ڈالنا۔

رَکت چندن ۔ سرخ صندل ۔ دیسی چندن۔

رَکت چورن ۔ سیندور ۔ شنجرف۔

رَکت دھات ۔ سرخ دھات یعنی تانبا ۔ مِس۔

رَکت کند ۔ پیاز ۔ بصل ۔ گاجر ۔ مونگا۔

رَکتوپل ۔ گیرو۔

رَکتی ۔ محبت ۔ پیار۔

رَکش ۔ حفاظت ۔ رکھوالی ۔ راچھس ۔

رُکش ۔ ریچھ ۔ خرس ۔ مجموعۂ ستارگان۔

رُکش ۔ / رُوکش ۔ } سخت ۔ روکھا۔

رَکشا ۔ بچاؤ ۔ حفاظت ۔ پرورش ۔

رَکشت ۔ حفاظت کیا ہوا ۔ بچایا ہوا ۔ رکھا ہوا۔

رَکشس ۔ راچھس ۔ بھوت ۔

رِکشا ۔ ایک قسم کی چھوٹی گاڑی جسے آدمی کھینچتے ہیں۔

رَکشن ۔ حفاظت ۔ پرورش ۔ بچاؤ ۔

رَکشک ۔ حفاظت کرنے والا ۔ پالنے والا ۔ مالک۔

رُکمنی ۔ راجہ بھیم کی دختر ۔ سری کرشن جی کی زوجہ کا نام ۔ لکشمی اوتار ۔

رُکمہ ۔ سونا ۔ طلا۔

رُکھ ۔ (رُشی) ولی ۔ عابد ۔ زاہد ۔ مرتاض ۔ غصہ ۔ مُنہ ۔ شطرنج کا پیادہ ۔ اشارہ ۔ نظرعنایت۔

رُکھی ۔ (رُشی) مُنی ۔ ولی ۔ واضح ہو کہ (رُشی) وہ ہے جو خود عمل کرتے ہوئے دوسروں کو تلقین کرے (مُنی) وہ ہے جو خود عبادت پرور دگار کرتا ہے مگر دوسروں سے کوئی غرض نہ رکھے۔

رُکھیش ۔ (رُشیش) رُشی یا منیوں کا سردار۔

رُکھیشور ۔ (رُشیشور) رُشی اور منیوں کا سردار۔

رُگن ۔ بیمار ۔ مریض ۔

رُگھر ۔ بیمار ۔ مریض ۔ ٹوٹا ہوا ۔ بگڑا ہوا۔

رُگھو ۔ سورج بنسی راجہ دلیپ کے بیٹے کا نام ۔ جو سری رامچندر جی کے پردادا تھے ۔ جن کے نام پر اُن کی اولاد (راگھو) کہلائی ۔

رُگھو بنس ۔ (ونش) راجہ رگھو کا خاندان جس میں سری رامچندر پیدا ہوئے ۔ ایک کتاب کا نام۔

رِگ بید ۔ (رِگ وید) ہنود کی آسمانی چار کتابوں میں سے پہلی کتاب۔

رَگھوپتی ۔
رَگھوراج ۔
رَگھوبر ۔
} سری رامچندر جی کا لقب ۔

رگھوکل تِلک ۔
رگھوونش تِلک ۔
} راجہ وشسرتھ اور سری رامچندر جی کا لقب

رَگھوناتھ ۔
رَگھونند ۔
رَگھونندن ۔
} سری رامچندر جی کا لقب ۔

رَگھوونش ۔ راجہ رگھو کا خاندان ۔ کالی داس کی مصنفہ ایک منظوم تاریخ۔

رَلّک ۔ کمبل ۔ گلیم ۔ کملی ۔

رَم ۔ محب ۔ شوہر ۔ خوبصورت ۔ خوش کرنے والا ۔ پھرنا سیر کرنا

رَما ۔ لقب لکشمی جی کا جو وشنو کی زوجہ ہیں عورت ۔ زن ۔ جورو زوجہ ۔

رُما ۔ سگریو کی زوجہ کا نام ۔

رَماپت ۔
رَماپتی ۔
} وشنو ۔ خداوند تعالی ۔

رَمبھا ۔ زن نیک رو و خوش خو ۔ ایک اپسرا کا نام ۔ حور ۔ طوائف ۔ موز کا درخت ۔ موز ۔ پاربتی ۔

رَمت ۔ دل خوش کن ۔

رَمتا ۔ ایک جگہ جم کر نہ رہنے والا ۔ مسافر ۔ سیاح ۔

رَمتی ۔ گھومنے والا ۔ مالک ۔ شوہر

رَمٹھ ۔ ہینگ ۔ انگوزہ ۔

رَمڑ ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔ پہلا حصہ ۔ تڑکا ۔ رونق ۔

رَمس ۔ خواہش ۔ تیزی ۔ آرزو ۔

رَمک ۔ تھوڑا ۔ کم ۔ غیر عورت کیساتھ تعلق پیدا کرنیوالا ۔ زن فاحشہ کا شوہر ۔

رَمن ۔ خوش کرنیوالا ۔ پیارا ۔ خاوند ۔ شوہر ۔ عیاش ۔ کھیل تماشا ۔ مجامعت کرنا

رَمنا ۔ پھرنا ۔ گھومنا ۔ کھیلنا ۔ خوشی منانا ۔ لطف اٹھانا ۔ جماع کرنا ۔ عیاشی کرنا ۔ شکار کرنا

رَمنی ۔ خوشگوار ۔ دلفریب ۔ معشوقہ ۔ خوبرو ۔ قابل جماع ۔ جورو ۔ زوجہ ۔

رَمنیک ۔
رَمنیہ ۔
} خوبصورت ۔ دلکش ۔ دلربا ۔ مرغوب ۔ دلچسپ ۔ حسین ۔

رَمہس ۔ تیزی ۔ جلدی ۔

رَمہہ ۔ تیزی ۔ تیز رفتاری ۔

رَمیہ ۔ دلکش ۔ خوبصورت عورت ۔ رات ۔

رَن ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ حرب ۔ آواز ۔ پھرنا ۔ گشت کرنا ۔

رُن ۔ اُدھار ۔ قرض ۔ وام

رَن باس ۔ (واس) حرم سرا ۔ زنانہ محل ۔

رَن بھوم ۔
رَن بھومی ۔
} میدان جنگ ۔ نبرد گاہ ۔

رُن پتر ۔ تمسک ۔ دستاویز ۔

رَنت ۔ مارا گیا ۔ آواز کیا گیا ۔ بجایا گیا ۔ بجتا ہوا ۔ بجتی ہوئی ۔

رَنتی ۔ خوشی ۔ کھیل ۔ کود ۔ محبت ۔

رَنجت ۔ رنگا ہوا ۔ پیار کیا ہوا ۔ مسرور ۔ شاد ۔

رَنج ۔ رنگ ۔ محبت ۔ رنگنا ۔ خوش کرنا ۔ رنگ سازی ۔

رَنجک ۔ پیار کرنیوالا ۔ محبت کرنیوالا ۔ خوش کرنیوالا ۔ رنگ ۔ رنگریز ۔ نقاش ۔

رَنجن ۔ خوشی ۔ پیار ۔ رنگاوٹ ۔ نقاشی ۔ رنگنا ۔ خوش کرنا ۔ لال رنگ کرنا ۔ سرخ صندل ۔ محبت کرنیوالا ۔ خوش کرنیوالا ۔

رَنجنیہ ۔ جو رنگنے کے قابل ہو ۔ جو طبیعت کو خوش کرے ۔

رَن چھیتر ۔ (رن کشیتر) میدان جنگ ۔ رزم گاہ ۔

رُن داک ۔ قرض دینے والا ۔

رَنْدھر ۔ چھید ۔ سوراخ ۔ رخنہ ۔ روزن ۔ شگاف ۔ عیب ۔ نقص ۔ غلطی ۔

رَنْدھیر ۔ مرد میدان جنگ ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر ۔

رَنْڈا ۔ وہ عورت جسکا شوہر مرگیا ہو ۔

رَنْڈ ۔ چالاک ۔ بیچین ۔

رُنْڈ ۔ درخت کا پیڑ ۔ تنہ درخت ۔ بغیر ہاتھ پیر کا جسم ۔ دھڑ ۔

رَنْڈا ۔ رانڈ ۔ بیوہ ۔

رَنْڈاپا ۔ بیوہ پن ۔ بیوگی ۔

رَن رَنگ ۔ میدان جنگ ۔ بزدگاہ ۔

رَنک ۔ غریب ۔ کنگال ۔ مفلس ۔ کمینہ ۔ ذلیل ۔ بخیل ۔

رَن کھن ۔ پھسلنا ۔ لڑکھڑانا ۔ ہلنا ۔ ڈولنا ۔

رَنگ ۔ رنگ ۔ لون ۔ فرقہ ۔ قوم ۔ کھیل ۔ رقص و سرود ۔
نشہ عشق ۔ خوشی ۔ آنند ۔ ڈول ۔ طریقہ ۔ طور ۔ ڈھب ۔
رانگا ۔ ارزیز ۔

رَنگ بھنگ ۔ وہ رنج جو عین خوشی کے وقت واقع ہو ۔

رَنگ بھوم ۔ } رقص و سرود کا مقام ۔ ناچ گھر ۔ تماشا گاہ ۔
رَنگ بھومی ۔ } اکھاڑا ۔ میدان جنگ ۔

رَنگ رَس ۔ آنند ۔ خوشی ۔ بشاشت ۔ آرام ۔ چین ۔

رَنگ رُوپ ۔ رنگ ڈھنگ ۔

رَنگ کشیتر ۔ مقام رقص کسی تقریب خوشی کے لئے
سجایا ہوا مقام ۔

رَنَن ۔ بجنا ۔ آواز کرنا ۔

رَنْواس ۔ } رانیوں کے رہنے کا محل ۔ زنانہ خانہ ۔
رَنی واس ۔ }

رُنی ۔ } قرضدار ۔ دیندار ۔ مقروض ۔ مدیون ۔ احسانمند ۔ شکر گزار ۔
رُنیا ۔ }

رَو ۔ آہٹ ۔ آواز ۔ شہرت ۔ شور ۔

رُوپ ۔ شکل ۔ چہرہ ۔ مُنہ ۔ رو ۔ سوانگ ۔ صورت ۔ شبیہہ ۔
زینت ۔ شباہت ۔ وضع ۔ ڈول ۔ ڈھنگ ۔ ڈھب ۔
رونق ۔ تصویر ۔ طرز ۔ طریقہ ۔ انداز ۔ طور ۔ طرح ۔ چال
خصلت ۔ علامت ۔ چاندی ۔ فرع ۔

رُوپ ۔ ٹھیراؤ ۔ عقل کو پلٹانا ۔

رُوپا ۔ چاندی ۔ سیم ۔ نقرہ ۔ واضح ہو کہ اسی سے (روپیہ) بنا ہے ۔

رُوپتا ۔ خوبصورتی ۔

رُوپ دھاری ۔ بھیس بدلا ہوا ۔

رُوپ راسی ۔ مخزن جمال یعنی نہایت خوبصورت ۔

رُوپ رَس ۔ چاندی کا کشتہ ۔

رُوپ ساگر ۔ دریائے حسن یعنی نہایت خوبصورت ۔

رُوپک ۔ مورت ۔ صورت ۔ ناٹک ۔ ایک صنعت شعری کا

رُوپن ۔ درخت لگانا ۔

رُوپن ۔ عیب لگانا ۔ یقین کرنا ۔ امتحان کرنا ۔

رَوپنا ۔ بونا ۔ جمانا ۔ اُگانا ۔

رُوپ ندھان ۔ معدن حسن یعنی بہت خوبصورت ۔

رُوپوان ۔ خوبصورت ۔ (مرد)

رُوپوتی ۔ خوبصورت (عورت)

رُوپونت ۔ خوبصورت حسین جمیل ۔

رُوپی ۔ خوبصورت شکیل ۔ موافق ۔ مماثل ۔ برابر ۔ طرح ۔

رُوپیہ ۔ چاندی ۔ سیم ۔ نقرہ ۔

رَوتائی ۔ بہادری ۔ جوانمردی ۔

رُوچِس ۔ چمک ۔ رونق ۔ روشنی ۔

رُوچک ۔ خواہش پیدا کرنے والا ۔ ذائقہ دار ۔ دلکش ۔ عجیب ۔

مقوی معدہ۔ ہاضم۔ دست آور۔ دارو ئے مشتہی۔ موز

رُوچَن۔ پسند۔ مرغوب۔ ذائقہ دار۔

رُوچاں۔ چمکتا ہوا۔ زینت دیا ہوا۔ گھوڑے کی گردن پر کی ایک بھونری۔

رُوچنی۔ کنکم جس سے ماتھے پر ٹیکا لگاتے ہیں۔

رُوچی۔ / رُوچِس۔ } کرن۔ چمک۔

رُوچِنِیہ۔ مرغوب۔ مطبوع۔ پسندیدہ۔

رُووا۔ تانت۔

رُودْر۔ ڈراؤنا۔ خوفناک۔ غُصّہ۔ غضب۔ دھوپ۔ مہادیوجی کا لقب۔

رُودَن۔ / رُدَن۔ } رونا۔ گریہ کرنا۔ زاری۔ بُکا۔

رُودھ۔ رکاوٹ۔ کنارۂ دریا۔ ساحل۔

رُودھا۔ روکنے والا۔

رُودھک۔ روکنے والا۔

رُودھن۔ روک۔ رکاوٹ۔ دباؤ۔

رُوڈھ۔ چڑھا ہوا۔ پیدا شدہ۔ جنم لیا ہوا۔ مشہور۔ متحرک۔

رُوڈھی۔ چڑھائی۔ چڑھاؤ۔ بڑھتی۔ اُبھار۔ اُٹھان۔ پیدائش۔ پیدا ہونا۔ شہرت۔ چال۔ طریقہ۔ بچار۔ یقین۔ وہ لفظ جو کسی اور سے بنا نہ ہو اور اس کے معنی اسی لفظ سے ظاہر ہوں۔ جیسے دیت پھلا، وغیرہ۔

رُوْر۔ رَولا۔ آواز۔ شور۔ غُل۔ غوغا۔ شہرت۔ ناموری۔

رُوْرُو۔ ہیبت ناک۔ مخوف۔ ایک دوزخ کا نام۔

رُوری۔ حسین۔ خوبصورت۔

رُوڑھ۔ چڑھا ہوا۔ پیدا شدہ۔ مشہور۔

رُوش۔ غُصّہ۔ غضب۔ خشم۔ عتاب۔

رُوشت۔ غُصّہ ور۔ ناراض۔

رُوشی۔ غُصّہ ور۔ غضب ناک۔

رُوک۔ / رُوکڈ۔ } نقد رقم۔ خزانہ۔

رُوکڈیا۔ خزانچی۔

رُوکن۔ روک۔

رُوکھ۔ (دُورکش) درخت۔ شجر۔

رُوگ۔ بیماری۔ مرض۔ درد۔ علت۔

رُوگ گرست۔ بیمار۔ مریض۔

رُوگی۔ / رُوگیا۔ } بیمار۔ مریض۔

رَوْلا۔ دھوم دھام۔ ہُلّڑ۔ بکھیڑا۔ غل۔ شور۔

رُولمب۔ بھونرا۔ زنبور الاسود۔

رُوم۔ / رُومہ۔ } جسم کے باریک بال۔ رواں۔ اون۔

رُومانچ۔ خوشی کی وجہ رونگٹے کھڑے ہوجانا۔ پھُرپھُری۔ قشعریرہ

رُومانچت۔ جس کے رونگٹے خوشی یا ڈر کی وجہ کھڑے ہوگئے ہوں۔

رُوماوَلی۔ بالوں کی قطار۔ جو ناف سے اوپر کی جانب ہوتی ہے۔

رُوم پاٹ۔ کمل۔ دوشالہ۔ پشمینہ۔

رُوم رُوم۔ بال بال۔

رُومش۔ / رُومونت۔ } بالدار۔ اونی۔ پشمی

رُوم کُوپ ۔ بالوں کی جڑ یا سوراخ ۔ مسام ۔

رُوم کیشر ۔ چنور ۔ مگسران

رُومنتھہ ۔ جگالی ۔ نشخوار ۔

رُوم ہرشن ۔ }
رُومانچ ۔ } رونگٹے کھڑے ہونا ۔ قشعریرہ ۔

رَوَن ۔ مالک ۔ شوہر ۔ عاشق

رُوہ ۔ چڑھنا ۔ اوپر جانا ۔ چڑھائی ۔ کلی ۔ غنچہ ۔ شگوفہ ۔

رُوہت ۔ لال رنگ کا ۔ لہو ۔ خون ۔ کنگم ۔ سورج ۔ آفتاب ۔

رَوہن ۔ صندل ۔

رُوہن ۔ چڑھنا ۔ چڑھائی ۔ ترقی ۔ اُگنا ۔ درخت ۔

رُوہنی ۔ گائے ۔ بجلی ۔ نو سال کی ناکتخدا لڑکی ۔ ستائیس[۲۷] نچھتروں میں سے چوتھا نچھتر ۔ دبران ۔ وسو دیو جی کی زوجہ ۔ بلدیو جی کی والدہ کا نام ۔

رُوہی ۔ مجازاً درخت ۔ بیج ۔ تخم ۔

رَوی ۔ سورج ۔ آگ ۔ مدار کا درخت ۔

رَوی پُتر ۔ کرن ۔ سگریو ۔

رَوی تَنَیا ۔ }
رَوی نَندنی ۔ } جمنا ندی کا نام ۔

رَوی کر ۔ سورج کے کرن

رَوی منڈل ۔ کرہ شمس ۔

رَوی وار ۔ اتوار ۔ یکشنبہ ۔ یوم الاحد ۔

رَہت ۔ محروم کیا گیا ۔ ترک کیا گیا ۔ چھوڑا گیا ۔ خالی ۔ مُعرّا ۔ جدا ۔ الگ ۔ پاک ۔ دور ۔ بنا ۔ بلا ۔ بغیر ۔ ترک ۔ لا ۔ بے ۔ بن ۔ سوا ۔ پرے ۔ علیحدہ ۔ خارج ۔ نفی ۔ انکار ۔

رَہَس ۔ کھیل کود ۔ مسخرگی ۔ خوشی ۔ جماع ۔ ظرافت ۔ راز ۔ مخفی ۔ خفیہ ۔ پوشیدہ ۔ خلوت ۔ تنہائی ۔ ایک قسم کا خاص ناچ جس میں سری کرشن جی اور گوپیوں کی نقل کیجاتی ہے ۔

رَہسی ۔ تنہائی میں ۔ خلوت میں ۔ راز میں ۔

رَہسو ۔ بدچلن عورت ۔

رَہسیہ ۔ تنہائی ۔ مخفی ۔ بھید ۔ راز ۔

رَہن ۔ }
رَہنی ۔ } چال چلن ۔ طریقہ ۔

رَے ۔ جلدی ۔ تیزی ۔ سیلاب ۔ ہمت ۔

رِیپ ۔ لعنت کیا گیا ۔ کمینہ ۔ ظالم ۔

رِیت ۔ حال ۔ خصلت ۔ رواج ۔ طریقہ ۔ طور ۔ راہ و رسم ۔ عادت ۔ طرح ۔ طرز ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ ضابطہ ۔ روش ۔ طریق ۔ رفتار ۔ طینت ۔ سرشت ۔ خو ۔ رسم خاندان ۔ رواجِ ملک ۔

رُیت ۔ آب منی ۔ تخم ۔ نطفہ ۔ نسل ۔ پارہ ۔ سیماب ۔

رِیتا ۔ ریت ۔ بالو ۔ دھول ۔

رُیتس ۔ آب منی ۔ نطفہ ۔ پارہ ۔ سیماب ۔

رُیتن ۔ }
رُیتہ ۔ } تخم ۔ آب منی ۔

ریتی ۔ دیکھو (ریت)

ریجھنا ۔ خوش ہونا ۔ پیار کرنا ۔

رُیچت ۔ گھوڑوں کی ایک چال ۔ ناچتے وقت ہاتھ ہلانے کا ایک ڈھنگ ۔

ریچک ۔ دست آور ۔ جلاب ۔

ریچن ۔ جلاب دینا ۔ مسہل ۔

ریس ۔ غصہ ۔ غضب ۔

ریشن ۔ گھوڑوں کا ہنہنانا ۔ شیر کا غرانا ۔

ریکھ ۔ / ریکھا ۔ } تحریر ۔ لکیر ۔ نشان ۔ علامت ۔ خط ۔ قسمت ۔ سرنوشت ۔

ریکھا گنت ۔ اقلیدس ۔

رین ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔ غم و اندوہ ۔

ریو ۔ دھول ۔ گرد ۔ غبار ۔ بالو ۔ ریت ۔ ذرہ ۔ سفوف ۔

ریندھنا ۔ پکانا ۔

ریوکا ۔ بالو ۔ خوشبودار چیز ۔ جم دگنی رشی کی زوجہ ۔ پرسرام جی کی والدہ کا نام ۔

رینی ۔ رات ۔ شب ۔ لیل ۔

ریوا ۔ دریائے نربدا کا نام ۔

ریوتی ۔ قمر کا (۲۷) واں نچھتر ۔ ریوت نامی راجہ کی بیٹی بلدیو جی کی زوجہ کا نام ۔

ریہہ ۔ وہ کھار جو کپڑے دھونے میں مستعمل ہے ۔

رَیَہ ۔ جلدی ۔ تیزی ۔ دھول ۔ گرد ۔ روانی آب ۔

رَیا ۔ دہی متھنے کی متھانی ۔ بلونی ۔

س

س ۔ ہندی حروف تہجی کا (۳۵) واں حرف ۔

سُ ۔ / سُو ۔ } نیک ۔ عمدہ ۔ اچھا ۔ بھلا ۔ اعلیٰ ۔ بہت ۔ خوبصورت ۔ اچھی طرح سے ۔ آرام سے ۔ خوبصورتی سے سہج میں بے محنت کبھی کبھی ۔ عزت ۔ دولت ۔

سا ۔ برابر ۔ مماثل ۔ مشابہت ۔ مانند ۔

سا انگ ۔ عضو کے ساتھ ۔

ساپتنیہ ۔ سوت پن ۔ سوت کا لڑکا ۔ دشمن ۔

ساپرادھ ۔ قصوروار ۔ گنہ گار ۔

ساپھلیہ ۔ فائدہ ۔ زرخیزی ۔

ساتوک ۔ ستوگن والا یعنی سادھو خصلت والا ۔ راست باز ۔ ایماندار

ساتھری ۔ پتوں کی سیج ۔ چٹائی ۔ آسنی ۔

ساتھن ۔ ساتھ والی سکھی ۔ سہیلی ۔

ساٹوپ ۔ مغرور ۔ مدمغ ۔

ساج ۔ سامان ۔ سرانجام ۔ تیاری ۔

ساجُج ۔ (سایُج) اپنے معبود میں مل جانا ۔

ساجن ۔ پیارا ۔ شوہر ۔ خاوند ۔ مالک ۔

ساچھات ۔ (ساکشات) نظر کے سامنے ۔ روبرو ۔ آگے ۔ عیاں ۔ ظاہر ۔ علانیہ ۔ صریحاً ۔ صرف ۔ خاص ۔ فقط ۔ بالیقین ۔ فی الواقع ۔ نمایاں ۔ بجنسہ ۔ ٹھیک ۔ آشکارا ۔ جوں کا توں ۔ ہو بہو ۔

ساچھی ۔ (ساکشی) گواہ ۔ شاہد ۔ گواہی ۔ شہادت ۔ دیکھنے والا ۔

ساؤ ۔ / ساؤدھ ۔ } خواہش ۔ چاہ ۔ آرزو ۔ تمنا ۔

سادَرْ۔ آدر یعنی عزت کے ساتھ۔ ادب کے ساتھ۔ دل سے۔

سادُرْشیہ۔ برابری۔ ہمسری۔ مماثل۔ مشابہت۔ نظیر۔

سادھُو۔ سادھو۔ سنت۔ جوگی۔ زاہد۔ نیک مرد۔ خواہش۔ آرزو۔ شوق۔

سادھارَنْ۔ عام طور سے۔ معمولی۔ سادہ۔ سہج سہل۔ آسان۔ برابر۔ عام۔ روزمرہ۔ درمیانی۔ عموماً۔ اتفاق۔

سادھِت۔ سادھاگیا۔ پورا کیا گیا۔

سادھُتا۔ خوبی۔ نیکی۔ نکوئی۔ ایمانداری۔ خوش اخلاقی۔ خداترسی۔

سادھُسَنْتْ۔ ارباب ریاضت وکشف۔

سادھَک۔ کوشش کرنے والا۔ مہارت کرنے والا۔ پورا کرنے والا۔ عبادت کرنے والا۔ سالک۔ زاہد۔ مددگار۔ عامل۔

سادھَن۔ کسی کام کو پورا کرنے کی کوشش۔ تردد۔ مشق۔ حکمت۔ تدبیر۔ مدد۔ ذریعہ۔ سبب۔ ترکیب عمل۔

سادھنا۔ رفتہ رفتہ کسی امر میں واقفیت حاصل کرنا۔ مداومت کرنا۔ تعلیم دینا۔ درست کرنا۔ نتیجہ پر پہونچنا۔ سیکھنا۔ عادت کرنا۔ تجربہ کرنا۔ پرستش کرنا۔ کوشش۔ عبادت۔ مشق۔ مشقت۔ مزاولت۔

سادھن چتُشٹیے۔ بیدانت کے چار قسم کے سادھن۔ یعنی (۱) بویک۔ (۲) بیراگ۔ (۳) سماوی کھٹ۔ (۴) سمپتی اور مموکشتا۔

سادھنیہ۔ کوشش کرنے کے قابل۔

سادھُو۔ وہ شخص جو شاستر کے احکام کی تعمیل یا عقبٰے کی بہبودی کی تیاری کرتا ہو۔ پارسا۔ عابد۔ خداترس۔ عارف۔

سادھوس۔ ڈر۔ خوف۔ بیم۔ گھبراہٹ۔

سادھوسادھو۔ اس کا استعمال کسی پسندیدہ کام کرنے پر کیا جاتا ہے۔ جیسے واہ واہ۔ بہت خوب۔

سادھوسَنگ۔ صحبت نیکاں۔ ہمنشینی صالحان۔

سادھوواد۔ کسی شخص کے اچھا کام کرنے پر تعریف کرنا۔

سادھوی۔ نیک چال چلن والی عورت۔

سادھیہ۔ پورا ہونے کے قابل۔ حاصل ہونے کے لائق۔ جو ہو سکے۔ آسان سہج۔ امکان۔ جس کا علاج ہو سکے۔ جو بات حاصل کی جائے۔

سانڈ۔ سانڈ بیل۔

سار۔ خلاصہ۔ نتیجہ۔ ست۔ لبّ لباب۔ حقیقت۔ عطر۔ پانی۔ رس۔ عرق۔ انتخاب۔ مغز۔ گودہ۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ اچھا۔ اصل۔ راست۔ قوت۔ طاقت۔ زور۔ حاصل کلام۔ اصل مطلب۔ مول۔ قیمت۔ لوہا۔ کھاد۔ فائدہ۔ دولت۔

سارا۔ پورا۔ تمام۔ سب۔ کل۔ زوجہ کا بھائی یعنی سالا۔

سارانْش۔ } خلاصہ۔ اختصار۔ ایجاز۔ نتیجہ۔ نچوڑ۔ مطلب۔
سارامش۔ }

سارتھک۔ بامعنی۔ نتیجہ خیز۔ موضوع۔ مہیا۔ بارور۔

مفید۔ دولتمند۔
سارتھی۔ رتھبان۔ بہلبان۔ گاڑی بان۔
سارداؔ۔ سرسوتی اور درگا دیبی کا لقب۔
سارؔدھم۔ ساتھ۔ ہمراہ۔
سارس۔ ایک پرند کا نام۔ ہنس۔ چاند۔ جھیل کا پانی۔
کنول۔ تالاب میں پیدا ہونے والی چیز۔
سارسن۔ عورتوں کا کرپٹہ۔ ایک قسم کا ہار۔
سارسوت۔ سرسوتی دیوی کے متعلق۔ سرسوتی ندی کے
متعلق۔ ایک ملک کا نام۔ وہاں کے باشندے۔
پنچ گوڑ کہلاتے ہیں وہ یہ ہیں۔ سارسوت۔ کنیا کبج۔
گوڑ۔ اتکل۔ میتھل۔ یہ بندھیاچل کے شمال کی
جانب رہنے والے ہیں۔ پنچ دراوڑ یہ ہیں۔ مہاراشٹر
کرناٹک۔ گورجر۔ دراوڑ۔ تیلنگ۔ یہ بندھیاچل
کے جنوب کی جانب رہنے والے ہیں۔ برہمنوں کی
ایک ذات۔
سارِکا۔ مینا۔ شارک جو مشہور طائر ہے۔
سارمیہ۔ کتا۔ سگ۔ کلب۔
سارنا۔ بنانا۔ کرنا۔ پورا کرنا۔ تیار کرنا۔
سارن۔ راون کے ایک وزیر کا نام۔ ایک بیماری۔
سارنگ۔ ایک قسم کا جانور۔ کویل۔ باز۔ شرزہ۔ مور۔
ہاتھی۔ گھوڑا۔ ہنس۔ کوا۔ ہرن۔ بھونرا۔ وشنو کی
کمان۔ مینڈک۔ ایک قسم کا سانپ۔ کبوتر۔ آفتاب۔
چاند۔ ہل۔ ستارہ۔ کنول۔ تالاب۔ روشنی۔ زیور۔
ملاح۔ کافور۔ ابر۔ آسمان۔ پارچہ۔ کاجل۔ بجلی۔
لباس۔ پھول۔ صندل۔ چراغ۔ زمین۔ بال۔ چک۔

رات۔ دن۔ سونا۔ پانی۔ موتی۔ شہد کی بڑی
مکھی۔ ایک راگ۔ پہاڑ۔ ناقوس۔ بال۔ پپیہا۔
لو۔ لڑکا۔ پستان۔ کام دیو۔ خوبصورت۔
طائر۔ زینت۔ زمین۔ عورت۔ نام ملک۔ گیدڑ۔
پیاز۔ سوراخ۔ غار۔ چھتر۔ مور کی بولی۔ مادہ
ہرن۔ ایک درخت۔

سارنگی۔ ایک باجے کا نام۔
سارو بھوم۔ کل ممالک کا بادشاہ۔ شہنشاہ۔
ساروپ۔ ہم شکل ہونا۔ پانچ طرح کی نجات میں سے
ساروپیہ۔ ایک طرح کی نجات یعنی معتقد کا اس
بھگوت کی شکل اختیار کرنا جس کی وہ پرستش
کرتا ہے۔

سارورجت۔ بےرس۔ بےمغز۔ بےحقیقت۔ بےقدر۔ بےاصل
سارولوکک۔ تمام عوالم میں پھیلا ہوا۔ تمام عالم میں مشہور
ساروبھوتک۔ جملہ جانداروں سے تعلق رکھنے والا۔
سارو بھوم۔ شہنشاہ۔
سارو کالک۔ جملہ موسموں میں موجود۔
ساری۔ ساڑی جو عورتیں پہنتی ہیں۔ دودھ کی بالائی۔
سارڈھ ستی۔ ستاروں کا وہ دور جو (۷½) سال تک رہتا
ہے۔ ادبار۔
ساشت۔ حکم۔ درستی۔
ساسو۔ شوہر یا زوجہ کی ماں یعنی ساس۔
ساشٹانگ ڈنڈوت۔ وہ سجدہ یعنی جس میں آٹھوں عضو

پیشانی ۔ ناک ۔ دونوں شانے ۔ دونوں گھٹنے ۔ دونوں
ہاتھ زمین سے لگ جائیں ۔
سَاشَن ۔ حکومت ۔ فرمانروائی ۔
سَاکا ۔ سَن ۔ سنہ ۔
سَاکَار ۔ جس کی شکل ہو ۔ صاحب جسم ۔ مجسم تشبیہ ۔
سَاکَار پَرمیشور ۔ الوہیت بشکل جسمانی ۔ خدا کا جسمانی مظہر ۔
سَاکَار اُپاسَن ۔ ایشور کی وہ پرستش جو اس کی کوئی مورتی
(خواہ کسی قسم کی ہو) بنا کر کی جائے ۔
سَاکشَات ۔ (سَاچھَات) آنکھوں کے آگے ۔ سامنے ۔ روبرو ۔
ظاہر ۔ برملا ۔ مشہور ۔ آپ ۔ خود ۔ برابر ۔
سَاکشَات کَار ۔ برملا ۔ ملاقات ۔ قوت لامسہ ۔
سَاکشِی ۔ جس نے اپنے آنکھوں سے دیکھا ہو ۔ گواہ ۔ شاہد
گواہی ۔ شاہدی ۔
سَاکشیہ ۔ گواہی ۔ شہادت ۔
سَاکَم ۔ مع ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔
سَاکھ ۔ بھرم ۔ بھروسہ ۔ اعتبار ۔ دھاک ۔ نیک نامی ۔
شہرت ۔ عزت ۔ موسم ۔ شہادت ۔ آبرو ۔ حرمت ۔
آن بان ۔ فصل ۔ موسم ۔ اناج درو کرنے کا وقت ۔
سَاکھا ۔ شاخ ۔ ٹہنی ۔ خاندان ۔ لڑائی ۔ جنگ نامہ ۔ سنہ ۔
سَاکھی ۔ (ساکشی) گواہ ۔ گواہی ۔ شاہد ۔ شاہدی ۔
سَاکھیَات ۔ صاف ۔ عیاں ۔ ظاہر ۔
سَاگ ۔ بھاجی ۔ ترکاری ۔ سبزی ۔ بقلہ ۔
سَاگ پَات ۔ ترکاریاں ۔ بقولات ۔
سَاگَر ۔ سمندر ۔ دریا ۔ بڑا تالاب ۔
سَاگَر ۔ پورا ۔ تمام ۔ کامل ۔ کل ۔ سب ۔

سَال ۔ کانٹا ۔ سوراخ ۔ جگہ ۔ گھر ۔ اسکول ۔ شغال ۔
سَالباہَن ۔ دیکھو (سَالواہَن)
سَالگرام ۔ ایک خاص قسم کا سیاہ پتھر جسے ہنود وشنو کی شکل مانتے
ہیں ۔ واضح ہو کہ یہ بیضوی شکل کا ہوتا ہے اور دریائے
نربدا اور گنڈک میں پایا جاتا ہے ۔
سَالنا ۔ چھید کرنا ۔ سوراخ کرنا ۔ برمہ لگانا ۔ پار کرنا ۔
چبھانا ۔ دکھانا ۔
سَالُو ۔ مینڈک ۔ غوک ۔
سَالواہَن ۔ ایک راجہ کا نام جس کا سمت رائج ہے ۔
سَالوک ۔ نام اُس مکتی (نجات) کا جو بھگوت کے دھام میں ہے
سَام ۔ چار بیدوں میں سے تیسرا بید جو گایا جاتا ہے ۔ میٹھی
باتیں کرنا ۔ راج نیتی کے چار طریقوں میں سے ایک طریقہ ۔
سَاماجِک ۔ متعلق بہ سماج ۔ مجلس سے تعلق رکھنے والا ۔
مجلس میں رہنے والا ۔
سَامانیا ۔ رنڈی ۔ قحبہ ۔ ڈراما کی وہ ہیروین جو فاجرہ ہو ۔
سَامانیہ ۔ معمولی ۔ عام ۔ برابری ۔
سَامانیہ گیان ۔ علم مجموعی جس میں کوئی خصوصیت نہ ہو ۔
سَام بید ۔ دیکھو (سَام وید)
سَامبھر ۔ ایک قسم کا نمک ۔
سَامپرت ۔ اس وقت ۔ اب ۔ ابھی ۔ اچھا ۔ لائق ۔
سَامپرتک ۔ اس وقت کا ۔ حال کے زمانے کا ۔
سَامپردایک ۔ کسی طریقہ خاندان پر چلنے والا ۔
سَامدرک ۔ (ودیا) ہاتھ کی لکیروں اور علامات سے

قسمت کا حال ظاہر کرنے کا علم۔ علم قیافہ۔ پامسٹری۔
سامراجیہ۔ وہ ملک جس کے ماتحت بہت سے ملک ہوں اور اس میں کسی ایک بادشاہ کی حکومت ہو۔ سلطنت۔ شہنشاہی۔
سامرتھ۔ } لیاقت۔ قابلیت۔ قوت۔ قدرت۔ طاقت۔
سامرتھیہ۔ } استعداد۔ زور۔ حیثیت۔
سامرتھی۔ صاحب قدرت۔ صاحب لیاقت۔ طاقتور۔ قادر۔ توانا۔ لائق۔
سامگری۔ اسباب۔ سامان۔ چیز۔ اثاثہ۔ اشیاء۔ برگ و ساز۔ علت تامہ۔
سامگریہ۔ ہتھیار۔ خزانہ۔
سامنت۔ بیر۔ بہادر۔ شجیع۔ دلیر۔ سردار۔ وہ راجہ جو مہاراجہ کے ماتحت ہو۔
سامو پنشد۔ ایک اُپنشد کا نام۔
سام وید۔ چار بیدوں میں سے تیسرا بید جو گایا جاتا ہے۔
سامہ یک۔ سمے پر۔ وقت پر۔ ضرورت کے وقت۔
کالی۔ سیاہ۔ اسود۔ دُرگا دیبی۔ بھوانی۔ ایک سانپ جسے سری کرشن جی نے جنگ میں شکست دی تھی۔

کالین۔ بروقت۔ برمحل۔

کام۔ چاہ۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ ارادہ۔ مقصد۔ منشائے دلی۔ ہوس۔ سکھ۔ شہوت نفسانی۔ روح حیوانی۔ کامدیو کا لقب۔

کاماتُر۔ / کامارت۔ } دیوانۂ شہوت۔ شہوت پرست۔ زناکار۔ عیاش۔

کامارتھی۔ وہ شخص (زائر) جو دریائے گنگا کا پانی گھڑوں میں بھر کر دور و دراز مقدس مقامات کو لے جائے۔

کاماری۔ مہادیوجی کا لقب۔

کامانده۔ وہ جو خواہشات نفسانی سے اندھا ہوگیا ہو۔ شہوت پرست۔

کامد۔ دلی خواہش پوری کرنے والا

کامدھین۔ / کامدھینو۔ } اندر کی گائے جس سے جو کچھ طلب کریں مہیّا کرتی ہے۔ دودھیل گائے۔

کامدیو۔ ایک دیوتا کا نام جو موکل شہوت ہے۔ خواہشات نفسانی

کامروپ۔ دلخواہ شکل بنانے والا۔ خوبصورت۔ دِلربا۔ ایک مقام جو آسام کا ایک حصہ ہے۔

کامشیہ۔ کانسا جو ایک مشہور دھاتو ہے (مثل)

کامشیہ کار۔ کسیرا۔ کسگر۔

کام شاستر۔ وہ علم یا کتاب جس میں زن و مرد کے باہمی تعشق وغیرہ کا ذکر ہو۔

کامک۔ پُرشہوت (مرد)

کامکی۔ پُرشہوت (عورت)

کام کیل۔ عاشقانہ بوس و کنار۔ مجامعت۔

کام کیلی۔ پیار۔ عیش و عشرت۔ مجامعت۔

کاملا۔ یرقان۔

کام لوک۔ عالم ملکوت۔

کام لوچنی۔ رس بھری آنکھ والی۔ (عورت)

کامن۔ عاشق مزاج عورت۔ نہایت خوبصورت عورت۔ ہنس مکھی۔

کامنا۔ چاہ۔ خواہش۔ منشا۔ آرزو۔ تمنّا۔ ارادہ۔ رغبت۔

کامنی۔ (کامن) نہایت حسین عورت۔ پیاری عورت۔

کامود۔ / کامودا۔ } ایک راگنی کا نام۔

کَامَہ ۔ حواس کا اپنے اپنے خواہشات پورے کرنا خواہش۔
کَامِیؔ ۔ } پُر شہوت ۔ زانی ۔ حریص ۔ عیاش ۔ صاحب ہوس۔
کَامُکْ ۔ } مست ۔
کَامیشٹیؔ ۔ نتیجے کی اُمید پر کیا ہوا کرم ۔ (جگیہ)
کَامْیَہ ۔ جسکی خواہش ہو ۔ جس سے خواہش پوری ہو ۔ خوبصورت۔
کَامْیَہ کَرْم ۔ وہ کام جو بامید ثمرہ کیا گیا ہو۔
کَانْ ۔ شرم حیا ۔ عزت ۔ ادب ۔ پردہ ۔ کانا۔
کَانْپْ ۔ تھرتھراہٹ۔
کَانْتْ ۔ رونقدار ۔ پسندیدہ ۔ دلربا ۔ معشوق ۔ آشنا۔
خاوند ۔ محب ۔ مالک۔
کَانْتَاؔ ۔ پیاری ۔ معشوقہ ۔ جورو ۔ زوجہ ۔ خوبصورت
عورت ۔ رونق ۔ حسن۔
کَانْتَارْ ۔ خوفناک جنگل۔
کَانْتِیؔ ۔ رونق ۔ زینت ۔ نور ۔ تجلی ۔ چمک ۔ حسن ۔ روشنی۔
کَانْتھَا ۔ پاس ۔ نزدیک ۔ قریب۔
کَانْچُلیؔ ۔ انگیا ۔ چولی۔
کَانْچَنْ ۔ (کنچن) سونا ۔ طلا ۔ دولت۔
کَانْچھَا ۔ (کانکشا) خواہش ۔ تمنا ۔ حرص ۔ آرزو ۔ رغبت۔
کَانْچِیؔ ۔ کریتا ۔ ایک مقدس مقام کا نام۔
کَانْدَا ۔ پیاز ۔ بصل ۔ کیچڑ۔
کَانْدُو ۔ بھڑبھونجا ۔ مصری کا کونڈا۔
کَانْڈ ۔ کتاب کا حصہ ۔ باب ۔ فصل ۔ ٹکڑا ۔ تماشا ۔ کیفیت۔
بڑی ڈھال ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ وقت ۔ تیر ۔ گھوڑا۔
کَانْکشَا ۔ (کانچھا) چاہ ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ حرص ۔ آرزو ۔
رغبت ۔ شوق ۔ ارادہ منشا۔

کَانْکھ ۔ بغل ۔ آغوش۔
کَانَنْ ۔ جنگل صحرا۔
کَانہڑا ۔ ایک راگنی کا نام۔
کَانِیؔ ۔ دشمنی ۔ حسد۔
کَانِین ۔ وہ لڑکا جو بیاہ کے پہلے پیدا ہوا ہو۔
کَانْیَہ کُبج ۔ ملک قنوج ۔ کنوجیا ۔ برہمنوں کی ایک ذات۔
کَاوَڑ ۔ بہنگی۔
کَاوِیری ۔ ایک مشہور ندی کا نام۔
کَاوْیَہ ۔ شاعری ۔ عمدہ مضمون کی کتاب۔
کَاہَلْ ۔ بدن ۔ جسم ۔ کالبد۔
کَاہُو ۔ کس کو ۔ کوئی ۔ کون ۔ کچھ۔
کَاہے ۔ کیوں ۔ کس لئے۔
کَائے ۔ } تن ۔ بدن ۔ جسم ۔ کالبد ۔ شخص۔
کَایَا ۔ }
کَایَرْ ۔ بزدل ۔ نامرد ۔ ڈرپوک ۔ خائف۔
کَایَسْتھ ۔ ہنود کے ایک مشہور فرقہ کا نام ۔ جن کا پیشہ لکھنے
پڑھنے کا ہے ۔ خداوند تعالیٰ۔
کَایِکْ ۔ متعلق بہ کائے یعنی جسم کا ۔ جسمانی۔
کَائے کُلیش ۔ تکالیف جسمانی۔
کُبْ ۔ } کوبڑا ۔ کوز۔
کُوبْ ۔ }
کَبِ ۔ (کوی) شاعر۔
کَبِتْ ۔ (کوِت) شاعری۔
کَبِتَا ۔ (کوِتا) شعر ۔ نظم ۔ قطعہ۔
کَبِتَائی ۔ شاعری۔

کُبج ۔ کوبڑا۔ کوز۔

کُبجا ۔ کُبڑی۔ زن کوزہ پشت۔ کسی کی ایک داسی کا نام۔

کُبُدھی ۔ بُری عقل والا۔ بے خرد۔ بے وقوف۔ احمق۔ نالائق۔

کَبَل ۔ (کَوَل) لقمہ۔ نوالا۔

کَبَ تَوں ۔ کب تک۔ کہاں تک۔ کتنی دیر تک۔

کَبَندھ ۔ دھڑ، جسم بے سر۔ درخت کا وہ تنہ جس پر شاخیں وغیرہ نہ ہوں مگر اُگنے کے قابل ہو۔ پانی۔ ایک راکشس کا نام

کُبھار ۔ بدسلوکی۔ بدخوئی۔

کُبھاؤ ۔ بدسلوکی۔ بدمزاجی۔ بدخوئی۔

کُبیر ۔ (کُوبیر) خدائے مال و دولت۔ یکشوں کا راجہ۔

کَبیشر ۔ (کویشور) شاعروں کا بادشاہ۔ ملک الشعرا۔

کَپ ۔ بندر۔ بوزنہ۔

کُپاتر ۔ نالائق۔ ناقابل۔ نااہل۔ ناسزاوار۔ وہ جس کو خیرات دینا شاستر کے رو سے ممنوع ہے۔

کَپاٹ ۔ کواڑ۔ دروازہ۔ در۔

کَپال ۔ کھوپڑی۔ کاسۂ سر۔ قحف۔ قسمت۔ سرنوشت۔ تقدیر۔

کَپالی ۔ شیوجی کا لقب۔

کَپال آسَن ۔ فقرا کی ایک قسم کی خاص عبادت جس میں عرصۂ دراز تک سر کے بل کھڑے رہتے یعنے سر زمین پر ٹیک کر پیر آسمان کی جانب کرتے ہیں۔

کُپِت ۔ غصّہ ور۔ ناراض۔

کُپُتر ۔ / کُپُوت ۔ } بد اور نافرمان لڑکا۔ ناخلف۔ خلف۔

کَپِتھ ۔ کویٹ کا درخت یا پھل۔

کُپَنتھ ۔ بُرا راستہ۔ گمراہ۔ بدچلن۔ بدعت۔ الحاد۔ کفر۔

کُپتی ۔ ظالم مالک۔ بدخو شوہر۔

کَپٹ ۔ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ کینہ۔ مکر۔ بغض۔ چھل۔

کَپٹی ۔ مکار۔ ریاکار۔ بدباطن۔ فریبی۔ دغاباز۔

کَپَرد ۔ مہادیوجی کی جٹا جس میں گنگاجی نے قیام کیا۔

کَپُرش ۔ کمینہ آدمی۔ بدآدمی۔ بزدل۔ ڈرپوک۔

کَپِل ۔ ایک منی کا نام جو فلسفہ سانک کا موسس ہے۔ بھورا رنگ۔

کَپِلا ۔ بھورے رنگ والی گائے۔

کَپِت ۔ کانپنا۔ کانپتا ہوا۔

کُپُوت ۔ نالائق بیٹا۔ ناخلف۔ خلف۔

کَپوت ۔ کبوتر۔ حمام۔

کُپوتی ۔ بداطوار بیٹی۔ بدکار دختر۔

کَپور ۔ کافور۔

کَپول ۔ گال۔ رخسارہ۔ عارض۔

کُپھل ۔ خراب پھل۔ بُرا نتیجہ۔

کَپھ ۔ کف۔ بلغم۔ تھوک۔

کَپی ۔ بندر۔ بوزنہ۔ میمون۔

کُپی ۔ چھوٹا کنواں۔

کَپی دھوج ۔ جس کے پرچم پر ہنومان کی علامت ہو۔ ارجن کا (لقب)

کَپیشور ۔ بازوں کا راجہ یعنی سگریو۔ ہنومان۔

کُت ۔ کہاں۔ کدھر۔ کیوں۔ کیونکر۔ کیسے۔ کس لئے۔ کس طرح۔ کتنا۔

کُت ۔ کہاں۔ کدھر۔ کس طرف۔

کتان ۔ کارد۔ خنجر۔

کتدھا ۔ کتنی طرح سے۔

کُتَرک ۔ اعتراض ناقص ۔ فضول حجت۔
کُتَرکی ۔ جھوٹی بحث کرنیوالا۔
کَتَرنی ۔ قینچی ۔ مقراض۔
کُتسا ۔ الزام ۔ بدنامی ۔ بُرائی ۔ ملامت ۔ فضیحت ۔ بے عزتی۔
کُتسِت ۔ بدنام ۔ ذلیل ۔ خوار ۔ حقیر ۔ کمینہ۔
کَتَم ۔ کون ۔ کونسا۔
کُتوہَل ۔ شوق ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ تجسس ۔ خواہش ۔ خوشی ۔ کھیل۔
کُتوہَلی ۔ خوش ۔ بشاش۔
کَتھا ۔ وہ جو کہا جائے ۔ بات ۔ کہانی ۔ حکایت ۔ قِصّہ ۔ سرگزشت کیفیت ۔ احوال ۔ خبر۔
کَتھا وارِتا ۔ گزشتہ واقعات کی باتیں۔
کَتھِت ۔ کہا ہوا ۔ بولا ہوا۔
کَتھَک ۔ کہنے والا ۔ داستان گو ۔ قصہ خوان۔
کَتھَن ۔ } کہنا ۔ بولنا ۔ بیان کرنا ۔ تعریف کرنا ۔ قِصّہ کہنا۔
کَتھنا ۔
کَتھنچِت ۔ بڑی دشواری سے ۔ شاید۔
کَتھنِیہ ۔ کہنے کے قابل۔
کَتھوپَکَتھَن ۔ کہے ہوئے کا کہنا ۔ دوبارہ کہنا ۔ قِصّہ در قِصّہ۔
کَتی ۔ } کتنے ۔ کتنا۔
کَتیک ۔
کَتی پَیہ ۔ کچھ ۔ چند ۔ تھوڑے ۔ کم۔
کُٹ ۔ گھر ۔ خانہ ۔ قلعہ ۔ گڑھ ۔ گلشن ۔ گھن یعنی ہتھوڑا۔
کَٹاچھ ۔ (کَٹاکش) ترچھی نگاہ سے دیکھنا ۔ نگاہِ کرم ۔ عنایت ۔ مہربانی۔
کُٹھار ۔ کلہاڑی ۔ تبر ۔ تیشہ۔

کَٹاکش ۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا ۔ مجازاً عنایت ۔ مہربانی۔
کَٹاہ ۔ کڑاہی۔
کَٹ بندھن ۔ ڈوری یا سونے وغیرہ کا وہ حلقہ جو کمر پر باندھتے ہیں۔
کَٹُھر ۔ بیرحم ۔ سنگدل۔
کَٹک ۔ فوج ۔ لشکر ۔ خیمۂ شاہی ۔ پڑاؤ ۔ جانوروں کے چرنے کا مقام۔
کُٹُک ۔ کڑی باتیں ۔ کڑوے بچن ۔ سخت کلام۔
کُٹِل ۔ جھکا ہوا ۔ خمدار ۔ خمیدہ ۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ ضدی ۔ گستاخ ۔ کپٹی ۔ مکار ۔ بد باطن ۔ غدار ۔ بے ایمان ۔ بے رحم ۔ سنگدل ۔ کھوٹا ۔ کینہ ور ۔ بدمزاج ۔ بدخو ۔ بدکار ۔ ظالم۔
کُٹِلتا ۔ ٹیڑھا پن ۔ بد باطنی ۔ دغا بازی ۔ مکاری
کُٹُم ۔ } خاندان ۔ کُنبہ ۔ گھرانا ۔ قبیلہ ۔ دودمان ۔ خویش و اقارب ۔ اہل و عیال ۔ رزق و رزاق۔
کُٹُمب ۔
کُٹُمبنی ۔ خاندان والی ۔ (عورت)
کُٹُمبی ۔ گھر دار والا ۔ خاندان والا ۔ (مرد)
کُٹَن ۔ کُٹنا ۔ قرمساق ۔ قلتبان ۔ کس کش۔
کُٹنی ۔ عورتوں کو بھگا لے جانے والی عورت ۔ دَلّالہ۔
کَٹو ۔ چرپرا ۔ کڑوا ۔ تیز ۔ ڈراؤنا۔
کَٹول ۔ بد ۔ بُرا ۔ کمینہ۔
کَٹھ ۔ دس اپنشدوں میں سے ایک کا نام۔
کَٹھ ۔ (مخفف کاٹھ) لکڑی ۔ چوب ۔ نیز (مخفف کٹی) کمر میان ۔ نیز رگوید کا نام۔
کُٹھار ۔ کلہاڑی ۔ بسولا۔

کُٹھاہَر ۔ بری جگہ ۔

کَٹھِن ۔ سخت ۔ مشکل ۔ مضبوط ۔ درشت ۔ دشوار ۔

کَٹھِنائی ۔ سختی ۔ مضبوطی ۔ درشتی ۔ دشواری ۔

کَٹھِنتا ۔ دیکھو (کٹھنائی)

کٹھوتی ۔ / کٹھوا ۔ } کاٹھ کا برتن ۔

کٹھور ۔ سخت ۔ درشت ۔ مشکل ۔ مضبوط ۔ ناملائم ۔ شدید ۔ کڑا ۔

کٹھورتا ۔ سختی ۔ مضبوطی ۔ سنگدلی ۔ بے رحمی ۔

کٹھیا ۔ پھندا ۔ جال ۔ دام ۔

کٹھینتا ۔ سختی ۔ سنگدلی ۔ بے رحمی ۔ مضبوطی ۔

کٹی ۔ کمر ۔ میان ۔

کُٹی ۔ / کُٹیر ۔ } جنگلوں یا دیہاتوں میں رہنے کے لئے گھاس پھوس سے بنایا ہوا گھر ۔ جھونپڑی ۔ کلبہ ۔ کاشانہ ۔

کُٹیا ۔ (الف تصغیر) چھوٹی کُٹی ۔

کٹی بدھ ۔ کمربستہ ۔ تیار ۔ مستعد ۔

کٹی بستر ۔ (وشتر) دھوتی ۔

کٹی بندھ ۔ کمربند ۔

کُٹیر ۔ (کُٹی) مختصر اور چھوٹا سا مکان ۔ جھونپڑا ۔ کاشانہ ۔

کُٹیلا ۔ چالاک ۔ مکار ۔ چست ۔

کُٹیو ۔ براچلن ۔

کُج ۔ ستارہ مریخ ۔ منگل ۔ سہ شنبہ ۔

کُجات ۔ بدذات ۔ بدنسل ۔ بدنژاد ۔ فرومایہ ۔

کُجاتی ۔ کم ذات کا ۔ کمینہ ۔ نیچ ۔

کَجرا ۔ / کَجل ۔ } کاجل ۔ انجن ۔ سرمہ ۔ کالک ۔

کجلی بن ۔ (ون) وہ جنگل جہاں ہاتھی کثرت سے رہتے ہوں ۔ واضح ہو کہ بالفتح بھی آیا ہے ۔

کچ ۔ بال ۔ مو ۔ موے ۔

کُچ ۔ / کُچا ۔ } تھن ۔ چوچی ۔ پستان ۔ چھاتی ۔

کُچاگر ۔ سرپستان ۔ بھٹنی ۔

کُچال ۔ بدچال چلن ۔ بداطواری ۔ کردار ناشایستہ ۔

کُچالی ۔ مرد بدخو ۔ بدوضع ۔ بدآئین ۔

کُچر ۔ نکتہ چین ۔ حرف گیر ۔

کچنار ۔ ایک درخت کا نام ۔

کچوڈیہ ۔ بدخو ۔ بدباطن ۔

کچھ ۔ کچھار یعنی وہ زمین جو ندی وغیرہ کے کنارے ہو ۔

کُچھ ۔ دیکھو (کچ)

کچھار ۔ دریا کی ترائی ۔

کچھپ ۔ (کشیپ) کچھوا ۔ باخہ ۔ کشف ۔

کچھت ۔ نیچ ۔ کمینہ ۔

کچھنی ۔ جانگھیا ۔

کچھو ۔ کچھ ۔ تھوڑا ۔ قلیل ۔

کچھواہا ۔ راجپوتوں کی ایک ذات جو اپنے آپ کو رامچندر کی اولاد کش کے خاندان سے ظاہر کرتی ہے ۔ جیپور کے راجہ اسی خاندان سے ہیں ۔

کچھوٹی ۔ لنگوٹی ۔

کچیشٹا ۔ بری چال ۔ نقصان رسانی کی حرکت ۔

کچیل ۔ میلا کپڑا ۔ میلے کپڑے پہننے والا ۔

کدا ۔ / کدا ۔ } کب ۔ کس وقت ۔ کدام وقت ۔

کُدَاپِی ۔ کبھی کبھی ۔ شاید کہ ۔ مبادا ۔ گاہ گاہ ۔ گاہے گاہے ۔ احیاناً ۔ باشد کہ ۔ جو ۔ اگر ۔ کسی وقت ۔ ہرگز ۔

کُدَاچَاڑ ۔ بدکار ۔ فاسق ۔ آوارہ ۔

کُدَاچِت ۔ دیکھو (کُدَاپِی)

کُدَاچَن ۔ کسی وقت کبھی ۔ شاید ۔

کُدَاڑ ۔ کُدال ۔ بیلچہ ۔

کِدَارَا ۔ ایک راگنی کا نام جو موسم گرما میں آدھی رات کے وقت گائی جاتی ہے ۔

کُدَاڑ ۔ / کُدَارَا ۔ / کُدَال ۔ } کدال ۔ کلند ۔

کُدَآکَاڑ ۔ بدشکل ۔ زشت رو ۔

کُدّال ۔ پھاوڑا ۔ کدال ۔ کلند ۔

کُدْرَانَا ۔ ہمت ہارنا ۔ ڈرنا ۔ ڈرپوک ہونا ۔

کُدْرَائی ۔ کارپن ۔

کُدُرشٹی ۔ نگاہ بد ۔ نظر بد ۔

کُدَرْیہ ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔ مُمسک ۔ سوم ۔

کُدکشر ۔ خراب حرف یعنی زشت خط ۔

کَدَلی ۔ موز کا درخت ۔

کَدَلی پَھل ۔ کیلا ۔ موز ۔

کَدَم ۔ / کَدَمب ۔ } ایک مشہور درخت ۔ گروہ ۔ جماعت ۔

کَدَن ۔ مار ڈالنے والا ۔ برباد کرنے والا ۔ گناہ ۔

کَدَنّ ۔ خراب کھانا ۔

کُدَھر ۔ پہاڑ ۔ کوہ ۔

کَر ۔ ہاتھ ۔ دست ۔ ہاتھی کی سونڈ ۔ مالگزاری ۔ محصول ۔ خراج ۔ باج ۔ چُنگی ۔ ٹیکس ۔ کرن ۔ جڑ ۔ ایک نچھتر ۔

کَرَا ۔ سخت ۔ کھوٹا ۔ ناسرہ ۔ قلب ۔ آمیزش کیا ہوا ۔

کِرَات ۔ بھیل ۔ جنگلی آدمی ۔ صحرائی ۔ وحشی ۔ بدوی ۔ صیّاد ۔ ایک جنگلی قوم جسکا گزارہ شکار پر ہے ۔

کَرَاہتھ ۔ مار ڈالنا ۔

کَرَاڑ ۔ / کَرَارَا ۔ } سخت ۔ خوفناک ۔ شدید ۔ کالا کوّا ۔

کَرَال ۔ سخت ۔ خوفناک ۔ ڈراونا ۔ زبون ۔ نفرت انگیز ۔ باہر نکلے ہوئے دانت والا ۔

کَرَامَک ۔ / کَرَایَک ۔ } خریدار ۔ مشتری ۔

کِرَانَا ۔ انتظام کرنا ۔ غلہ بونا ۔ بقالی ۔ دوکانداری ۔

کَرَانت ۔ / کَرَوت ۔ } آرہ جس سے لکڑی کاٹتے ہیں ۔ ارّہ ۔ منشار ۔

کِرَانتی ۔ جانا ۔ چڑھنا ۔ غالب ہونا ۔ حملہ کرنا ۔ ستارے کا اُترنا ۔ نور ۔ ضیا ۔ روشنی ۔ چمک ۔ تجلی ۔ جلال ۔ عرض فلکی ۔

کِرَانتی ۔ بھیلنی ۔

کِرَانتی مَنڈَل ۔ منطقۃ البروج ۔

کِرَاو ۔ بھوکا ۔ گرسنہ ۔ خمص ۔

کَرَبَال ۔ دیکھو (کَرَوَال)

کَرْبُوڑ ۔ سونا ۔ طلا ۔ ہڑتال ۔ راجپس ۔

کَرَبھ ۔ اونٹ ۔ ہاتھی کا بچہ ۔

کُرُبھوشَن - کنگن -
کرِبیرَ - دیکھو (کرویر)
کُرپا - دیا - مہربانی - عنایت - محبت - لطف - واضح ہو کہ (کبسر اول) غلط ہے -
کُرپاس - (کارپاس) کپاس - روئی - پنبہ -
کُرپاساگر - (ساگر بمعنی بحر) بحر رحم و کرم - کنایہ ہے خداوند تعالیٰ سے
کُرپاسِندھو - (سندھو بمعنی دریا) دریائے لطف و کرم مجازاً خداوند تعالیٰ -
کُرپال - رحم دل - مہربان - شفیق - کرمگستر - خداوند تعالیٰ -
کَرپال - دستانہ -
کُرپالو - مہربانی کرنے والا - رحم کرنیوالا -
کُرپان - تلوار - تیغ - شمشیر -
کُرپانِدھان - معدن لطف و کرم یعنی صاحب عنایت مہربان
کرپٹ - چیتھڑا - گودڑ - دلق -
کَرپُٹ - ہاتھ جوڑنا - دست بستہ ہونا -
کُرپَن - کنجوس - بخیل - ہیچ - سوم -
کُرپنتا - کنجوسی - بخیلی -
کرپور - کپور - کافور -
کرپیا - عنایت کے ساتھ -
کُرت - کیا ہوا - بنایا ہوا - رچا ہوا تصنیف کیا ہوا نتیجہ - ثمرہ - ایک جگ کا نام یعنی ست یگ -
کُرتِ - کرتوت - کام - عمل - بیان - تعریف - نیک نامی معنون
کرتا - } کرنے والا - بنانیوالا - ایجاد کرنے والا -
کرتار - } فاعل - صانع - مصنف - مالک - کارساز -
کرتر - } مختار - گماشتہ - شوہر - اسم فاعل - آفریدگار - خالق مطلق -

کُرتاتما - وہ شخص جس کا دل پاک ہو - پاک باطن -
کرتار - کرنے والا - پیدا کرنیوالا - خداوند تعالیٰ -
کُرتارتھ - جس کی خواہش پوری ہو چکی ہو - جس نے اپنا فرض ادا کیا ہو - کامیاب - شاد کام - خوش - نجات یافتہ
کرتال - وہ آواز جو دونوں ہاتھوں کے باہم بجانے سے پیدا ہو - تالی - دستک - ایک آلۂ موسیقی کا نام -
کرتانجلی - دست بستہ -
کرتبیہ - دیکھو (کرتویہ)
کرترتوہ - فاعلیت -
کُرت جگ - } (ریگ) وہ عمدہ دور روزگار جو (۴۸۰۰)
کرتاجگ - } سال ربانی کے مساوی ہے -
کرتانت - موت - ملک الموت -
کرترم - جو اصلی نہ ہو - بناوٹی - نقلی - مصنوعی - جعلی - سازشی -
کُرترم پتر - گود لیا ہوا لڑکا - متبنیٰ لڑکا - واضح ہو کہ دہرم شاستر میں بارہ قسم کے لڑکے بتلائے گئے ہیں اُن میں سے ایک -
کرتری - }
کرتریکا - } کترنی - قینچی - مقراض -
کُرتک - بناوٹی - مصنوعی -
کرتکا - ستائیس نچھتروں میں سے تیسرا نچھتر - ثریا -
کُرتگھن - }
کُرتگھنہ - } احسان فراموش - ناشکرگزار - ناسپاس گزار -
کرتگھنی - } نمک حرام -
کُرتگھنتا - احسان فراموشی - نمک حرامی -
کرتگیہ - کئے ہوے احسان کو ماننے والا - احسانمند - نمک حلال

کرتگیہ تا - احسانمندی۔
کرتل - ہتھیلی - کفِ دست۔
کرتن - کاٹنا - کترنا۔
کرتنی - کترنی - قینچی - مقراض۔
کرتو - خواہش - تمیز - لیاقت - جگیہ۔
کرتوشت - کام - کار - دھندا۔
کرتویہ - کرنے کے قابل کام - واجب - لائق - ضرور - فرض - ہنر و چالاکی - شعبدہ بازی وغیرہ۔
کرتیہ جگ - (یگ) ست جگ - یہ (۱۷۲۸۰۰۰) سال کا ہے
کرتہ سا پتنی - وہ عورت جس کے خاوند نے اس کی زندگی میں ہی دوسرا بیاہ کر لیا ہو۔
کرتہ ودیہ - عالم - فاضل - مشکور۔
کرتہ کاریہ - کامیاب۔
کرتہ کرتیہ - جس نے اپنا فرض ادا کیا ہو - جس کی خواہش پوری ہو چکی ہو - کامیاب - خوش - مستغنی۔
کرتہ ویریہ - مجازاً باپ - ایک راجہ کا نام۔
کرتی - کھال - چمڑا - بھوج پتر - چمڑے کی رسی - کرتیکا نچھتر۔
کرتی - } لائق - عالم - چالاک - سادھو - ثواب کرنیوالا - جس نے اپنا فرض ادا کیا ہو۔
کرتن -
کرتیا - کیا ہوا - خریدا ہوا - کامل - نتیجہ - کام - فعل - ناشکر گزار - متبنیٰ۔
کرتیہ - کرنے کے قابل کام - اچھا کام۔
کرت - کوا - زاغ۔
کرج - ناخن - انگلی۔
کرچھر - سختی - تکلیف - رنج - گناہ۔

کرچھرہ - تکلیف - ایک برت کا نام۔
کرد - مالگزار - فرمانبردار۔
کرد - } کیچڑ - گل - گناہ۔
کردم -
کردھہ - غصہ میں بھرا ہوا - غضبناک۔
کردھنی - ایک قسم کی زنجیر جو کمر میں باندھتے ہیں۔
کرس - بدمزہ۔
کرسی - اپلی - اپلا - پاچک۔
کرش - جوتنا - ہل چلانا - زراعت - دشمنی - غصہ - حسد - سولہ ماشہ کا وزن۔
کرش - } دبلا - لاغر - نحیف - کمزور - نقیہہ - پتلا - باریک۔
کرشت -
کرشاکشی - کوتاہ نظر۔
کرشالا - محصول خانہ - چنگی گھر۔
کرشانگ - دبلا پتلا مرد۔
کرشانگی - دبلی پتلی عورت۔
کرشانو - آگ - آتش۔
کرشتا - دبلاپن - لاغری - ناتوانی - پتلاپن - نازکی - کمی۔
کرشک - جوتنے والا - کاشتکار - کسان - ہل کا پھال۔
کرشن - کشش - تان - جوتنا - کھیتی کرنا۔
کرشن - کالا - سیاہ - نیلگوں - گہرا نیلا رنگ - کوا - کلجگ - کویل - دسویں وشنو اوتار کا نام - واضح ہو کہ یہ اوتار شہر متھرا میں ہوا - آپ کے والد کا نام واسدیو اور والدہ کا نام دیوکی ہے۔
کرشنا - سیاہ رنگ - ایک مشہور دریا کا نام۔

کرشنارپن - کسی چیز کو کفارہ کے طور پر سری کرشن جی کے نام پر دیدنا۔

کرشناوتار - سری کرشن جی کا اوتار۔

کرشن پکش - (پچھ) اندھیرا پکھ - یعنی ہر مہینے کا وہ دوسرا نصف حصہ جس میں چاند کی رونق دن بدن گھٹتی جاتی ہے - بدی - ناقص النور۔

کرشن لیلا - سری کرشن جی کے کھیل تماشے - رہس۔

کرشہ - پتلا - چھوٹا۔

کرشی - کھیتی - کاشت - کسانی - کوشش - تردد۔

کرشی جیوی - زراعت پر گزران کرنے والا۔

کرشی کارک - کسان - کاشتکار۔

کرشی کرم - کھیتی - کاشتکاری۔

کرشی کرمہ - کھیتی کا کام - زراعت۔

کرک - } کیکڑا - خرچنگ - سرطان - بارہ بروج فلکی
کرکٹ } سے چوتھا برج یعنی سرطان۔

کرکرا - کھوٹا سکہ - سخت - ایک پرند۔

کرکش - سخت - درشت - تیز - تند - تلخ - بے رحم - لڑاکا۔

کرکشا - جھگڑالو عورت - زباں دراز عورت۔

کرکشتا - بے رحمی - سختی۔

کرکشیتر - (کرکھیتر) شہر دہلی کے متصل ایک مقام کا نام جہاں کورو اور پانڈوں کے درمیان جنگ عظیم ہوئی تھی۔

کرکلاس - گرگٹ - حربا۔

کرگرہن - دستگیری - حمایت۔

کرم - کام - فعل - کار - کردار - تدبیر - دھندا - امر - شغل - اعمال - راہ - طریقہ - ترتیب - سلسلہ - قسمت - بخت - نصیب - تقدیر - خدمت - پرستش - شریعت - رسم مذہبی - قدم رکھنا - چلنا - حالت مفعولی - واضح ہو کہ لفظی معنی کام کرنے کے ہیں اور مرادی معنی موافق دھرم شاستر کے چلنے کے ہوتے ہیں۔

کرماگت - } جو آہستہ آہستہ قسمت سے آیا ہو - جو آباواجداد
کرمانوسار } سے ہوتا آیا ہو۔

کرم اندری - قوائے افعالی جیسے ہاتھ پیر وغیرہ۔

کرم باچک سمگیا - (واچک) اسم فاعل متعدی۔

کرم باچک کریا - (واچک) فعل مجہول۔

کرم بھنگ - سلسلہ شکست کرنا۔

کرم بھوگ - پہلے جنم میں کئے ہوئے اچھے برے کاموں کا ثمرہ اعمال۔

کرم بھومی - آریاورت یعنی ہندوستان۔

کرم بپاک - (وپاک) تسویہ اعمال۔

کرم پتھ - } بید کا طریقہ۔
کرم مارگ }

کرم پھل - کرموں کا پھل یعنی ثمرہ اعمال۔

کرم چاری - نوکر - ملازم - کارپرداز - کارکن۔

کرم ریکھا - نوشتہ تقدیر - خط قسمت۔

کرم سادھیہ - وہ شئے جو اعمال سے سرانجام ہوسکے۔

کرم ساکشی - کرموں کا جاننے والا - مجازاً سورج۔

کرم سنگی - ساتھی - عامل - کارپرداز۔

کرم سنیاس - وہ جس نے اعمال کے نتائج کو ترک کردیا۔

کرمشٹھ - وہ جو کرم میں مستغرق ہو - محنتی۔

کرمشہ۔ طریقہ سے۔ ترتیب سے سلسلہ وار۔ آہستہ آہستہ تھوڑا تھوڑا۔

کرم شیل۔ کرم شور۔ } وہ جو کام کا عادی ہو۔

کرمک۔ سپیاری کا درخت اور اس کا پھل۔

کرم کار۔ کام کرنیوالا۔ دستکار۔

کرم کارک۔ مفعول۔ حالت مفعولی۔

کرم کانڈ۔ دھرم شاستر کا وہ مجموعہ جو اعمال اور جگیہ وغیرہ کے متعلق ہے۔ شریعت۔

کرم کانڈی۔ نتائج اعمال کا ماننے والا۔

کرم کرتا۔ مختار۔

کرمکی۔ سپیاری۔ ڈلی۔

کرم گتی۔ نوشتۂ تقدیر۔

کرم لوک۔ عالم ناسوت۔

کرم مارگ۔ طریق اعمال جس میں انسان اعمال کو وسیلۂ نجات سمجھتا ہے۔ طریقت۔

کرم موکش۔ نجات تدریجی۔

کرمنا۔ کردار۔ افعال۔

کرم نشٹھ۔ جو کام میں مستغرق ہو۔

کرمنیہ۔ کام میں لگا ہوا۔ کام کرنیوالا۔

کرم وپاک۔ کرم کا پھل یعنی نتیجہ۔

کرم ہین۔ بدقسمت۔ کم نصیب۔

کرم یگ۔ کام کرنیوالوں کا زمانہ۔

کرمیل۔ کرمیلک۔ } اونٹ۔ شتر۔ جمل۔

کرمی۔ متعلق بہ کرم۔ کرم کرنیوالا۔

کرمی۔ کیڑا۔ کرم۔

کرمی۔ (کنبی) کاشتکار و مزارعین کا ایک فرقہ جو چھتری کہلاتا ہے۔

کرمیندریہ۔ کام کرنے کے اعضاء جسم جیسے ہاتھ پیر وغیرہ۔

کرن۔ کان۔ گوش۔ پتوار۔ جنگ عظیم مہابھارت کا ایک مشہور بہادر جو کنتی کا مخفی بیٹا تھا۔

کرن۔ ہتھیار۔ اوزار۔ حواس۔ تدبیر۔ تجویز۔ کام۔ جسم۔ سبب۔ چھتری۔ پٹواری۔

کرن۔ ہاتھی۔ فیل۔

کرن۔ شعاع آفتاب و مہتاب۔

کرنا۔ محبت۔ عنایت۔ شفقت۔ الفت۔ مہربانی۔ ایک درخت۔ ناٹک کا ایک رس۔

کرناٹ۔ ملک کرناٹک۔

کرنارد۔ دیالو۔ مہربان۔

کرناسندھو۔ دریائے رحم و کرم۔ مجازاً خداوند تعالیٰ۔

کرناکر۔ مخزن رحم۔ معدن لطف۔ کان شفقت۔

کرنامیے۔ صاحب محبت۔ محبت والا۔

کرناندھان۔ مخزن لطف و کرم۔

کرن پھول۔ کانوں کا ایک قسم کا زیور۔

کرندن۔ رونا۔ گریہ وزاری کرنا۔ جنگ کے لئے سرداروں کو

کرن دھار۔ مانجھی۔ ملاح۔ کشتی بان۔ ناخدا۔

کرنڈ۔ شہد کا چھتا۔ بھانس کی بنی ہوئی ٹوکری یا پٹاری۔ کوا۔ پانی پینے کا برتن۔ گلدان۔

کرنکا۔ ہاتھ کے بیچ کی انگلی۔ ہاتھی کی سونڈ کی نوک۔ قلم۔

کرنگ - بدرنگ - بدحال - ہرن - آہو -

کرن گوچر - سنا ہوا - مسموع -

کرن ویدھ - }
کرن ویدھن - } (بیدھ) بچوں کے کان چھیدنے کی رسم -

کرنی - کام - بھاپی -

کرنی کار - ایک درخت کا نام -

کرنیہ - کرنیکے لائق -

کرو - چندربنسی ایک راجہ جسکی اولاد کورو کہلاتی ہے -

کرواَ - کڑوا - تیز -

کروال - تلوار - تیغ -

کروالکا - چھری - کٹار -

کروپ - بدشکل - زشت رو -

کرودھ - غصہ - غضب - خفگی - خشم - عتاب -

کرودھاندھ - وہ جو غصہ کی وجہ اندھا ہوگیا ہو یعنی کسی
چیز کی تمیز نہ کرسکتا ہو -

کرودھت - غصہ میں لایا گیا -

کرودھوان - }
کرودھونت - } غصہ ور - غضبناک -

کرودھوش - مغلوب الغضب -

کرودھی - }
کرودھن - } غصہ ور - خشگین -

کرودھنا - غصہ ور عورت - ساٹھ سالوں میں سے ایک سال

کروڑپتر - ضمیمہ کتاب -

کرور - بے رحم - ظالم - سنگدل - غصہ ور - غضبناک - برا -
خراب - گرم - ٹیڑھا -

کرورتا - بے رحمی - سخت دلی - ظلم -

کروش - کوس - دو میل کی مسافت -

کروشٹا - سیار - شغال - گدھا - خر -

کرونچ - بگلا - بوتیمار - ایک جزیرے کا نام -

کرونڈ - لعل - آئینہ - شنگرف - موکھتا -

کروُنی - دودھ کی کھرچن -

کرووَنش - راجہ کرو کا خاندان -

کرویاد - گوشت خور - راچھس -

کرویر - تلوار - کنیر کا درخت یا پھول -

کرویہ - گوشت - لحم -

کرہی - کسوقت - کدام وقت -

کرے - مول لینا - خریدنا - چیز -

کری - ہاتھی - فیل -

کریا - کام - فعل - عمل - کاروبار - تردد - دہرم کے متعلق
کام - وہ رسوم جو مردوں کے نسبت ادا کئے جائیں -

کریا شکتی - قدرت پروردگار عالم -

کریا کرم - وہ رسوم جو مرے ہوئے کے نسبت کئے جائیں -

کریال - پرندوں کے چین و آرام سے بیٹھنے کی حالت
جبکہ وہ چونچ سے اپنے پروں کو سنوارتے ہیں -
اسی وجہ سے چین - آرام - بچاؤ کے معنی ہوتے ہیں -

کریت - برے چال چلن - بری رسم - برا دستور - بدرویہ -
بدچلنی - بد اطواری - خوئے بد -

کریت - }
کریتا - }
کریتک - } بارہ طرح کے لڑکوں میں سے ایک جو ماں باپ
کو قیمت دیکر خریدا گیا ہو - ایسے لڑکے کو سوائے
اپنے خریدار کی جائداد کے آبائی جائداد پر کوئی

نی نہیں ہوتا۔

کِرِیت۔ خریدا ہوا۔

کِرِیتاً۔ خریدار۔ مشتری۔

کُرِیتی۔ بدچال چلن۔ بُرا راستہ۔

کِرِیٹ۔ تاج۔

کِرِیٹی۔ صاحب تاج۔ لقب ارجن کا۔

کِرِیڈا۔ / کِرِیڈن۔ } کھیل۔ ناچ۔ رقص۔ بازی۔ تماشا۔

کِرِیڈت۔ / کِرِیڈک۔ } کھلاڑی۔

کِرِیر۔ نئی چھوٹی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے۔ کونپل۔

کُرِیر۔ ذمہ۔ معرفت۔

کِرِیشن۔ جنگلی اُپلی۔ پاچک دشتی۔

کُرِیو۔ ہاتھی۔ فیل۔

کرِیئہ۔ خریدنے کے قابل۔

کرِئے وِکرئے۔ لین دین۔ بیوپار۔ خرید و فروخت بیع وشرا۔

کریَا۔ چیز۔ جنس۔

کریہ۔ برج حمل۔

کریہ مان۔ کرنے کے قابل۔ کیا جانیوالا۔ تدبیر۔

کرئی۔ / کرئیک۔ } خریدنیوالا۔ خریدار۔ مشتری۔

کرا۔ سخت۔ مضبوط۔

کراکرا۔ دریا کا اونچا کنارہ۔

کَس۔ بل۔ طاقت۔ زور۔ قوت۔ تاؤ۔

کس بل۔ تاب و توانائی۔

کستوری۔ / کستوریکا۔ } مشک جو مشہور چیز ہے۔

کساک۔ تکلیف۔ رنج۔ درد۔

کُسُم۔ پھول۔ وہ لال پھول جس سے کپڑے رنگتے ہیں۔

کُسمبھ۔ زعفران۔ کُم کُم۔ شعلۂ نار۔

کُسمت۔ کھلا ہوا۔ پھولا ہوا۔ شگفتہ۔

کُسمئے۔ بُرا وقت۔ خراب زمانہ۔

کُسنگ۔ بُری صحبت۔ بدصحبت۔

کسیرا۔ کسگر۔

کش۔ / کشا۔ } چابک۔ کوڑا۔ رسّی۔

کُش۔ ایک قسم کی گھاس جو مقدس مانی جاتی ہے۔ سری رامچندر کے ایک فرزند کا نام۔

کُشا۔ ایک قسم کی گھاس۔

کشاتر۔ چھتریوں کے متعلق۔

کشار۔ کھار۔ نمک۔ سجی۔ شورہ۔ سہاگا۔ بھسم۔ راکھ۔ کشتہ۔

کُشاسن۔ کُش نامی گھاس کا بوریا۔

کشالن۔ دھونا۔ صاف کرنا۔

کشام۔ دبلا۔ ناتوان۔ کمزور۔ تھوڑا۔ قحط۔

کشانت۔ سہنے والا۔ معاف کرنیوالا۔ صابر۔

کشانتی۔ صبر۔ ہمت۔ خوشی۔

کشائے۔ جوشاندہ۔

کشپا۔ پھینکنا۔

کشپا۔ رات۔ شب۔ لیل۔

کشپر ۔ فوراً ۔ تیز ۔ جلد ۔

کشپک ۔ بہادر ۔ دلیر ۔

کشُت ۔ } بھوک ۔ اشتہا ۔
کشُدھا ۔ }

کشت ۔ } گھاو ۔ زخم ۔ چوٹ ۔ نقصان ۔ توڑا ہوا ۔ چیرا ہوا ۔
کشتا ۔ }

کشِت ۔ زمین ۔ نقصان ۔ بربادی ۔ دنیا کا خاتمہ ۔

کشتا ۔ داشتہ کا لڑکا ۔ ولد الزّنا ۔

کشتج ۔ لہو ۔ خون ۔ پیپ ۔ ریم ۔

کشتج ۔ وہ مقام جہاں آسمان اور زمین ملے ہوئے نظر آتے ہیں ۔ افق ۔

کشتر ۔ (چھتر) طاقت ۔ قوت ۔ ریاست ۔ دولت ۔ بدن ۔ جسم ۔ پانی ۔

کشترپتی ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

کشتر دھرم ۔ چھتریوں کا دھرم ۔ جیسے علم پڑھنا ۔ خیرات دینا ۔ جگیہ کرنا ۔ پرورش رعایا وغیرہ ۔

کشتر کرم ۔ چھتریوں کا کام ۔ جیسے جنگ سے گریز نہ کرنا ۔ حتی الامکان خیرات دینا ۔ دشمنوں کو زیر کرنا وغیرہ ۔

کشتر ودیا ۔ (بدیا) فن نبرد ۔

کشتری ۔ } (چھتری) ہندوؤں کے چار فرقوں میں سے دوسرا فرقہ جن کو (دوزما) بھی کہتے ہیں ۔ واضح ہو کہ اس
کشتریہ ۔ }
فرقے والوں کا کام بید پڑھنا ۔ رعایا پروری کرنا خیرات دینا ۔ جگیہ وغیرہ کرنا ۔ خواہشات نفسانی سے مبرا رہنا

وغیرہ ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ طاقت ۔ قوت ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

کشتی ۔ برباد ۔ نقصان ۔ تباہی ۔ بگاڑ ۔

کشتی ۔ زمین ۔ جگہ ۔

کشتی پال ۔ } محافظ ملک یعنی راجہ ۔ بادشاہ ۔
کشتپ ۔ }

کشتی پتی ۔ مالک ملک یعنی راجہ ۔ بادشاہ ۔

کشتی دھر ۔ حامل دنیا مجازاً پہاڑ ۔ کوہ ۔ جبل ۔

کشتیش ۔ مالک ملک یعنی راجہ ۔ بادشاہ ۔

کشٹ ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔ آفت ۔ سختی ۔ رنج ۔

کشٹ سادھیہ ۔ تکلیف اور محنت سے حاصل کرنیکے قابل ۔

کشٹ پرد ۔ }
کشٹ کر ۔ } تکلیف دینے والا ۔
کشٹ دایک ۔ }

کشٹھ ۔ کوڑھ ۔ جذام ۔

کُشٹھی ۔ کوڑھ والا ۔ جذامی ۔

کشچت ۔ کوئی ۔ کوئی ایک ۔

کشدر ۔ روگ ۔ بیماری ۔ سوراخ ۔ روزن ۔

کشُدر ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔ کمینہ ۔ بیکار ۔ حقیر ۔ نیچ ۔ چھوٹا تھوڑا ۔ ظالم ۔ غریب ۔

کشدرا ۔ طوائف ۔ شہد کی مکھی ۔

کشدر بدھی ۔ ناقص العقل ۔ احمق ۔

کشدر جیو ۔ حیوان مطلق ۔

کشُدھا ۔ بھوک ۔ گرسنگی ۔

کشُدھاتر ۔ بھوکا ۔ گرسنہ ۔

کشُدھاوان ۔ بھوکھا ۔ گرسنہ ۔

کُشُدھت - بھوکھا - گُرسنہ -

کُشَر - فانی - ابر - پانی - روح جسم - بے خودی - حادث -

کُشُر - اُسترہ - چھرا - کھُر -

کُشَرَن - رسنا - جھرنا - گرنا - پھسلنا -

کُشُری - چھُری - چاقو -

کُشُریکا - چھوٹی چھُری - چاقو -

کِشکِندھا - ایک شہر کا نام جس کا راجہ دالی باز تھا -

کُشَل - } صحت - خیر و عافیت - امن و امان - خیریت -
کُشَلتا - } تندرستی - راحت - آرام - اچھا - چالاک تیز

کُشلا - خوش - اچھا - ٹھیک -

کُشَلَک - پیچ - کمینہ -

کُشَل کُشیم - خیر و عافیت -

کُشَل منگل - خیر و عافیت -

کُشَلی - مبارک - سعید - نیک شگون -

کُشَم - لائق - قابل - قادر - بکار آمد - طاقتور - واضح ہو کہ یہ لفظ مرکبات میں آخر میں لگایا جاتا ہے - لاحقہ - جیسے [illegible] کاریہ کشم) وغیرہ -

کُشَا - [illegible] - [illegible] - رات - شب -

کُشَما - [illegible] - [illegible] - تحمل - برداشت - معاف - عفو - رحم -

کُشَماپن - [illegible] - [illegible] کرنا -

[illegible] - [illegible] -

[illegible] -

[illegible] -

[illegible] - [illegible] - [illegible] - [illegible] - شاقت -

کَشمَل - بے خودی - بیہوشی - جہالت - گناہ -

کُشمنیہ - معاف کرنیکے لائق -

کُشن - پسا ہوا - چورا کیا ہوا -

کُشن - (چھن) بہت تھوڑا وقت - پل - دم - لحظہ - لمحہ -

کُشن بھنگُت - }
کُشن بھنگُر - } لمحہ بھر میں نیست و نابود ہونے والا -

کُشند - پانی - آب - نجومی - وہ جو رات کے وقت نہ دیکھتا ہو - شبکور -

کُشندا - رات - شب - لیل -

کُشنک - بہت تھوڑے وقت تک رہنے والا - ناپائدار -

کُشنی - چند روزہ - ناپائدار -

کُشوبھ - گھبراہٹ - کھلبلی - ہل چل - ڈر - رنج - غصہ - مصیبت

کُشوبھت - ڈرا ہوا - خوف زدہ -

کُشوبھک - ڈرانے والا - پریشان کرنے والا -

کُشود - بُکنی - سفوف - پوڈر

کُشور - بال بنوانا - حجامت -

کِشور - } دس سال سے پندرہ سال تک کی عمر کا لڑکا -
کِشورا - } آغاز جوانی کا زمانہ - مجازاً - بچہ - بیٹا -

کشورک - نائی - حجام -

کِشورکمار - شہزادہ -

کِشوری - گیارہ سے پندرہ سال کی عمر والی لڑکی -

کشوری - اُسترا -

کشویکا - دل لگی - شعبدہ -

کشون - زمین - ارض -

کشونی - زمین - ارض -

کشئے ۔ آہستہ آہستہ گھٹنا ۔ فنا ہونا ۔ نقصان ۔ کمی ۔ بربادی ۔ گھر ۔ خانہ ۔ تپ دق ۔

کشئی ۔ کشئے روگ والا یعنی تپ دق والا ۔ مدقوق ۔

کشیپ ۔ آفرینندۂ عالم ۔ ایک مُنی کا نام جو مریچ کا بیٹا تھا ۔

کشیپ ۔ } پھینکنا ۔ ترغیب دینا ۔ ٹھوکر ۔ بدنامی نقص
کشپن ۔ } گزارنا ۔ بتانا ۔

کشیپک ۔ پھینکا ہوا ۔ پھینکنے والا ۔ وہ حصہ جو کتابوں میں مابعد شامل کیا گیا ہو ۔

کشیپن ۔ شبہہ ۔ شک ۔

کشیتر ۔ کھیت ۔ جگہ ۔ میدان ۔ ہموار زمین ۔ پاک جگہ مقام پیدائش ۔ عورت ۔ جورو ۔ جسم ۔ بدن ۔ تیار نگاہ آلۂ کار ۔ حواس خمسۂ ظاہری و باطنی ۔ دل ۔ خواہش خصومت ۔ آرام ۔ دُکھ ۔ سنسکار ۔ قوت تمیز ۔ ہمت ۔

کشیتر پال ۔ کھیت کا مالک یا محافظ ۔

کشیتر پھل ۔ آمدنی زراعت

کشیترج ۔ بارہ قسم کی اولاد میں سے ایک یعنی وہ لڑکا جو اپنی منکوحہ زوجہ سے کسی دوسرے مرد سے اپنے منشار کے ساتھ پیدا کیا گیا ہو ۔ ایسا بیٹا اپنا بیٹا متصور ہوتا تھا ۔ واضح ہو کہ اس قسم کی اولاد کلجگ میں ناجائز قرار دی گئی ہے ۔

کشیتر گنت ۔ علم ریاضی ۔

کشیتر گیہ ۔ کسان ۔ روح ۔ جان ۔ خداوند تعالیٰ ۔

کشیر ۔ دودھ ۔ شیر ۔

کشیر کنٹھ ۔ دودھ موہا ۔

کشیم ۔ خیریت ۔ آرام چین ۔ ترقی ۔ خوشی ۔ نجات ۔

کشیم کر ۔ خوشی دینے والا ۔ راحت رساں ۔

کشیم کشل ۔ خیر و عافیت ۔

کشین ۔ دُبلا ۔ پتلا ۔ لاغر ۔ کمزور ۔ ناتوان ۔ بے طاقت ۔ نازک ۔ نقصان ۔ غریب ۔ گھٹا ہوا ۔ ٹوٹا ہوا ۔ گھلا ہوا ۔ کھویا ہوا ۔ سڑا ہوا ۔

کشیہ ۔ شراب ۔ گھوڑے کا تنگ ۔

کشیی ۔ مدقوق ۔

ککٹ ۔ مُرغا ۔ خروس ۔

ککٹی ۔ مُرغی ۔ خروس مادہ ۔

ککر ۔ کتا ۔ سگ ۔ کلب ۔

ککرم ۔ بُرا کام ۔ کار بد ۔ فعل بد ۔ گناہ ۔

ککرمی ۔ بدکار ۔ بد ۔ بُرا ۔

ککشی ۔ گود ۔ بغل

ککُری ۔ کتیا ۔ سگ مادہ ۔

ککتستھ ۔ سورج بنسی ایک راجہ جس کا دوسرا نام پُرنجے تھا ۔

ککش ۔ گود ۔ بغل ۔

ککش ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ بطن ۔ اندر ۔ بیچ ۔

ککشا ۔ کمربند ۔ علم نجوم کا ایک دائرہ برابری کا درجہ ۔

ککشی ۔ پیٹ ۔ شکم ۔ بطن ۔

ککشی ۔ کنگنی ۔ پہنچی ۔

کل ۔ خوش آواز ۔ تخم ۔ میٹھا ۔ خوبصورت ۔

کل ۔ یقیناً ۔ بیشک ۔

کُل ۔خاندان ۔نسل ۔قبیلہ ۔کنبہ ۔دودمان ۔قوم ۔ ذات ۔گھرانا ۔نسب ۔اصل ۔اہل وعیال ۔
کَل ۔بہرا ۔کرٗ ۔
کَلاَ ۔بہت چھوٹا حصّہ ۔انش کا آٹھواں حصّہ ۔ چاند کی روشنی کا سولہواں حصّہ ۔گانا ۔بجانا ۔ناٹک کھیلنا ۔مصوّری وغیرہ کے (۶۴) فنونِ لطیفہ ۔منٹ ۔ دقیقہ ۔تیزی ۔مکر ۔فریب ۔خصلت ۔ہنر ۔
کَلاَپ ۔مجمع ۔قواعد زبان ۔کمیابی ۔غم ۔زیور ۔پرِ طاؤس ۔
کَلاَپَک ۔ } مور ۔طاؤس ۔
کَلاَپِی ۔ }
کَلاَتیت ۔وہ جو گھٹنے اور بڑھنے (نشیب وفراز) سے مبرّا ہو ۔
کُلاَچاَر ۔کوئی خاص خاندانی رسم ورواج ۔
کُلاَچاَریہ ۔خاندان کا مُرشد ۔پروہت ۔
کَلاَدھر ۔چاند ۔ماہ ۔
کَلاَر ۔کلوار ۔کلال ۔شراب فروش ۔
کَلاَرِن ۔زن مئے فروش ۔
کُلاَل ۔کمہار ۔کوزہ گر ۔
کَلاَنت ۔تھکا ہوا ۔مُرجھایا ہوا ۔افسردہ ۔ماندہ ۔
کَلاَنتی ۔تھکاوٹ ۔تھکن ۔ماندگی ۔تکلیف ۔
کُلاَنچ ۔کود ۔پھاند ۔چھلانگ ۔اچھال ۔لپک ۔
کُلاَنگاَر ۔خاندان تباہ کرنیوالا ۔
کُلاَنگناَ ۔اعلیٰ خاندان والی عورت ۔
کَلاَوَنت ۔گویّا ۔مطرب ۔خنیاگر ۔مغنی ۔

کَلوِنک ۔چڑیا ۔

کُلاَہَل ۔ } شوروغل ۔غوغا ۔
کولاَہَل ۔ }
کُلاَے ۔گھونسلا ۔آشیانہ ۔
کَلبش ۔قصور ۔نقص ۔گناہ ۔خرابی ۔بیماری ۔
کُل بدھو ۔(وَدھُو) وہ عورت جو اعلیٰ خاندان سے ہو ۔
کُل بوڑ ۔وہ شخص جو اپنے خاندان کی بدنامی کا باعث ہو ۔
کَلبھ ۔ہاتھی کا بچہ ۔
کَلپ ۔وید کے چھ حصّوں میں سے ایک حصّہ ۔برہما کا ایک دن اور رات جو انسان کے ہزار بار چار جگوں کے برابر ہونا مانا گیا ہے ۔قرن ۔قیامت ۔شبہہ ۔شک ۔ ارادہ ۔مطلب ۔مقصد ۔خواہش ۔طریقہ ۔طور ۔معقولیت مناسبت ۔لیاقت ۔قابلیت ۔درُستی ۔شک ۔قصد ارادہ ۔رُسوم ۔
کُل پالک ۔خاندان کو پرورش کرنے والا ۔
کُل پاَلی ۔پارسا اور پاکدامن عورت ۔
کَلپاَنا ۔کڑھانا ۔ستانا ۔دُکھ دینا ۔
کَلپاَنت ۔دنیا کا انجام یعنی قیامت ۔
کَلپِت ۔بنایا ہوا ۔ساختہ ۔مصنوعی ۔فرضی ۔بناوٹی ۔جھوٹا ۔ غیر صحیح ۔موہوم ۔
کُلپَت ۔بزرگ اور مالک خاندان ۔
کَلپتَرُو ۔ } دیوتاؤں کے باغ کا ایک درخت ۔طوبیٰ ۔
کَلپَدرُم ۔ } کہتے ہیں کہ یہ درخت جس چیز کی خواہش ہوتی ہے وہ دیتا ہے ۔جیسے (کامدھین)
کَلپناَ ۔بچار ۔بناوٹ ۔تدبیر ۔نقل ۔جعلسازی ۔صنعت ۔ایجاد ۔

مان لینا۔ قرض کرنا۔

کُلپنا۔ کُڑھنا۔ پچھتانا۔ رنجیدہ ہونا۔ دُکھ پانا۔

کُلپِت۔ سجایا ہوا۔ ایجاد کیا ہوا۔ زینت دیا ہوا۔

کُلتارن۔ اپنے خاندان کو زینت دینے والا۔ شرف خاندان

کُلتر۔ بیوی۔ زوجہ۔ قلعہ۔

کُلتھا۔ کلتھی۔ ماش۔ حب القلب۔

کُلٹ۔ مُرغا۔ خروس۔

کُلٹ۔ عیاش۔ (مرد)

کُلٹا۔ کسبی۔ روسپی۔ قحبہ۔

کُل جبھا۔ بدخواہ۔ بدخو۔

کَلجُگ۔ (دُیگ) آدوار زمانے میں سے چوتھے دور کا نام جو اس وقت چل رہا ہے اور یہ (۴۳۲۰۰۰) سال کا ہے۔ جسے شروع ہوکر (۵۰۰۰) سال کا زمانہ گزر چکا۔ دور حاضرہ۔

کُلچھن۔ (کُلکشن) بدچلنی۔ بدکرداری۔ بدخوئی۔ بدمزاجی۔

کُلچھنا۔ (کُلکشنا) بدخو۔ بدمزاج۔ ناشائستہ۔

کُلدروہی۔ اپنے خاندان کو بدنام اور برباد کرنے والا۔

کُل دھر۔ بیٹا۔ پسر۔

کُل دھرم۔ کسی خاندان کا خاص رواج اور طریقہ۔

کُل دیو۔ } وہ دیوتا جس کی پرستش آباواجداد سے کسی
کُل دیوتا۔ } خاندان میں مسلسل چلی آتی ہو۔

کلرو۔ میٹھی آواز۔

کلس۔ } گنبد۔ قبہ۔ برتن۔ ظرف۔ گھڑا۔ سبو۔ پانی رکھنے کا
کلش۔ } برتن۔ نوکدار مینار کی چوٹی۔ گنبد کے اوپر کی کلغی۔
کلشا۔ } سونے وغیرہ کا قبہ۔

کَلش۔ گندلا۔ میل۔ پاپ۔ گناہ۔ ناراضی۔

کُلش۔ ہیرا جو مشہور جواہر ہے۔ بجلی۔ صاعقہ۔

کلُشت۔ میلا۔ نقص۔

کلِشت۔ مصیبت زدہ۔

کلِشٹ۔ بڑا سخت۔ بڑا مشکل۔

کلِک۔ تلچھٹ۔ دُرد۔ میل۔ غلاظت۔ گناہ۔ دھوکا۔

کلک۔ چُورن۔ ٹکنی۔ بُرادہ۔

کلِکا۔ پھول کی کلی۔ شگوفہ۔ غنچہ۔

کِلکاری۔ بندر کا دانت پیسنا۔ قہقہہ۔

کُلکشن۔ بُرا چال چلن۔ بدعلامت۔

کُلکشنی۔ بدچال چلن والا۔ بدعلامات کا۔

کل کل۔ جھک جھک۔ بک بک۔ پانی جھرنے وغیرہ کی آواز۔ شور۔ غوغا۔

کِلکِل۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ تکرار۔

کِلکلا۔ خوشی کی آواز۔ بندر کی آواز۔ زود رنجی۔ غصہ۔ شور۔ غوغا۔

کُلکلا۔ غرغرہ۔

کل کنٹھ۔ کوئل۔ حسین اور خوش آواز عورت۔

کلکی۔ دسویں اوتار کا نام جو آیندہ زمانے میں ہوگا۔ کہتے ہیں کہ وہ اوتار شہر (سامبل) اور خاندان (وشنو شرما) میں نمودار ہوگا۔ اور تمام بدکاروں کو نیست و نابود کردیگا۔

کُل گھاتی۔ خاندان کو برباد کرنے والا۔

کلمش۔ عیب۔ میل۔ نقص۔ گناہ۔ پاپ۔ عصیاں۔ دوزخ۔

کلن۔ شمار کرنا۔ علامت۔

کُل ناشی۔ خاندان۔ تباہ و برباد کرنیوالا۔

کَلَنْک - داغ - عیب - دھبہ - نقص - بہتان - تہمت - الزام - شبہہ - بدنامی - رسوائی - زنگ - خفت - سیاہی - علامت بدی -

کَلَنْکِت - دھبے دار - داغدار - عیبدار - خراب - بدنام -

کَلَنْکی - معیوب - عیبدار - داغدار - زشت - زنگ آلود - بدنام - رسوا - ملامتی - خراب -

کَلِنْگ - وہ ملک جو کٹک سے مدراس تک ہے -

کَلْوار - کلال - مے فروش -

کُلْوان - اچھے خاندان کا - شریف -

کَلُوٹا - سیاہ فام -

کُل وَدھو - (بدھو) نیک اور پاکدامن عورت -

کَلُول - کھیل کود - اٹھکیلی - چنچلاہٹ - خوشی - بڑی لہر -

کَلُول - ترنگ - لہر -

کَلُول - مصیبت - آفت -

کُلوَنْت - }
کُلوان - } شریف خاندان والا مرد - شریف النسب -
کُلوَنتا - } عالی خاندان - نجیب الطرفین -
کُلین - }

کُلوَنتی - نجیب و شریف (عورت)

کَلَہہ - جھگڑا - لڑائی - مخاصمت -

کَلَہہ کار - جھگڑالو - جنگ جو (مرد)

کَلَہہ کارنی - جھگڑالو اور زبان دراز عورت -

کَلَہی - جھگڑالو عورت - زبان دراز عورت -

کَلی - چوتھا جگ یعنی (کلجگ) لڑائی - جھگڑا -

کَمْکر - نوکر - مزدور -

کُلیا - نالا - نالی - نہر -

کَلیان - اقبالمندی - مبارکی - بھلائی - سکھ - بہبودی - خوشحالی - بہتری - فائدہ بخش - راحت - خوشی - سعادت - ایک نوا کا نام -

کَلیب - ہیجڑا - نامرد - کائر -

کُلید - تری - نمی - پیپ - ریم -

کَلیش - دکھ - تکلیف - درد - رنج - آفت - مصیبت - کلفت - فکر - بیماری - مرض - قصور - گناہ - جھگڑا - محنت - نزاع - غم -

کَلیش پرد - تنگ کرنیوالا - تکلیف دینے والا -

کَلیشِت - تکلیف دیا گیا - مصیبت زدہ - رنجور -

کَلیشَک - دکھ دینے والا - تکلیف دہ -

کَلیشن - تکلیف - دکھ -

کَلی کال - کلجگ کا زمانہ - دور حاضرہ -

کَلی یُگ - } (جگ) چار جگوں میں سے چوتھا جگ -
کَلیُگ - } دور حاضرہ -

کُلین - شریف خاندان کا - شریف - نجیب -

کُلینانی - شرافت - نجابت - والا گوہری -

کَلیو - ہیز - ہیجڑا -

کَلیو - باسی کھانا - صبح کا ہلکا کھانا - ناشتہ -

کَلیوا - باسی کھانا جس پر ایک رات گزر چکی ہو -

کَلیور - بدن - تن - جسم - جثہ - قالب -

کَلیوتا - نامردی -

کَلیہ - تڑکا - صبح -

کَم - پانی - آب - سر

کُم ۔ کیا ۔ کیوں ۔ کیسا ۔ کون ۔ کونسا کس طرح کس لئے ۔
کُمار ۔ (کُنوَر) پانچ سال کی عمر کا لڑکا ۔ ناکتخدا لڑکا ۔ بیٹا ۔
راجہ اور مزارعین کا لڑکا ۔ ولی عہد ۔
کُمارِکا ۔ لڑکی ۔ بیٹی ۔ دختر ۔
کُمارگ ۔ } بُرا راستہ ۔ بدراہ ۔ بدچال چلین ۔
کُپنتھ ۔
کُماری ۔ (کُنواری) لڑکی ۔ راجہ کی لڑکی ۔
کُماری ہتیا ۔ دختر کُشی ۔
کُماست ۔ نوکر ۔ خادم ۔ خدمتگزار ۔
کمبل ۔ کمل ۔ گلیم ۔
کمبلی ۔ کمل ۔ گلیم ۔ لوئی ۔
کمبو ۔ سنکھ ۔ ناقوس ۔ ہاتھی ۔ چتکبرا ۔
کُمبھ ۔ مٹی کا گھڑا ۔ کلش ۔ گیارہواں برج فلکی کا نام
یعنی دلو ۔ ہاتھی کا سر ۔
کُمبھج ۔ اگستیہ رشی کا نام ۔
کُمبھ کار ۔ کمہار ۔ کوزہ گر ۔
کُمبھ کرن ۔ راون کے بھائی کا نام ۔
کُمبھیر ۔ گھڑیال ۔ مگرمچھ ۔ نہنگ ۔
کُمبھی پاک ۔ ایک دوزخ کا نام ۔
کمپ ۔ } کانپنا ۔ ہلنا ۔ تھرتھراہٹ ۔ کپکپی ۔ لرزہ ۔
کمپن ۔
کمپت ۔ لرزان ۔
کمپن ۔ لرزہ ۔ کپکپی ۔
کمپنا ۔ کانپنا ۔ لرزنا ۔
کُمت ۔ بیوقوفی ۔ بے عقلی ۔ نادانی ۔ احمقی ۔

کمتی ۔ کیونکر ۔
کُمتی ۔ بُری سمجھ ۔ بدعقل ۔ جاہل ۔ احمق ۔
کمٹھ ۔ کچھوا ۔ سنگ پشت ۔ سادھوں کا تونبا ۔
کمٹھا ۔ ایک طرح کی کمان ۔
کُمُد ۔ وہ سفید کنول جو رات کے وقت کھلتا اور دن
کے وقت پژمردہ ہوتا ہے ۔ چاندی ۔ کافور ۔ ایک
بانر کا نام ۔ وشنو ۔
کُمُدنی ۔ وہ مقام جہاں سفید کنول بکثرت پیدا ہوں
کنولوں کا جھنڈ ۔
کنس ۔ کانسا ۔ گلاس ۔ کٹورا ۔ منجیرا ۔ جھانجھ ۔ متھرا کے
راجہ اُگرسین کا بیٹا سری کرشن جی کا ماما اور دشمن
جسے سری کرشن نے مار ڈالا ۔
کنسکار ۔ کسیرا ۔ کسگر ۔
کُمکُم ۔ کیسر ۔ زعفران ۔ گلال ۔
کُمکُما ۔ گلال رکھنے کا برتن ۔
کَمَل ۔ لقمہ ۔ نوالہ ۔ شریف زادہ ۔ کنول ۔
کملا ۔ قابل قدر و لائق تحسین عورت ۔ لکشمی دیوی کا لقب
جو کنول سے نمودار ہوئیں ۔ دولت ۔
کملاسن ۔ پلتھی کی بیٹھک ۔
کمل لوچن ۔ دیکھو (کمل نین)
کمل نال ۔ کنول کی ڈنڈی جس پر پھول رہتا ہے ۔
کملنی ۔ وہ تالاب جس میں کنول کثرت سے ہوں ۔ چھوٹا کنول ۔
کمل نین ۔ جس کی آنکھیں کنول کے پھول کی طرح خوشنما ہوں
کمن ۔ شہوتی ۔ خواہشمند ۔ خوبصورت قابل پسند ۔
کُمنترنا ۔ بُری رائے ۔ خراب مشورہ ۔ سازش ۔

کمنتری ۔ بدوزیر۔

کمنڈل ۔ سنیاسیوں اور جوگیوں کے پانی پینے کا برتن جو کسی دھاتو۔ مٹی۔ تمڈی یا دریائی ناریل وغیرہ کا ہو۔ کشکول۔

کمنیہ ۔ دلچسپ۔ دلکش۔ خوبصورت۔

کم وا ۔ یا۔

کم وونتی ۔ لوگوں کا کہنا۔ گپ۔ افواہ۔

کموری ۔ مٹکی۔ گگری۔

کن ۔ دانہ۔ بیج۔ اناج۔ نہایت چھوٹا ٹکڑا۔ ذرہ۔ ریزہ۔ روہ۔ شگوفہ

کناگت ۔ آشوج کے وہ پندرہ دن جن میں ہندو اپنے مردوں کے نام پر خیرات کرتے ہیں۔ شرادھ۔

کنبا ۔ گھرانا۔ خاندان۔ قبیلہ۔

کنبھ ۔ (کمبھ) پانی کا گھڑا۔ سبو۔ پستان زن نشان۔ برج دلو۔

کنبھار ۔ / کنبھکار } کمہار۔ کوزہ گر۔

کنبی ۔ (کمبی) صاحب خاندان۔ کسان۔ کاشتکار۔ چھتری یعنی چار فرقوں میں سے دوسرا فرقہ۔

کنپ ۔ کانپنا۔ لرزنا۔

کنپ ۔ جسم مردہ۔ لاش۔

کنت ۔ مالک۔ خاوند۔ پیارا۔ دوست۔

کنت ۔ برچھی۔ بھالا۔

کنتا ۔ برچھا۔ نکیلا تیر۔

کنتل ۔ سر کے بال۔ بالوں کی چوٹی۔

کنتو ۔ پر۔ مگر۔ لیکن۔ بلکہ۔

کنتھا ۔ فقیر کی جھولی۔ زنبیل۔ گدڑی۔ دلق۔ خرقہ۔

کنتی ۔ پانڈو کی زوجہ یعنی جدھشٹر، ارجن اور بھیم کی والدہ۔

کنٹار ۔ کانٹے والا۔ خاردار۔

کنٹک ۔ کانٹا۔ خار۔ دشمن۔ عدو۔ تکلیف دہ۔ کمینہ۔

کنٹھ ۔ گلا۔ گلو۔ گردن۔ حلق۔ عنق۔ نزدیک۔ قریب۔ آواز۔ ازبر یاد کرنا۔

کنٹھا ۔ / کنٹھلا ۔ } کنٹھی۔ ہسلی۔ ہار۔ مالا۔

کنٹھا بھرن ۔ زیور گلو یعنی وہ زیور جو گلے میں پہنا جائے۔

کنٹھا گر ۔ زبانی یاد کرنا۔ حفظ کرنا۔ ازبر کرنا۔

کنٹھت ۔ نکما۔ کند۔ بے کار۔

کنٹھستھ ۔ زبانی یاد۔ ازبر۔

کنٹھک ۔ روٹھنے والا۔ جاہل۔ احمق۔

کنٹھی ۔ چھوٹی مالا۔ ہار۔

کنٹھیرو ۔ شرزہ۔ ببر۔

کنج ۔ کمل۔ کنول۔ پڑجیب۔ ملازہ۔ بال۔ برہما۔

کنج ۔ وہ مقام جس کے اطراف گھنے درخت اور بیلیں ہوں۔ کوچہ۔ گوشۂ تنہائی۔ ہاتھی دانت۔

کنج بہاری ۔ سری کرشن جی کا لقب۔

کنجر ۔ ہاتھی۔ فیل۔ اعلیٰ۔ بال۔ ہنومان جی کے نانا کا نام۔

کنجر ۔ ایک ذات کے لوگ جو سانپ پکڑتے اور کھاتے ہیں۔

کنچ ۔ اور بھی۔ نیز۔

کنچت ۔ کچھ۔ تھوڑا۔ کم۔ قلیل۔ اندک۔ ذرا سا۔

کُنچت ۔ ٹیڑھا ۔ جھکا ہوا ۔ خمیدہ ۔

کَنچُک ۔
کَنچُلی ۔
کَنچُر ۔
کَنچُو ۔
} چولی ۔ انگیا ۔ سینہ بند ۔ اچکن ۔

کَنچن ۔ سونا ۔ طلا ۔ زر ۔ ذہب ۔ کنچنی ۔ لولی ۔

کنچن ۔ تھوڑی چیز ۔

کنچن ماتر ۔ ذرا سا ۔

کُنچی ۔ قفل ۔ کُنجی ۔

کَنْد ۔ وہ پھل جو زمین کے اندر پیدا ہو جیسے شکر قند وغیرہ ۔ جڑ ۔ بیج ۔

کُنْد ۔ ایک طرح کا سفید پھول ۔ موگرا ۔

کَندپرلئے ۔ قیامت صغرا ۔

کَندَر ۔
کَندرا ۔
} کھنڈر ۔ غار ۔ کھوہ ۔ گپھا ۔ گہا ۔ درار ۔ مغاک ۔

کَندُک ۔ گیند ۔ گول تکیہ ۔ لڈو ۔

کُندَل ۔
کُندَن ۔
} اچھا سونا ۔ طلائے خالص ۔

کَندمول ۔ زمین کے اندر پیدا ہونے والے پھل جن کو رشی وغیرہ کھایا کرتے ہیں ۔ جیسے شکر قند ۔ گاجر ۔ مولی وغیرہ ۔

کَنْدَن ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ بربادی ۔

کَندُو ۔ لوہے وغیرہ کی کڑاہی ۔

کَندھ ۔ ڈالی ۔ شاخ ۔ کاندھا ۔ دوش ۔ کتف ۔

کَندھا ۔ کاندھا ۔ مونڈھا ۔ کنگھی ۔ شانہ ۔

کَندھی ۔ سمندر ۔ دریا ۔ ابر ۔ بادل ۔ گلا ۔ گلو ۔

کَندھر ۔ کاندھا ۔ دوش ۔ گردن ۔ گلا ۔ حلق ۔ بادل ۔ ابر ۔

کَنڈی ۔ اُپلی ۔ پاتھک ۔

کُنڈ ۔ تالاب ۔ باؤلی ۔ چاہ ۔ کنواں ۔ گڑھا ۔ وہ حوض جس میں آگ کی قربانی دی جاتی ہو ۔ پانی کا وہ چشمہ جو کسی خاص مقدس کام کے لئے معین ہو ۔

کُنڈل ۔ گھیرا ۔ دائرہ ۔ حلقہ ۔ باؤلی ۔ کان کا ایک قسم کا آویزہ ۔ چاند یا سورج کے گرد کا ہالہ ۔ خرمن ماہ ۔

کُنڈلی ۔ ہر وہ چیز جو گول ہو ۔ گھیرا ۔ حلقہ ۔ چھلہ ۔ لچھا ۔ دائرہ ۔ سانپ ۔ زائچہ ۔

کَنڈنی ۔
کَنڈار ۔
} اوکھلی ۔ ہاون ۔

کَنڈو ۔ کھجلی ۔ خارش ۔

کُنڈھ ۔ دیکھو (کُنڈ)

کِنّر ۔ راجہ اندر کے دربار میں گانے والوں کا ایک فرقہ ۔ کبیر کے ملازموں کی ایک پیدائش جس کا جسم انسان کا اور منہ گھوڑے کا جسم گھوڑے کا اور منہ انسان کا ہونا مانا گیا ہے ۔

کِنّری ۔ کِنّر کی زوجہ ۔

کَنش ۔ دیکھو (کَنش)

کَنِشٹھ ۔ بہت چھوٹا ۔ سب سے چھوٹا ۔ ادنیٰ ۔ تھوڑا ۔ ہر چھوٹی چیز ۔

کَنِشٹھا ۔
کَنِشٹھکا ۔
} سب سے چھوٹی انگلی ۔ کن انگلی ۔ چھنگلیا ۔ خنصر

کَنَک ۔ سونا ۔ طلا ۔ ذہب ۔ دھتورا ۔

کُنک - کوا - زاغ - بگلا - کیکڑا - مکر - فریب - برہمن - جُدھشٹر -

کِنک -
کِنکا - } باریک ریتی - ذرہ - ریزہ - دانہ -

کنکال - ٹھٹھری - اِسکلٹن -

کِنکر -
کِنکا - } نوکر - غلام - خادم - بندہ - تابعدار -

کُنکم -
کُنکما - } زعفران - لال رنگ کی ایک بکنی جس سے پیشانی پر قشقہ لگاتے ہیں -

کنگن - پہنچی کنگن - دست برنجن - سوار -

کِنکِنی - گھنٹی - ژنگولہ -

کنگار - کہار - بھوئی -

کنگنی - ایک طرح کا اناج - چوڑی کنگن -

کُنوار -
کُنوارا - } ناکتخدا لڑکا - بیٹا -

کنوارپن - لڑکے کا شادی سے پہلے کا زمانہ -

کُنور - ناکتخدا لڑکا - بیٹا - راجہ کا بیٹا -

کُنواری - بن بیاہی لڑکی - بیٹی - راجہ کی بیٹی -

کنوجیا - ملک قنوج کا رہنے والا - برہمنوں کی ایک ذات جو قنوج سے متعلق ہے -

کنول - کمل - نیلوفر - گلنار -

کنہیا - سری کرشن جی کا لقب -

کنیا - دس سال کے اندر کی ناکتخدا لڑکی - کنواری - دوشیزہ - باکرہ - بیٹی - دختر - بروج فلکی سے ایک برج کا نام یعنی سنبلہ - درگا دیبی کا لقب -

کنیا دان - بیاہ کے موقع پر ماں باپ کا دولہا کو دلہن کے سپرد کرنا - دست پیمان -

کنیا دھن - وہ دولت جو عورت کو خاص بیاہ کے وقت متعلقین کی جانب سے ملی ہو - یہ ایک قسم کا استری دھن ہے -

کنیا کماری - راس کماری -

کنیا گت - بزرگوں کی فاتحہ کی رسم جو ماہ آسن کے نصف آخر میں ادا کی جاتی ہے - پتر پچھ - سورج کا کنیا نامی برج میں داخل ہونا -

کُنیت - بُرے چال چلن -

کُنیتی - بدنیتی - بدخلقی - ظلم -

کنیکا - دس برس کے اندر کی لڑکی - کنواری لڑکی -

کنینکا - مردمک چشم -

کو - دیکھو (کوی)

کُو - بد - زشت - برا - خراب - بدکار - واضح ہو کہ یہ لفظ ہمیشہ اسم کے پہلے آکر صفت کے معنی دیتا ہے - جیسے (سنگ) (کوسنگ) (ریش) (کوریش) وغیرہ -

کُوا - کنواں - باولی - چاہ -

کواتھ - جوش دیے ہوئے دواؤں کا پانی یعنی کاڑھا -

کوات - کواڑ - دروازہ - در -

کُوار - قمری - ساتویں مہینے کا نام یعنی آشون - آسوج -

کُوارا - ناکتخدا شخص -

کُواری - (کماری) بیٹی - دختر - لڑکی - دوشیزہ -

کُواکیہ - برا کلام - سخت بات -

کوبڈ - دیکھو (کوبڑ)

کُوپ ۔ کنواں ۔ چاہ ۔ باؤلی ۔ تالاب ۔ کنڈ ۔ سوراخ ۔

کوُپ ۔ غصّہ ۔ عتاب ۔ غضب ۔ خشم ۔ خفگی ۔ کون ۔ کدام ۔

کوپاکُل ۔ غصّہ ور ۔ غضبناک ۔

کوپہ وَشَٹ ۔ (دونت صاحب کا) غصّے سے بھرا ہوا ۔

کوپِت ۔ غصّہ ور ۔ غضبناک ۔ قہر آلود ۔

کوپتھ ۔ (کو بمعنی خراب ۔ پتھ بمعنی راہ) بُرا راستہ ۔ وہ کھانا جو منہضم نہ ہو سکے ۔

کوپَر ۔ کٹورا ۔ کٹوری ۔ پیالہ ۔

کوپ منڈوک ۔ کنوے کا مینڈک ۔ مجازاً نالائق ۔

کوپَل ۔ نئی ملائم پتی جو درخت میں سب سے پہلے نکلتی ہے انکر

کوپَن ۔ غضبناک ۔

کوپی ۔ غصّہ ور ۔ خشمناک ۔ قہر آلود ۔

کوپین ۔ / کوپین ۔ } کپڑے کا ٹکڑا ۔ لنگوٹ ۔ لنگوٹی ۔

کوِت ۔ (کبت) شعر ۔ نظم ۔

کوُت ۔ پیمائش ۔ اندازہ ۔ کچّا حساب ۔

کوِتا ۔ / کوِتائی ۔ / کوِتوہ ۔ } (کبتا) نظم ۔ شعر ۔ شاعری ۔

کوتک ۔ ہنسی ۔ خوشی ۔ کھیل ۔ تماشا ۔ دل لگی ۔ تفریح ۔ نظارہ ۔ بداطواری ۔ بُری روش ۔ چالاکی ۔ حیلہ ۔

کوتک شالا ۔ تماشا گھر ۔

کوتکی ۔ دل بہلانے والا کھلاڑی ۔ ہنس مکھ ۔

کوتھلی ۔ تھیلی ۔ بٹوا ۔

کوتنا ۔ / کوتنا ۔ } مول ٹھہرانا ۔ قیمت جانچنا ۔

کوتوہل ۔ دل لگی ۔ تماشا ۔ خوشی ۔ خواہش ۔

کوُٹ ۔ جھوٹ ۔ مکر ۔ کپٹ ۔ دھوکا ۔ نقل ۔ بدبازی ۔ پہاڑ کی اونچی چوٹی ۔ سینگ ۔

کوٹ ۔ گڑھ ۔ قلعہ ۔ حصار ۔

کوٹی ۔ کروڑ ۔ مجازاً بہت ۔ فراواں ۔

کوٹا ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ اونچائی ۔ بھیڑ ۔ تھوڑا ۔ پہیلی ۔ اتفاق ۔ دھوکہ ۔ فریب ۔

کوٹان کوٹ ۔ بے شمار ۔ بے اندازہ ۔

کوٹ ساکشی ۔ جھوٹا گواہ ۔

کوٹستھ ۔ اعلیٰ درجہ کا ۔ اٹل ۔ اچل ۔ جو فنا نہ ہو ۔ چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔ لامکان ۔ روح ۔ خداوند تعالیٰ ۔

کوٹ کرم ۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا ۔

کوٹلیہ ۔ ٹیڑھاپن ۔ بغض ۔ کدورت ۔

کوٹمبک ۔ صاحب خاندان ۔

کوٹی ۔ کروڑ یعنی سو لاکھ ۔ کمان کا اگلا حصّہ ۔ کسی ہتھیار کی نوک ۔ جانب ۔ درجہ ۔

کوجات ۔ (کو بمعنی بد) پنچ خاندان کا ۔

کوجن ۔ بولنا ۔ شیریں آواز کرنا ۔

کوجنا ۔ بولنا ۔ آواز کرنا ۔

کوَچ ۔ زرہ بکتر ۔ تعویذ ۔ گنڈا ۔ دگلہ ۔ ایک قسم کا نقارہ جو جنگ کے وقت بجاتے ہیں ۔

کوچال ۔ (کو بمعنی بد) بدچال ۔

کوچت ۔ بعض ۔ کوئی ہی ۔ شاید ہی ۔ بہت کم ۔ کہیں ۔ تھوڑا ۔ کہیں کہیں ۔

کودرشٹ ۔ (کو بمعنی بد) نگاہ بد ۔ چشم بد ۔

کودنڈ ۔ دھنش ۔ کمان ۔

کُوڈھ ۔ احمق ۔ گنوار ۔ جاہل ۔

کُوڈی ۔ لوہے کی ٹوپی ۔ خود ۔

کُوڑ ۔ نوالہ ۔ لقمہ ۔

کُوڑ ۔ ظالم ۔ بے رحم ۔ گنوار ۔

کُوراج ۔ ملک الشعراء ۔

کُورچ ۔ / کُورچکا ۔ } کوچی ۔ برش ۔ موقلم ۔

کُورک ۔ کلی ۔ غنچہ ۔

کُورم ۔ کچھوا ۔ کشف ۔ دوسرے اوتار کا نام ۔ سولہواں پران

کُورم اوتار ۔ کچھوے کا اوتار جو دوسرا اوتار ہے ۔

کُورنگ ۔ ہرن ۔ آہو ۔

کُورو ۔ کرو نامی خاندان کی اولاد جو دہلی کے بادشاہ تھے ۔ جن کی پانڈوؤں کے ساتھ مہابھارت کی مشہور لڑائی ہوئی ۔ واضح ہو حالانکہ دھرتراشٹر اور پانڈو ان دونوں کے بیٹے اور پوتوں کو (کورو) کہہ سکتے ہیں ۔ مگر خاص طور پر دھرتراشٹر کے بیٹوں کو (کورو) اور پانڈو کے بیٹوں کو (پانڈو) کہتے ہیں ۔

کُوروپ ۔ (کو بمعنی بد) بدصورت ۔ زشت رو ۔

کُوریت ۔ (کو بمعنی بد) خلاف رسم و رواج ۔ خلاف قانون و دستور ۔ برے چال چلن ۔ بد چلن ۔

کُوزیال ۔ کمینہ ۔ زبون ۔ نازیبا ۔

کوستبھ ۔ سری کرشن کی حمائل کے ایک جواہر کا نام جو سمندر کے بلونے سے برآمد ہوا

کوسلا ۔ / کوشلا ۔ } اجودھیا کا نام جسے اودھ کہتے ہیں ۔

کوشلیا ۔ کوسل دیش کے راجہ کی بیٹی راجہ دشرتھ کی زوجہ سری رامچندر جی کی والدہ ماجدہ کا نام ۔

کُوسنگ ۔ (کو بمعنی بد) بری صحبت ۔ خراب صحبت ۔

کوش ۔ تلوار وغیرہ کی میان ۔ غلاف ۔ پردہ ۔ لغت ۔ فرہنگ ۔ خصیہ ۔ فوطہ ۔ خایہ ۔ پھپلی ۔ انڈا ۔ بیضہ ۔ بچہ دان یعنی رحم ۔ خزانہ ۔ مخزن ۔ ذخیرہ ۔ جائفل ۔ عدالتی تحقیقات ۔ ریشم کا کویا ۔

کوشادھیکش ۔ بھنڈاری ۔ خزانچی ۔

کوشاگار ۔ وہ مکان جہاں خزانہ رکھا جائے ۔

کوشانک ۔ خط وحدانی ۔ انڈا ۔ بیضہ ۔

کوشٹھ ۔ کوٹھری ۔ حجرہ ۔ کوٹھا ۔ خزانہ ۔ پیٹ کا اندرونی حصہ ۔

کوشک ۔ الو ۔ گدھ ۔ نیولا ۔ اندر ۔ وشوامتر منی کا نام ۔

کوشکار ۔ تلوار وغیرہ کا میان بنانے والا ۔ لغت نویس ۔ ریشم کا کیڑا ۔

کوشل ۔ ہوشیاری ۔ چالاکی ۔ چترائی ۔

کوشل پری ۔ اجودھیا کا دوسرا نام ۔

کوشل ۔ وہ ملک جو سرجو کے کنارے آباد ہے ۔

کوشمانڈ ۔ / کشمانڈ ۔ } پیٹھا ۔

کوشن ۔ کچھ گرم کچھ ٹھنڈا یعنی کنکنا ۔

کوک ۔ رونا پیٹنا ۔ گریہ وزاری ۔

کوک ۔ عیاشی ۔ چکوا ۔ چکرواک ۔

کوکا ۔ دودھ پلانے والی کا لڑکا ۔ کنول ۔

کوکر ۔ کتا ۔ سگ ۔ کلب ۔

کوکرم ۔ فعل بد ۔ کار بد ۔

کوکر متا ۔ (کوکر بمعنی سگ ۔ متا بمعنی شاشہ) سماروغ ۔

جو کتّے کے پیشاب کرنے سے نمناک زمین میں پیدا ہوتا ہے۔

کوک شاستر۔ وہ شاستر (قواعد) جس میں عورتوں سے صحبت (مجامعت) کرنے کا حال درج ہے۔

کوکل۔ / کوکلا۔ } کوئل جو مشہور پرندہ ہے۔ چکوا۔

کوکی۔ کوئل کی مادہ یعنی چکوی۔

کوکنا۔ رونا۔ چلانا۔ بولنا مثل کوئل کے گانا۔

کوکھ۔ پیٹ۔ شکم۔ بچہ دان۔ رحم۔

کوکھ بندھ۔ بانجھ۔ عقیمہ۔

کوگت۔ (کو بمعنی بد) بُری حالت۔ مصیبت۔

کول۔ اچھے خاندان والا۔

کول۔ نوالہ۔ لقمہ۔

کول۔ کنارہ دریا۔ تالاب۔ جھیل۔ ڈھال۔ سپر۔ ڈھیر۔ طرف

کول۔ سؤر۔ خوک۔ جنگلی آدمیوں کی ایک ذات۔

کولاہل۔ بہت سے آدمیوں کی آواز۔ شور۔ غوغا۔ غل۔ چیخ۔ ہنگامہ۔ دھوم دھام۔ فساد۔ غدر۔

کولک۔ موروثی۔

کولیہ۔ سفید یا نیلے رنگ کا کنول۔

کومار۔ پانچ سال کی عمر۔ لڑکپن۔ طفلی۔

کوماری۔ کسی شخص کی پہلی زوجہ۔ ایک شکتی کا نام۔ پاربتی کا ایک نام۔

کومت۔ کم عقل۔ احمق۔ بیوقوف۔

کومد۔ کاتک کا مہینہ۔

کومدی۔ نور ماہ یعنی چاندنی۔ ایک کتاب کا نام۔ ایک ندی کا نام

کومل۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ کچا۔ کنولا۔ لطیف۔ خوشگوار۔

کومل سوبھاؤ۔ ملائم طبع۔

کوملانگی۔ ملائم اور نازک جسم والی عورت۔

کوملتا۔ نرمی۔ نازکی۔ ملائمی۔ کچاپن۔

کون۔ کونا۔ کنارہ۔ گوشہ۔ زاویہ۔ پیغولہ۔

کوندھا۔ بجلی۔ برق۔

کووِد۔ عالم۔ دانا۔ عاقل۔

کوہ۔ غصّہ۔

کوہانا۔ روٹھنا۔ غصہ کرنا۔

کوہک۔ فریب۔

کوہنک۔ باز۔ جرہ۔ شاہین۔

کوہی۔ غصّہ ور۔ غضبناک۔

کوی۔ شاعر۔ عالم۔ سورج۔ آفتاب۔

کوییشور۔ بڑا شاعر۔ ملک الشعرا۔

کوئیل۔ ایک پرندہ۔ ایک پھول۔

کویہ۔ وہ کھانا یا لقمہ جو اپنے آبا و اجداد کے نام پر دیا ہے۔

کھ۔ آسمان۔ بہشت۔ حواس۔ نابود۔ صفر۔ گھر۔ پرندہ۔

کھات۔ کھودنا۔ کھدائی۔ تالاب۔ کنواں۔ گڑھا۔ غار۔ کھائی۔ خندق۔

کھاج۔ کھجلی۔

کھاؤک۔ قرضدار۔

کھانڈ۔ / کھانڈا۔ } تلوار۔ شمشیر۔

کھانڈو ۔ اندر پرستھ کے نزدیک کا بن ۔
کھاؤ ۔ روٹھنا ۔ روٹھ جانا ۔
کھاون ۔ کھانا ۔ خوراک ۔ خوردن ۔
کھاویہ ۔ کھانیکی چیز ۔ کھانیکے قابل ۔
کھپر ۔ کاسۂ سر ۔ جوگیوں کا مٹی کا برتن ۔
کھتا ۔ اناج رکھنے کا کوٹھا ۔
کھتری ۔ سپاہی ۔ لشکری ۔ ہندوؤں کے ایک فرقہ کا نام ۔
کھٹ ۔ کف ۔ بلغم ۔ اندھا کنواں ۔ گھونسا ۔
کھٹ رس ۔ چھ قسم کی لذتیں یعنی کڑوا[1] ۔ کھٹا[2] ۔ میٹھا[3] ۔ چرپرا[4] ۔ کسیلا[5] ۔ کھارا[6] ۔
کھٹ راگ ۔ چھ راگ یعنی میگھ[1] ۔ بھیروں[2] ۔ ملار[3] ۔ دیپک[4] ۔ سری[5] ۔ نیڈول[6] ۔ جھنجھٹ ۔ بکھیڑا ۔ بیکار اشیاء ۔
کھٹ شاستر ۔ چھ قسم کے شاستر ۔
کھٹوا ۔ کھاٹ ۔ چارپائی ۔ پلنگ ۔
کھٹیک ۔ قصاب ۔
کھچت ۔ کھینچا ہوا ۔ لکھا ہوا ۔ ملا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔ مرصع کار ۔
کھدیوت ۔ جگنو ۔ کرم شب تاب ۔ سورج ۔ آفتاب ۔
کھڈ ۔ گڑھا ۔ غار ۔
کھڈگ ۔ تلوار ۔ تیغ ۔ شمشیر ۔
کھر ۔ تیز ۔ سخت ۔ گدھا ۔ خر ۔ ایک راجس کا نام جو شورپ نکھا کا بھائی تھا ۔ چالاک ۔ گھاس ۔
کھرا ۔ تیز ۔ تیکھا ۔ اچھا ۔
کھرب ۔ سو ارب ۔ بونا ۔ نیچ ۔ کمینہ ۔
کھرتاؤ ۔ بہت تیز ۔ سخت مزاج ۔
کھرج ۔ سب سے بھلا سُر ۔

کھرجر ۔ }
کھرجور ۔ } کھجور ۔
کھرواٹ ۔ گنجا ۔
کھرہا ۔ خرگوش ۔ ارنب ۔
کھری ۔ گدھی ۔ خر مادہ ۔
کھرک ۔ گوشالا ۔ گوخانہ ۔ آہٹ ۔
کھڑاؤں ۔ نعلین چوبی ۔
کھک ۔ بازیگر ۔ فریبی ۔
کھک ۔ کوئل کی آواز ۔
کھگ ۔ پرندہ ۔ طائر ۔ تیر ۔ ستارہ ۔ کوا ۔ ہوا ۔ بادل ۔ آفتاب ۔
کھگول ۔ ہیئت ۔
کھگول بدیا ۔ (ودیا) علم ہیئت ۔ جیوتش ۔ نجوم ۔
کھل ۔ خراب ۔ بدکار ۔ ظالم ۔ چغلخور ۔ بے حیا ۔ مکار ۔ دشمن ۔ مرتد ۔ منکر ۔ بیکار ۔ گڑھا ۔ غار ۔ کمینہ ۔ نجس ۔ وہ کھل ۔ ٹوٹنے کی آواز ۔
کھالن ۔ خالی کرنا ۔
کھلین ۔ گھوڑے کی لگام ۔ لجام ۔
کھلنگا ۔ سیرگاہ ۔ شکارگاہ ۔
کھلو ۔ یقین ۔ اعتبار ۔ انکار ۔ نفی ۔
کھلواٹ ۔ گنجا جس کے سر پر بال نہ ہوں ۔
کھم ۔ خالی جگہ ۔ بل ۔ سوراخ ۔ آسمان ۔ حواس ۔ قطرہ ۔ صفر ۔ بہشت ۔ آرام ۔ نجات ۔
کھماج ۔ ایک راگنی کا نام ۔
کھمبھ ۔ گھم ۔ کھمبا ۔ ستون ۔ تھونی ۔
کھمنی ۔ سورج ۔ آفتاب ۔

کھِن۔ شرمندہ۔ ناراض۔ اُداس۔ مغموم۔ رنجیدہ۔

کھن۔ گھر کا حصہ۔ حجرہ۔ کمرہ۔

کھنشر۔ } پھاوڑا۔ کدال۔
کھنشڑی۔

کھنج۔ دھاتو جیسے سونا چاندی وغیرہ میل۔

کھنج۔ } لولا۔ لنگڑا۔
کھنجاٹ۔

کھنجری۔ خنجری۔ ڈفلی۔

کھنڈ۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ دنیا یا زمین کا حصہ۔ ملک۔ ضلع۔ کشور۔
گھر کا حصہ۔ حجرہ۔ کمرہ۔ کتاب کا باب۔ ایک ترانہ۔
نیشکر۔ طرف۔ جانب۔ سمت۔ فصل۔ تردید۔ شکستہ۔
اقلیم۔ نقرہ۔ قطعہ زمین۔

کھنڈت۔ کٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ خلل۔ مزاحمت۔
مانع۔ تکذیب۔ تنسیخ۔ تردید۔

کھنڈتا۔ وہ عورت جسکا خاوند کسی دوسری عورت پر عاشق ہو۔

کھنڈن۔ رد کرنا۔ روکنا۔ تردید کرنا۔ شکست دینا۔ توڑنا۔
کاٹنا۔ جھٹلانا۔ بگاڑنا۔ کم کرنا۔ اختصار کرنا۔ منسوخ کرنا
غلط ثابت کرنا۔ قطع کرنا۔

کھنڈنا۔ باطل کرنا۔ منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔ آفت مصیبت

کھنس۔ دشمنی۔ عداوت۔ غصہ۔

کھنک۔ نقب زن۔ چوہا۔ موش۔

کھنن۔ کھودنا۔

کھنی۔ کان۔ معدن۔

کھول۔ غلاف۔ نیام۔ میان۔ جوف۔

کہوں۔ کسی جگہ۔ کہیں۔

کھونٹ۔ کونہ۔ گوشہ۔ کان کا میل۔

کھوہ۔ گپھا۔ گڑھا۔

کھی۔ میل۔

کھیات۔ مشہور۔ نامور۔

کھیاتی۔ شہرت۔ ناموری۔

کھیپ۔ سفر۔ سفر دریا۔ جہاز کا وزن۔

کھیٹ۔ قریہ۔ کھیڑا۔ سیارۂ فلک۔ پرندہ۔ ہیچ۔ خوف۔

کھیٹک۔ سیر۔ تفریح۔ شکار۔ ہتھیار۔ حربہ۔

کھیٹکی۔ میر شکاری۔ صیاد۔

کھیج۔ غصہ۔ رنجش۔ آزردگی۔

کھیچر۔ ہوا۔ آسمان میں پھرنیوالا۔ سیارہ۔ طائر۔ پریت۔

کھید۔ دُکھ۔ رنج۔ فکر۔ غم۔ اندوہ۔ درد۔ آفت مصیبت۔
تکلیف۔ ناخوشی۔ پژمردگی۔ دباؤ تھکاوٹ شکایت۔

کھیدت۔ غمگین۔ رنجیدہ۔ متفکر۔

کھیل۔ بازی۔ لہو لعب۔

کھیم۔ دیکھو (کشیم)

کھیم کشل۔ (کشیم کشل) مزاج پرسی کرنا۔

کھیوا۔ ناؤ کی اترائی کا کرایہ۔

کھیوٹ۔ ملاح۔ کشتیبان۔ ناخدا۔

کھیونا۔ ناؤ چلانا۔

کیت۔ گھر۔ خانہ۔ مقام۔ جگہ۔

کیت۔ کتنا۔ کس قدر۔

کیتا۔ کتنا۔ کسقدر۔

کیتک۔ اندک۔ تھوڑا۔ بعض۔ کتنا۔ کتنا ہی۔

کیتک۔ / کیتکی۔ } کیوڑا۔ کنندی۔ کاذی۔

کیتن۔ علامت۔ علم۔ پرچم۔ نشان۔ گھر۔ خانہ۔ دعوت
سُستی۔ کمیل۔ کام۔

کیئے تو۔ کیپٹ۔ جوا۔ ایک جواہر۔

کیتو۔ عقل۔ چمک۔ نشان۔ علامت۔ جھنڈا۔ نواں گرہ
دُمدار ستارہ۔

کیٹ۔ کیڑا۔ کرم۔ تلچھٹ۔ ہر چیز کا میل۔ پرک۔

کیچ۔ کیچڑ۔ گل۔

کیچت۔ کوئی کوئی۔

کیچک۔ ایک راچھس کا نام۔ بانس کے اندر کا سوراخ۔

کیدار۔ وہ کھیت جس میں دھان بوئیں۔ سبزہ زار۔
زراعت۔ وہ پہاڑ جو بدری نارائن کے متصل ہے۔

کیدرک۔ / کیدرکش۔ } کیسا۔ کس طرح۔

کیر۔ طوطا۔ ببغا۔

کیرتن۔ تعریف۔ گانا۔ کہنا۔ بھجن۔ حمد۔

کیرتنا۔ شہرت۔ ستائش۔ بھجن۔

کیرتیوان۔ مرد نامدار۔ مشہور و معروف۔ موصوف۔

کیرتی۔ ناموری۔ نیک نامی۔ شہرت۔ تعریف۔ ستائش۔ ثنا۔
مدح۔ حمد۔

کیرک۔ طوطا۔ طوطی۔ ببغہ۔

کیرل۔ ٹک مالوا۔ کتاب۔ نیا علم۔ ملکی علم۔

کیرو۔ سفید کنول۔

کیسر۔ زرد رنگ۔ زعفران۔ شیر کی گردن کے بال۔

کیسری۔ شیر۔ اسد۔ ہنومان جی کے والد کا نام۔

کیش۔ بندر۔ بوزینہ۔

کیش۔ سر کے بال۔ تاج خروس۔ کرن۔ کلغی۔

کیش پاش۔ / کیش کلاپ۔ } بالوں کا مجموعہ یعنی جوڑا۔

کیش کرم۔ بچے کے بال اتارنے کا کام یعنی رسم موتراشی۔

کیشو۔ صاحب زلف۔ مجازاً سری کرشن جی کا لقب۔

کیش ونیاس۔ بالوں کو آراستہ کرنا۔

کیکا۔ مور کی بولی یعنی آواز۔

کیکئی۔ کیکیہ ملک کے راجہ کی لڑکی جو راجہ دشرتھ کی زوجہ
اور بھرت جی کی والدہ تھیں۔

کیکی۔ مور۔ طاؤس۔

کیل۔ عاشقانہ عیش یا رنگ رس۔ جماع۔ مباشرت۔

کیل۔ / کیلک۔ } لوہے کا کیلا۔ میخ۔ کانٹا۔ کھونٹا۔

کیلاس۔ ہمالیہ کی ایک چوٹی کا نام۔ بہشت۔ جنت۔

کیلن۔ روک۔ بندش۔

کیلی۔ کھیل۔ تماشا۔ سیر۔ مجامعت۔

کیندر۔ مرکز۔ قطب۔ ناف۔ واضح ہو کہ یہ دو ہیں قطب شمالی[1]۔
قطب جنوبی[2]۔

کیندرہ۔ کرہ کا ٹھیک درمیانی مقام۔ مرکز۔

کیواڑ۔ کواڑ۔ دروازہ۔

کیوٹ۔ ملاح۔ کشتی بان۔ ناخدا۔

کیورت۔ } کھیوٹ۔ ملاح۔ کشتیبان۔ ماہی گیر۔

کیؤرتک -
کیول - صرف - ایک ہی - اکیلا - تنہا - نرالا - خاص فقط
مطلق - بالکل - محض - کامل - بالکلیہ - نرا - تمام شامل

کیولیہ - روح تناسخ سے رہا پانا - نجات اخروی -

کیہری - شیر - اسد - ایک بندر کا نام -

کیوُر - بھج بند جو ایک زیور ہے -

گ

گ - مسافر - گانا - سرود - گندھرو - گنیش جی -

گابھا - موز کے درخت کا نیا پتا -

گابھ - پیٹ - شکم - حمل -

گات - بدن - جسم - عضو - لباس - حمل - پستان زن -
اندام نہانی زن -

گاتا - گانیوالا - معنی کتاب کی جلد - پٹھا - پشتہ -

گاتر - تن بدن - جسم - عضو -

گاتھا - تعریف - حمد - گیت - گانا - قصہ - کہانی - حال -
شلوک - نظم - نقل -

گاتھک - گانیوالا - گویا - نقال -

گانتھنا -
گانٹھنا - } بنانا -

گاتی - دوشالہ - بارانی -

گاجنا - بادلونکا گرجنا - شیر اور شرزہ کا آواز کرنا - خوش ہونا -

گاچھ - درخت - شجر -

گاد - تلچھٹ - دُرد - میل - جھاگ -

گاوٹھ - جگہ - مقام - تھاہ -

گادی - گدّی - مسند -

گاڈر - بھیڑ - بھیڑی -

گاڈھ - گاڑھا - زیادہ - بہت - مضبوط - سخت - دشوار -

گار -
گاری - } بُری بات - گالی - دشنام -

گارُڑ - زہریلے جانوروں کے زہر اُتارنیکا منتر -

گارُڑی - سانپ وغیرہ کا زہر اُتارنے والا -

گارہ پتیہ - جگیہ کی تین آتشوں میں سے ایک کا نام -

گارہستھیہ - خانہ داری -

گاڑھ - مشقت - دشواری -

گاگر -
گاگری - } (گگری) مٹکی - چھوٹا گھڑا -

گامبھیریہ - گہرائی - مستقلی - غیر متحرکی - معتبری -

گامک - جانا - حرکت کرنا -

گامنی - چلنے والی - حرکت کرنیوالی - (عورت)

گامی -
گامُک - } چلنے والا - جانیوالا - مباشرت کرنیوالا - (مرد)

گان -
گاین - } گیت - گانا - راگ - سرود - ترانہ - نغمہ -

گاندھار - ایک راگ کا نام - ملک قندھار -

گاندھاری - ملک قندھار کے راجہ کی بیٹی دھرتراشٹر
کی زوجہ کا نام -

گاندھک - عطار -

گاندھرو - متعلق بہ گندھرو (بہشت کے رامشگر) گانا گیت -

گاندھرو ویدیا۔ (وِدیا) علم موسیقی۔

مُرِتیُنجے ۔ فاتح موت ۔ مہادیو جی کا لقب ۔ ایک منتر کا نام ۔

مُرِتیو ۔ موت ۔ مرگ ۔ قضا ۔

مُرِتیو سنسار ۔ عالم فانی ۔ دُنیا ۔

مُرِتیو ناشک ۔ آب حیات ۔

مَرتیہ ۔ آدمی ۔ انسان ۔ بشر ۔ جسم ۔ دُنیا ۔

مَرتیہ لوک ۔ عالم فانی ۔ دُنیا ۔

مُرِج ۔ مردنگ ۔ پکھاوج ۔

مُرِجا ۔ مانجنا ۔ صاف کرنا ۔

مَرجاد ۔ (مریاد) / مَرجادہ ۔ (مریادہ) } رسم ورواج ۔ دستور ۔ معمول ۔ طریقہ ۔ قاعدہ ۔ رُتبہ ۔ عہدہ ۔ عزت ۔ سیدھے راستے پر چلنا ۔ حد مقررۂ اعمال دینی و دنیوی ۔

مَرجاوک ۔ (مریاوک) معزز ۔ مکرم ۔ محترم ۔

مَرجیا ۔ غوطہ باز ۔ غواص ۔

مِرچا ۔ / مِرچاس ۔ } مرچ سُرخ ۔

مُرچنگ ۔ ایک طرح کا باجا ۔

مُرچھا ۔ / مورچھا ۔ } بیہوشی ۔ غشی ۔

مُرِد ۔ / مُرِدا ۔ } مٹی ۔ خاک ۔

مَردِت ۔ چورا کیا گیا ۔ مالش کیا ہوا ۔ ملایا گیا ۔ شامل کیا ہوا ۔

مَردک ۔ مالش کرنیوالا ۔ سِل کا بٹہ ۔ نیزہ ۔

مَردل ۔ مردنگ ۔ پکھاوج ۔

مَردن ۔ ملنا ۔ رگڑنا ۔ کچلنا ۔ چورا کرنا ۔ روندنا ۔ کھندلنا ۔ برباد کرنا ۔ گھسنا ۔ پیسنا ۔ گھوٹنا ۔ زدوکوب کرنا ۔

مِردنگ ۔ ایک قسم کا باجہ یعنی مردنگ ۔

مُردو ۔ / مُردل ۔ } نرم ۔ نازک ۔ ملائم ۔

مُردوبانی ۔ (وانی) ملائم بات ۔

مُردوتا ۔ نرمی ۔ نازکی ۔ ملائمی ۔

مُردھ ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔

مَرش ۔ / مَرشن ۔ } یاد ۔ بچار ۔ رائے ۔ راست ۔

مَروستھل ۔ بنجر زمین ۔ بے آب زمین ۔

مُرشَن - } سہن - صبر - برداشت - معافی - رگڑ - دور کرنیوالا -
مُرشَن - } روکنے یا ہٹانے والا -
مُرشا - جھوٹ - دروغ - بیکار - فضول - بے فائدہ -
مُروشٹ - انتخاب کیا ہوا -
مُرک - } موت - مرضِ متعدی - جیسے طاعون - ہیضہ وغیرہ -
مُری -
مُرکٹ - بدن - جسم - ہوا - بندر -
مُرکت - پنّا - زمرد -
مُرکٹ - بندر - بوزینہ -
مُرگیا - مکان کی چھت - سقف - بام -
مُرگ - ہرن - آہو - مجازاً ہر وحشی جانور - حیوان - پانچواں
پچھتر کھوجنا -
مُرگانک - چاند - قمر -
مُرگ پتی - مالک حیوانات - مجازاً شیر -
مُرگ ترشنا - } ریگستان میں ریتی کے ذروں پر شعاع
مُرگ ترشنکا - } آفتاب گرنے کی وجہ دوپہر کے وقت
وہ ریتی پانی کی طرح نظر آتی ہے - اس لئے ہرن پانی
سمجھکر اُس طرف دوڑتے ہیں مگر پانی نہ پاکر واپس
آجاتے ہیں - اس لئے یہ نام ہوا - سراب - دھوکا
ہی دھوکا -
مُرگ چھالا - ہرن کا چمڑا یا کھال -
مُرگ راج - شاہ حیوانات یعنی شیر - ببر -
مُرگ سار - کستوری - مشک -
مُرگ شالا - ہرن کا رمنا - شکار گاہ آہوان -
مُرگسر -
مُرگسیرا - } ستائیس نچھتروں میں سے پانچواں نچھتر ہفتہ -
مُرگسیرش -
مُرگ لوچنی - } ہرن کے جیسی آنکھ والی عورت -
مُرگ نینی - } زن آہو چشم -
مُرگ مد - کستوری - مشک -
مُرگ نابھ - } نافۂ مشک -
مُرگ نابھی -
مُرگ نینا - ہرن کے جیسی بڑے بڑے آنکھ والی عورت -
آہو چشم - مجازاً محبوبہ - معشوقہ -
مُرگہ ترشنا - دیکھو (مُرگ ترشنا)
مُرگھٹ - وہ مقام جہاں مُردے جلائیں -
سمشان - مسان -
مُرگی - ہرنی - آہوے مادہ -
مُرگیا - شکار - صید -
مُرگیندر - مالک حیوانات - مجازاً شیر - شرزہ -
مُرگیو - شکاری - صیاد - گیدڑ - شغال -
مُرل - } بانسری جو مشہور باجا ہے - نئے - الغوزہ -
مُرلکا -
مُرلی -
مُرلی دھر - بانسری رکھنے والا - بانسری نواز -
سری کرشن جی کا لقب -
مُرم - بھید - راز - مطلب - منشا - خلاصہ کلام - نازک
مقام - جسم کے وہ نازک عضو جن کو مار لگنے سے
انسان زندہ نہیں رہ سکتا -
مُرمُر - خشک پتوں کی آواز

مُرمُر ۔ بھوسی کی آگ ۔

مَرمگیہ ۔
مَرموُیدی ۔ } بھید کا جاننے والا ۔ بھیدی ۔ رازداں ۔
مَرمہ وِیتا ۔

مَرمہ ۔ بھید ۔ راز ۔ روح کا خاص اور نازک مقام ۔

مَرمی ۔ بھیدی ۔ رازدان ۔

مَرن ۔ موت ۔ مرگ ۔ وفات ۔ بربادی ۔

مُرن ۔ رنج ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ ہتّی ۔ تکلیف دینے والا ۔

مُرنال ۔
مُرنالی ۔ } کنول کی نال یعنی نالی ۔

مُرنالِنی ۔ وہ مقام جہاں کنول (نیلوفر) بکثرت ہوں ۔

مَرن پراے ۔ قریب المرگ ۔

مُرند ۔ شہدِ گل ۔

مَرو ۔
مَرو ستھل ۔ } وہ ملک یا جنگل جہاں پانی کی قلت ہو ۔ صرف ریتی اور میدان ہو ۔ ریگستان ۔ مارواڑ ۔

مَروآ ۔ مرزنجوش ۔

مُرہا ۔ مور ۔ طاؤس ۔ وہ لڑکا جس کا باپ مرگیا ہو ۔ یتیم ۔

مَری ۔ وبا ۔ طاعون ۔

مَریادا ۔ (مَرجادا) معمول ۔ طریقہ ۔ عزت ۔ شہرت ۔ کنارہ ۔ رو ۔ سرحد ۔ قرار ۔ نیم ۔ نیک چال چلن ۔

مَریچکا ۔ کرن ۔ سراب ۔

مَریچ مالی ۔ سورج ۔ چاند ۔

مَریچی ۔ شعاع آفتاب ۔ کرن ۔ منجملہ سات رشیوں کے ایک رشی کا نام ۔ برہما ۔

مَرتیہ ۔ آدمی ۔ انسان ۔ بشر ۔

مَڑھا ۔ مٹی کا بنا ہوا چھوٹا گھر ۔

مَسان ۔ وہ مقام جہاں مردے جلائے جائیں ۔ مرگھٹ ۔ مردہ گھاٹ ۔

مُستاؤ ۔ جنگلی سُور ۔

مَستِشک ۔ بھیجا ۔ مغز سر ۔

مَستک ۔ ماتھا ۔ پیشانی ۔ ناصیہ ۔ جبین ۔ سر ۔

مِسر ۔ برہمنوں کا ایک لقب ۔

مِشرت ۔ ملا ہوا ۔ آمیختہ ۔

مِشرن ۔ ملاوٹ ۔ جمع ۔

مُسکان ۔ مُسکراہٹ ۔ تبسّم ۔

مَسکانا ۔ چیرنا ۔ پھاڑنا ۔

مُسکانا ۔ مُسکرانا ۔ آہستہ آہستہ ہنسنا ۔

مُسل ۔ مُوسل ۔ کوبہ ۔

مُسلی ۔ موسل رکھنے والا یعنی بلرام جی ۔

مَسورکا ۔ چیچک ۔ کٹنی ۔

مَسوری ۔ چیچک ۔ سُرخچہ ۔

مَسہ ۔ آزخ ۔ ثولول ۔

مَسی ۔ کالی سیاہی ۔ کالی روشنائی ۔

مَسی پاتر ۔
مَسی وان ۔ } سیاہی دان یعنی دوات ۔
مَسی وانی ۔

مَش ۔ غصّہ ۔ جھجّھر ۔

مِش ۔ چھل ۔ کپٹ ۔ بہانہ ۔ عذر ۔ حیلہ ۔ دھوکا ۔ فریب ۔ بناوٹ ۔

مِشٹ۔ میٹھا۔ شیریں۔

مِشٹ۔ چپ۔ خاموش۔

مُشٹ۔ چرایا گیا۔ چوری۔

مِشٹا۔ میٹھا۔ شیریں۔ ذائقہ دار۔

مِشٹان۔ شیرینی۔ مٹھائی۔

مِشٹانّہ۔ مٹھائی۔

مُشٹِکا۔ مُکّا۔ گھونسا۔ مُشت۔

مُشٹھ۔ / مُشٹھی۔ } مٹھ۔ مٹھی۔ مکا۔ مشت۔ گھونسا۔

مِشر۔ ملا ہوا۔ ملایا ہوا۔ بڑا۔ کلاں۔ حکیم۔ قابل پرستش۔ مشہور انسان۔ متھلا کے رہنے والے برہمنوں کا لقب۔

مِشرت۔ ملایا ہوا۔ جڑا ہوا۔

مِشرک۔ ملانے والا۔ میل کرنے والا۔ دیوتاؤں کا باغ۔ جست۔ رانگا۔ موتی۔

مَشک۔ مچھر۔ ڈانس۔ پشہ۔

مُشک۔ انڈا۔ بیضہ۔ فوطہ۔ جماعت۔ مشک۔ موٹا۔

مُکت۔ چھوڑا ہوا۔ چھوٹا ہوا۔ جس کی نجات ہوئی ہو۔ فراغت پایا ہوا۔ معافی۔ نجات اُخروی رہائی۔ رستگاری۔ آزادی۔ جسم کو مزید تناسخ سے نجات دینا۔ رہائی از مرگ و تولد۔ موتی۔ واضح ہو کہ مکت چار قسم کے ہیں۔ (۱) سالوک یعنے پرماتما کے لوک میں رہنا۔ (۲) سارُوپ یعنے مطابق روپ پرماتما کے روپ دھارن کرکے وہاں رہنا۔ (۳) سامیپ یعنے پرماتما کے قرب میں رہنا۔ (۴) سایُوجّ یعنے پرماتما میں مل جانا۔

مُکتا۔ موتی۔ مروارید۔ بہت زیادہ۔ کثرت۔

مُکتا پھل۔ / مُکتاہل۔ } مجازاً موتی۔ مروارید۔

مُکتا کلاپ۔ موتیوں کی مالا۔

مُکتامنی۔ موتی۔ مروارید۔

مُکتاولی۔ موتیوں کا ہار یا مالا۔ ایک کتاب کا نام۔

مُکت مال۔ موتی کا مالا۔

مُکت ہست۔ کھلے ہاتھ والا یعنی فیاض۔ دانی۔

مُکتی۔ چھٹکارا۔ دنیوی تکالیف یا عذاب سے نجات۔ رہائی۔ آزادی۔ مغفرت۔ روح کی نجات۔ آواگون سے بری۔ علم خفی۔ علم الٰہی۔

مُکٹ۔ / مُکُٹ۔ } تاج۔ افسر۔ کلغی۔ چوٹی۔ سہرہ۔

مَکر۔ گھڑیال۔ مگرمچھ۔ آسمان کا دسواں برج یعنی جدی۔

مُکر۔ / مُکُر۔ } آئینہ۔ شیشہ۔ مراۃ۔ کمہار کا ڈنڈا۔

مکراکرت۔ مشکل بشکل جدی۔

مکرند۔ پھولوں کا رس یعنی شہد گل۔

مکری۔ مچھلی۔ ماہی۔

مکشکا۔ / مکشیکا۔ } مکھی۔ شہد کی مکھی۔

مُکُل۔ / مکُل۔ } کلی۔ غنچہ۔ کونپل۔

مُکلت۔ سکڑا ہوا۔ غنچۂ نصف شگفتہ۔

مُکم ۔ نجات اخروی۔

مُکنْدْ ۔ نجات اخروی دینے والا۔ وشنو دیو کا لقب۔ پارہ۔

مُکو ۔ نجات اُخروی۔ چھوٹنا۔

مُکھ ۔ مُنہ۔ رُو۔ چہرہ۔ دروازہ۔ ہر چیز کا پہلا حصّہ۔ اول
ابتدا۔ آغاز۔ سامنا۔

مَکھ ۔ یگیہ۔ جگیہ۔ قُربانی۔

مُکھاسَوْ ۔ تھوک۔ آب دہن۔ تُف۔ بزاق۔

مُکھاگْرْ ۔ ہونٹھ۔ لب۔ ہر چیز کا اگلا حصّہ۔ لگام زبانی۔ ازبر۔

مُکھاوَلوکَنْ ۔ مُنہ دیکھنا۔

مُکھ بھُوشَنْ ۔ پان۔ بیڑا۔

مُکھرْ ۔ بُڑبُڑانیوالا۔ سخت بات کہنے والا۔ آواز۔ کوا۔ سنکھ۔

مُکھڑا ۔ چہرہ۔ مُنہ۔ رو۔

مُکھ شُدھی ۔ مُنہ دھونا۔

مُکھیا ۔ } صدر۔ اول۔ افضل۔ اعلیٰ۔ مقدم۔ عین حقیقی۔
مُکھیہ ۔ } پہلا۔ ابتدائی۔ خاص۔ بڑا۔ بزرگ۔ برتر۔ اہم۔
سردار۔ افسر۔ پیشوا۔ بانی۔

مُکھیتا ۔ فوقیت۔ افسری۔ اعلیٰ مرتبت۔

مُکھیہ ۔ دیکھو (مُکھیا)

مَگ ۔ راستہ۔ راہ۔

مُگدْھ ۔ جاہل۔ خوبصورت۔ کم سن۔ (مرد)

مَگدْھ ۔ پٹنہ اور بہار کا علاقہ جس میں گیا وغیرہ داخل ہیں۔

مُگدھا ۔ جوان اور خوبصورت (عورت)

مَگرْ ۔ } گھڑیال جو مشہور آبی جانور ہے۔ نہنگ۔ تمساح۔
مَگرمچھ ۔ }

مَگنْ ۔ } ڈوبا ہوا۔ غرق۔ محو۔ مشغول۔ خوش۔ مسرور۔
مَگن ۔ } شاداں۔ مست۔ بیخود۔ سرمست۔ مرفہ الحال۔

مَگنتا ۔ خوشی۔ شادمانی۔ محویت۔

مَگنہ ۔ ڈوبا ہوا۔ دبا ہوا۔

مَگھا ۔ دسواں نچھتر۔

مَل ۔ میل۔ میلا۔ چرک۔ ریم۔ غلاظت۔ گوبر۔ گوہ۔ فضلہ۔
کف۔ پسینہ۔ تلچھٹ۔ گاد۔ گناہ۔

مَلّ ۔ طاقتور۔ پہلوان کشتی گیر۔

مَلا ۔ چمڑا۔ چمڑے سے بنی ہوئی چیز۔

مَلارْ ۔ ایک سرود کا نام جو موسم باراں میں گایا جاتا ہے۔

مَلانْ ۔ کملایا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ کمزور۔ رنجیدہ۔ شرمندہ۔

مَلانِ ۔ تھکاوٹ۔ تھکان۔ میلاپن۔ مُرجھانا۔ اُداس ہونا۔

مَلّ بھُو ۔ اکھاڑا۔ کشتی گاہ۔ رزمگاہ۔

مِلت ۔ ملا ہوا۔ لگا ہوا۔

مَل راشی ۔ کوڑہ کرکٹ کا ڈھیر۔

مِلک ۔ میل ملاپ کرنے والا۔ اصلاح کار۔

مَلکا ۔ چنبیلی کا پھول۔

مَل گراہی ۔ بھنگی۔ خاکروب۔

مَل ماس ۔ لوند کا مہینہ۔ کبیسہ۔

مَل مُوتر ۔ بول و براز۔

مِلن ۔ ملنا۔ لیپنا۔ لگانا۔

مَلِن ۔ } میلا۔ گندلا۔ ناپاک۔ ناصاف۔ بُرا۔ خراب۔ معیوب۔
مَلین ۔ }

مِلن ۔ ملنا۔ میل۔ ملاپ۔ ملاقات۔ آمیزش۔

مَلِنْدْ ۔ بھونرا۔

مَلّہ ۔ پہلوان۔ گُرو۔ یَل۔

مَلّہ یُدھ ۔ (جُدھ) پہلوانوں کی لڑائی۔ مُکا بازی۔ کُشتی۔

مَلَیَج ۔ چندن ۔ صندل ۔

مِلیچھ ۔ دیکھو (مِلیچھ)

مَلین ۔ میلا ۔ غلیظ ۔ ناپاک ۔ گندہ ۔ ناقص ۔ بد ۔ خراب ۔
تاریک ۔ ملول ۔ مکدر ۔ نجس ۔ چرکین ۔

مَلینا ۔ میلا کچیلا ۔ زنگدار ۔ گنہ گار ۔ کالا ۔ اندھیرا ۔

مَلینتا ۔ میلا پن ۔ کالا پن ۔ آلائش ۔ تلچھٹ ۔ شرارت ۔

مِلیچھ ۔ ہندوں کے چار فرقوں کے سوا ہر وہ فرقہ جس کا دھرم
احکام شاستر کے خلاف ہو ۔

مَلیہ ۔ } ایک پہاڑ کا نام جو دکن میں ہے جہاں عمدہ
مَلیہ گری ۔ } صندل پیدا ہوتا ہے ۔

مماکھی ۔ شہد کی مکھی ۔

مِمامسا ۔ کسی اصلیت کی تحقیق ۔ ایک شاستر کا نام ۔

ممتا ۔ } محبت ۔ الفت ۔ پیار ۔ دوستی ۔ عنایت ۔ عشق ۔
ممتائی ۔ } دل بستگی ۔

ممکار ۔ اپنی کمائی ہوئی دولت ۔ گھمنڈ ۔ غرور ۔

مُمکشا ۔ تمنائے نجات اُخروی ۔

مُمکشو ۔ موکش یعنی نجات اُخروی کا طالب ۔

مَمَہ ۔ میرا ۔ میری ۔

مَن ۔ دل ۔ خاطر ۔ قلب ۔ ذہن ۔ عقل ۔ روح ۔ رغبت ۔ میلان ۔ ارادہ
نفس ۔ روح انسانی ۔ خیال ۔ باطن ۔ ایک جوہر لطیف دخلی کا نام

مُن ۔ }
مُنی ۔ } رشی ۔ ولی ۔

مناک ۔ تھوڑا ۔ قلیل ۔ باریک ۔

مَن آکاش ۔ مجازاً دل ۔

مَن بھاون ۔ } جو دل کو اچھا معلوم ہو ۔ دلپسند ۔ دلچسپ ۔ دلکش ۔
مَن بھاونا ۔ }

مَن پُورن ۔ خاطر جمعی ۔ اعتماد ۔

مَنتر ۔ مشورہ ۔ صلاح ۔ دعا ۔ مناجات ۔ جادو ۔ افسوں ۔ سحر ۔ ٹونا ۔ راز ۔ سِر
مخفی ۔ اپدیش ۔ الفاظ کی ایک خاص ترکیب جسکے تلفظ سے ایشور یا دیوتا کی
مدد و حمایت حاصل ہوتی ہے ۔ بید کا ایک حصہ جسمیں دیوتاؤں کی حمد ہے ۔

مَنترتا ۔ مشورت ۔ مصلحت ۔ کنگاش ۔

منترگیہ ۔ مشورہ دینے والا ۔ صلاح کار ۔ جاسوس ۔ جادوگر ۔

منترن ۔ }
منترنا ۔ } بچار ۔ صلاح ۔ رائے ۔ تدبیر ۔ مشورہ ۔ نصیحت ۔

منتری ۔ دیوان ۔ وزیر ۔ مشیر ۔ جادوگر ۔ ساحر ۔

منتویہ ۔ صلاح ۔ رائے ۔

منتھ ۔ }
منتھن ۔ } متھنا ۔ بلونا ۔ بلانا ۔ ہلنا ۔ مارنا ۔ کانپنا ۔

منتھان ۔ متھانی ۔ بلونی ۔

منتھج ۔ مکھن ۔ مسکہ ۔

منتھنی ۔ متھانی ۔ بلونی ۔

مُنج ۔ } ایک قسم کی گھاس جس سے جنیو بنتی ہے ۔
مُنجا ۔ }

مَنُج ۔ منو کے خاندان کا ۔ مجازاً آدمی ۔ انسان ۔ بشر ۔

مَنجا ۔ عورت ۔ زن ۔ جورو ۔ زوجہ ۔

منجار ۔ مارجا ۔ بلی ۔ گربہ ۔

منجدار ۔ } بیچ کی دھار ۔ وسط دریا ۔ مجازاً عین مصیبت
منجدھار ۔ } کی جگہ ۔

منجری ۔ غنچہ ۔ کلی ۔ کونپل ۔ موتی ۔ تل کا پودا ۔ بیل ۔ تلسی ۔

مَنجُل }
مَنجُو } خوبصورت۔ خوشنما۔ دلکش۔ دلربا۔ دلچسپ
مَنجُوشا۔ پٹاری۔ صندوق۔ ڈبیہ۔ بکس۔
مَنجِیر۔ نوپر۔ گھنگرو۔ پازیب منجیرا۔
مَنجِیرا۔ ایک باجے کا نام۔ جھانجھ۔
مَنچ }
مَنچَک } گھاٹ۔ پلنگ۔ اسٹیج۔
مَن چور۔ دل لبھانے والا۔ دلکش۔ دلگیر۔
مَند۔ آلسی۔ دھیما۔ تھوڑا۔ برا۔ ناقص۔ کم۔ سست۔ کاہل۔ ڈھیلا۔ پتلا۔ کند۔ احمق۔ ہیچ۔ بدقسمت۔ ستارہ زحل۔ شنبہ۔ سنیچر۔ ہفتہ۔
مَندا۔ دھیما۔ نازک۔ ٹھنڈ۔ سست۔ سرد۔ کاسد۔ سستا۔ ارزاں۔
مَندار۔ بہشت کا ایک درخت۔ نیم کا درخت۔ مدار کا درخت۔
مَنداکنی۔ گنگا کا ایک نام جو جنت میں بہتی ہے۔
مَنداگنی۔ بدہضمی۔
مَند بھاگ۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔
مَند بدھی }
مَند متی } مورکھ۔ جاہل۔ احمق۔ بے خرد۔
مَند بھاگی }
مَند بھاگیہ } بدقسمت۔ بدنصیب۔ کم بخت۔
مَندتا۔ سستی۔ کاہلی۔ نرم۔ سردی۔ بدی۔ خرابی۔
مَندِر۔ مکان۔ خانہ۔ گھر۔ دیوالئے۔ دیوتاؤں کے رکھنے کا گھر۔
مَندر۔ ایک پہاڑ کا نام جس سے دیوتا اور راچھسوں نے سمندر کو متھا تھا۔ بہشت کا ایک درخت۔ بہشت۔ بھاری۔

موٹا۔ آئینہ۔
مَندرا۔ طویلہ۔ اصطبل۔ گھڑسال۔
مُندری }
مُندرا } طوق۔ حلقہ۔ بالا جسے جوگی کانوں میں پہنتے ہیں۔ انگشتری۔ انگوٹھی۔ چھلہ۔ مہر۔
مَندگت۔ نرم نرم۔ باہستگی۔
مَندگتی۔ دھیمی چال۔ آہستہ چلنے والا۔
مَندل۔ ایک قسم کا ڈھول جو بڑا ہوتا ہے۔ وہ دائرہ جسے جادوگر اپنے گرد کھینچکر بیٹھتے ہیں۔
مَند مَند۔ آہستہ آہستہ۔ نرم نرم۔
مُندنا۔ موچنا۔ بند کرنا۔ ڈھکنا۔
مَندودری۔ راون کی زوجہ کا نام۔
مَنڈ۔ چانولوں کی کانجی۔ پیچ۔ رس۔ عرق۔ فالودہ۔
مُنڈ }
مُنڈک } گردن کے اوپر کا حصہ یعنی سر۔ راس۔
مُنڈا۔ وہ شخص جس کے سر کے بال منڈے ہوئے ہوں۔ بے سینگ کا بیل وغیرہ۔ بے شاخ و برگ درخت۔
مَنڈپ۔ منڈوا جسے بیاہ وغیرہ کے وقت پھولوں اور پتوں سے آراستہ کرکے رسوم شادی وغیرہ ادا کرتے ہیں۔ چھپر۔ مندر۔ دیوالئے۔
مَنڈِت۔ زینت دیا ہوا۔ آراستہ کیا ہوا۔
مُنڈت۔ مونڈا ہوا۔
مُنڈک۔ مونڈنے والا۔ نائی۔ ایک رشی کا نام۔
مُنڈکا۔ نائن۔
مَنڈل۔ حلقہ۔ گھیرا۔ گولائی۔ ہالہ۔ دائرہ۔ کرہ۔ احاطہ۔ چکر۔ قرص۔ سماج۔ جماعت۔ مجلس۔ گروہ۔ آسمان۔

گول خیمہ۔ ضلع۔ صوبہ۔ مکان۔ خرمن ماہ۔ بندرگاہ۔
ایک باجہ۔ چاند یا سورج کا گھیرا۔ چالیس جوجن طول
اور بیس جوجن عرض کی زمین یا ملک۔
مَنڈَلاوِھپ۔ چارسو جوجن ملک کا مالک۔ راجہ۔
مَنڈَلاوِھیش۔ شہنشاہ۔
مَنڈَلاکار۔ گول شکل کا۔ مدوّر۔
مَنڈَلی۔ جماعت۔ مجمع۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولی۔ سماج۔ مجلس۔
سبھا۔ سانپ۔ بلّی۔
مَنڈَلیشور۔ راجہ۔ بادشاہ۔
مَنڈَلیک۔ وہ شخص جس کی آمدنی دس لاکھ کی ہو۔
مَنڈَن۔ سجاوٹ۔ زینت۔ زیبائش۔ آرائش۔ تائید۔
زیور۔ گہنا۔ نظیر کے ساتھ کسی بات کو ثابت کرنا۔
مُنڈَن۔ سر کے بال تراشنا۔ واضح ہو کہ منجملہ سولہ سنسکاروں کے
ایک یعنی زنّار بندی کے پہلے لڑکے کے بال پہلے
پہل کسی دیوتا کے سامنے منڈوانا۔
مَنڈُوک۔ مینڈک۔ غوک۔ ایک جواہر کا نام۔
مَنڈھی۔ جھونپڑی۔ کلبہ۔
مُنڈی۔ وہ عورت جس کا سر مونڈا گیا ہو۔ رانڈ۔ بیوہ۔
سنیاسی۔ نائی۔ ایک نبات کا نام۔
مُنڈیا۔ سر۔ راس۔
مَنَس۔ دل۔ خاطر۔ ذہن۔ سمجھ۔ فہم۔
مَنسا۔ منشا۔ خواہش۔ بچار۔ آرزو۔ غور۔ ارادہ۔ مقصد۔
تمنّا۔ خیال۔ مرضی۔ مطلب۔
مَنسائی۔ جوانمردی۔ دلیری۔ انسانیت۔
مَنَس تاپ۔ رنج دلی۔ تکلیف قلبی۔ پچھتاوا۔

مَنَسج۔ دل کا۔ دلی۔ جو دل سے پیدا ہو۔ کامدیو کا نام۔
مَنَس کامنا۔ خواہش دلی۔
مَنَسوِی۔ بہادر۔ دلیر۔ من موجی۔
مَنَسوی۔ شریف۔ اعلیٰ طبیعت والا۔
مَنُش۔ آدمی۔ انسان۔ بشر۔
مَنُشیتوَہ۔ آدمیت۔ انسانیت۔ بشریت۔
مَنُشیہ۔ منو کی اولاد۔ آدمی۔ انسان۔ بشر۔ آدمیت۔
انسانیت۔ انسانی خاصیت۔
مَنُشیتا۔ انسانیت۔ آدمیت۔
مَنُشیہ گننا۔ مردم شماری۔
مَنکا۔ مالے کا دانہ۔ گردن کی ہڈی۔
مَنِکار۔ جوہری۔
مَن کامنا۔ خواہش دلی مطلب دلی۔ آرزو۔
مَنکُر۔ آئینہ۔ مرآۃ۔
مَنگل۔ نیک۔ مبارک۔ رونق۔ خیریت۔ بہبود۔ خوشی۔
نیکی۔ سرور۔ عافیت۔ ستارۂ مریخ۔ روز سہ شنبہ۔
مَنگلاچار۔ شادیانہ۔ ترانۂ مبارکباد۔
مَنگلاچَرن۔ خداوند تعالیٰ کو تیمناً پہلے یاد کرکے یا لکھکر
بعد ازاں کسی کام کو شروع کرنا۔ حمد باری تعالیٰ
جل جلالہٗ۔
مَنگلامُکھی۔ بیاہ وغیرہ نیک کاموں میں گانیوالی عورت۔
مَنگل پرد۔ جس سے نیکی ہوتی ہو۔
مَنگل سماچار۔ خوش خبری۔ بشارت۔ مژدہ۔
مَنگل شنان۔ غسل صحت یا وہ غسل جو قبل از آغاز کار خیر

مَنگَل سُوتْر۔ وہ تاگا جو بیاہ کے وقت دولہا۔ دلہن کے گلے میں منتر پڑھ کر باندھا جاتا ہے۔

مَنگَل وَاد۔ دُعا۔

مَنگَل وَار۔ سہ شنبہ۔ یوم الثلاث۔

مَنگلی۔ شادمان۔ نیک کاموں میں گانے والی۔ (عورت) وہ جس کا جنم ۴۔ ۷۔ ۸۔ اور ۱۲ خانوں میں منگل گرہ پڑا ہو۔ (نجوم)

مَنگلیہ۔ برکت دینے والا۔ خوبصورت۔

مَن گھٹا۔ کنوئیں کے اطراف کا چبوترہ۔

مَنگیتر۔ وہ عورت یا مرد جو کسی مرد یا عورت کے ساتھ منسوب ہوئی یا ہوا ہو۔ سنت سوزہ۔

مَن مان۔ خواہش دلی۔ تمنائے قلبی۔

مَن مانا۔ } جو دل کو اچھا معلوم ہو۔ خاطر خواہ۔ دلخواہ۔
مَن مانتا۔

مَنمتھ۔ موکل عشق یعنی کامدیو کا لقب۔

مَنمنتر۔ وہ زمانہ جو دیوتاؤں کے بارہ ہزار برس یا انسانی (۴۳۲۰۰۰) برس کے مساوی ہے۔

مَن موہن۔ دل کا لبھانے والا۔ منوہر۔ دلکش۔ پیارا۔ معشوق۔ سری کرشن جی کا لقب۔

مَن موہنی۔ دلربا۔ خوبصورت۔ رادھاجی کا لقب۔

مَنن۔ دل ہی دل میں سوچنا۔ غور و فکر کرنا۔ بچار کرنا۔ یقین کرنا۔ یاد کرنا۔ ماننا۔ یاد۔ دھیان۔ خیال۔ عادت۔ بچار۔ یاد خدا۔

مَننا۔ راضی ہونا۔ خوش ہونا۔

مَنن شکتی۔ غور و خوض کرنے کی قدرت۔

مَنُو۔ برہما کا بیٹا۔ انسانوں کا جد اعلیٰ۔ منوسمرتی کا مصنف واضح ہو کہ منو (۱۴) ہیں۔

مَنُوآن۔ دل۔ خاطر۔ جان۔ روح۔

مَنُوبھلاشت۔ دلخواہ۔

مَنُوبھو۔ }
مَنُوبھُو۔ } جو من (دل) سے پیدا ہو۔ مجازاً لقب کامدیو کا۔
مَنُوبھُوت۔ }

مَنُوج۔ جو دل سے پیدا ہو۔ دلی۔ کامدیو کا لقب۔

مَنُوجَو۔ من یعنی دل کے برابر۔ جس کی تیزی ہو۔ نہایت تیز رو۔

مَنُورتھ۔ خواہش دلی۔ تمنائے قلبی۔ منشار دلی۔ مقصد دلی۔ ارادۂ قلبی۔ مافی الضمیر۔ آرزو۔ تمنا۔ مُدعا۔

مَنُورَم۔ دلکش۔ دل خوش کن۔ خوبصورت۔

مَنُورنجن۔ دل خوش کن۔ دلکش۔

مَنُوکامنا۔ دل کی آرزوئیں۔

مَنُوگت۔ جو دل میں ہو۔ دلی۔

مَنُوگیہ۔ دل خوش کن۔ دلکش۔ خوبصورت۔

مَنُومی کوش۔ حجاب خودی۔

مَنُونتر۔ چار جگ (۱۷) بار پھرنے کا زمانہ۔ چودہ منوؤں میں سے ایک منو کا زمانہ۔

مَنُونگرہ۔ دل کو اپنے قابو میں رکھنا۔

مَنُونیت۔ پسندیدہ۔ مقبول۔

مَنُوہار۔ دلربا۔ خوبصورت۔ شیریں سخن۔ ہر دل عزیز۔

مَنُوہَارِی۔
مَنُوہَارِنی۔ } دلکش۔خوبصورت۔
مَنُوہَر۔ دلکش۔دلربا۔دلبر۔خوبصورت۔
مَنُوہَن۔ سری کرشن جی کا لقب۔
مَنُویُوگ۔ دھیان۔
مَنْہَار۔ دلآویز۔دلفریب۔دلکشا۔
مَنی۔
مَن۔ } ہیرا۔پنّہ وغیرہ جواہر۔رتن۔گوہر۔مہرہ مار۔
مُنی۔ وہ شخص جو دُکھ اور سُکھ کی حالت میں یکساں رہے۔ اور جس میں راگ۔بھئے۔اور کرودھ یہ تینوں گن نہ ہوں۔ رشی۔زاہد۔عابد۔ولی۔مرتاض۔وہ جو بان پرستھ کی حالت میں ہو۔ سات کا عدد۔
مُنی پُنگو۔
مُنیش۔
مُنیشوَر۔ } مُنیوں میں بڑا۔بڑا رشی۔
مَنیشا۔ عقل۔دانش۔خرد۔فراست۔
مَنیشن۔ دانا عالم۔
مَنیشی۔ عاقل۔دانا۔فرلیس۔
مُنیندر۔ بڑا منی۔بڑا رشی۔
مَنیو۔ تعریف۔کام۔رنج۔غصّہ۔عاجزی۔غرور۔آگ۔ جگیہ۔شیوجی کا لقب۔
مُو۔ مُجھکو۔مُجھے۔
مُوتر۔ موت۔پیشاب۔شاش۔بول۔کمیز۔
مُوتراشے۔ مثانہ۔
مُوتر کرِچھر۔ پتھری کی بیماری۔سنگ مثانہ۔

مُوٹ۔
مُوٹھ۔ } گٹھڑی۔بستہ۔پلندہ۔گٹھا۔چمڑے کا ڈھول۔
مُوٹیا۔ بوجھ اٹھانیوالا۔حمّال۔قلی۔
مُوچا۔ کیلا۔موز۔
مُوچک۔ چھڑانیوالا۔بری کرنے والا۔نجات دینے والا۔
مُوچن۔ چھٹکارا۔چھڑانا۔نجات۔رہائی۔مخلصی۔رستگاری۔ معافی۔مکتی۔
مُوچنا۔ چھوڑنا۔تیاگنا۔نجات دینا۔آنسو گرانا۔
مُوچھ۔ (مُوکش) رہائی۔معافی۔رستگاری۔آزادی۔ نجات عقبیٰ۔مغفرت۔روح کی تناسخ مزید سے رہائی۔
مُود۔ آنند۔خوشی۔بشاشت۔سرور۔
مُودک۔ آنند کرنے والا۔لڈّو۔مٹھائی۔
مُودی۔ آنند دینے والا۔دکاندار۔مہاجن۔
مُوڈھ۔ جاہل۔احمق۔نادان۔بیوقوف۔
مُور۔
مُورا۔ } میرا۔
مَور۔ آم کا پھول۔
مُول۔
مُوری۔ } جڑ۔بیخ۔
مُورت۔ پتھر وغیرہ کی بنی ہوئی پُتلی۔صورت۔ شکل۔آدمی۔
مُورتی۔ جسم۔شکل۔شخص۔بُت۔جنم۔پُتلا۔پُتلی۔تصویر۔ شبیہ۔صورت۔
مُورتی پُوجک۔ بُت پرست۔

موُرچھا ۔ بیہوشی ۔ غشی ۔

موُرچھِت ۔ غش میں آیا ہوا ۔ بے ہوش ۔

موُردھا ۔ سر کے اوپر کا حصّہ یعنی تالو ۔ اُم الدماغ ۔

موُرکھ ۔ / موُرکھ ۔ } بے عقل ۔ جاہل ۔ احمق ۔ نادان ۔ گول ۔

موُرکھتا ۔ / موُرکھتائی ۔ } جہالت ۔ نادانی ۔ سفاہت ۔

موُرمُکٹ ۔ مور کے پروں کا تاج ۔ وہ تاج جو بشکل تاج طاؤس ہو ۔

موُروِی ۔ کمان کا رودہ ۔ چلّہ ۔

موُرْ ۔ سر ۔ راس ۔

موُسا ۔ ماں کی بہن کا مرد ۔ خالو ۔

موُسا ۔ چوہا ۔ موش ۔ فار ۔

موُسَل ۔ اناج وغیرہ کوٹنے کا سونٹا ۔ کوبہ ۔

موُسلا ۔ اصل جڑ ۔ مادّہ ۔

موُسنا ۔ چرانا ۔ لوٹنا ۔

موُسی ۔ ماں کی بہن ۔ خالہ ۔ ماسی ۔

موُش ۔ / موُشک ۔ } چوہا ۔ موش ۔ فار ۔ مجازاً چور ۔ دزد ۔

موُشت ۔ چرایا گیا ۔ دُزدیدہ ۔

موُشک ۔ چور ۔ دزد ۔

موُشکا ۔ چھوٹا چوہا ۔

موُشن ۔ چوری کرنا ۔ لوٹنا ۔

موُک ۔ گونگا جو بول نہ سکے ۔ عاجز ۔ مچھلی ۔ راچھس ۔

موُکتِک ۔ موتی ۔ مروارید ۔

موُکش ۔ (موچھ) ہر طرح کے دنیوی بندشوں سے نجات پانا ۔ چھٹکارا ۔ آواگمن سے بری ہونا ۔ نجات اخروی ۔

موُکش دایک ۔ نجات دینے والا ۔

موُکنا ۔ چھوڑنا ۔ ترک کرنا ۔

موُکھا ۔ کھڑکی ۔ روشندان ۔ چمنی ۔

موُکی ۔ مُکّی ۔ مُٹھی ۔

موُگھ ۔ بیکار ۔ بے فائدہ ۔ فضول ۔ جھوٹ ۔

موُل ۔ موروثی ۔

موُل ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ اصل ۔ ابتدا ۔ بنا ۔ شروع ۔ آغاز ۔ بیج ۔ خاندان ۔ اولاد ۔ چاند کا (۱۹) واں نچھتر ۔ عقرب ۔ درحقیقت ۔ پونجی ۔ سرمایہ ۔ راس المال ۔ کتاب کا اصل حصّہ ۔ متن ۔

موُل ۔ قیمت ۔ بہا ۔

موُلا ۔ ایک نچھتر کا نام ۔ زمین ۔

موُل بھوت ۔ جڑ ۔ اصلیت ۔ غایت ۔

موُل پُرش ۔ کسی خاندان کا جدِ اعلیٰ ۔

موُل دھن ۔ اصل پونجی ۔ راس المال ۔

موُلِک ۔ نباتات کی جڑ ۔ بیج ۔

موُلک ۔ موُلی ۔ ترب ۔

موُلکا ۔ جڑ ۔ جڑی ۔ بیج ۔

موُل کارن ۔ وجہ اصلی ۔ علت غائی ۔

موُلی ۔ ہر ایک چیز کا سب سے اونچا حصہ ۔ چوٹی ۔ سرا ۔ سر ۔ تاج ۔ زمین ۔

موُلیہ ۔ مول ۔ دام ۔ قیمت ۔ بہاؤ ۔ نرخ ۔ محنتانہ ۔

موُن ۔ خاموشی ۔ چپ ۔ سکوت ۔ واضح ہو کہ شاستر کے

احکام کے روسے حسب ذیل مواقع میں خاموش رہنا چاہیے۔ بول وبراز۔ مباشرت۔ غسل۔ تناول طعام۔ اور دانت صاف کرنے کے وقت۔

مَوُنْ بَرْتْ۔ (وَرْتْ) خاموش رہنے کا روزہ۔

مَوُنْتَا۔ چُپ۔ خاموش۔ سکوت۔

مُونْجْ۔ }
مُونْجَا۔ } ایک قسم کی گھاس جس سے رسی بنتی ہے۔

مَوُنْجی۔ ایک قسم کی گھاس کی رسی جو رسم موبخ (زنار بندی) کے وقت باندھتے ہیں۔

مَوُنْجی بَنْدھَنْ۔ جنیو پہننے کا سنکار۔ زنار بندی۔

مُونْدری۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔ مہر۔

مُونْڈْ۔ }
مُوڈْ۔ } سر۔ راس۔

مُونْڈَنْ۔ رسم مو تراشی۔ عقیقہ۔

مُونْڈی۔ سر۔ راس۔

مَوُنی۔ چپ۔ خاموش۔ ساکت۔ مُنیوں کا ایک زمرہ جو ہمیشہ خاموش رہتے ہیں۔

مُوہْ۔ الفت۔ دُنیا۔ غفلت عقبیٰ۔ پیار۔ محبت۔ لاڈ۔ جہل۔ نادانی۔ جہالت۔ غشی۔ بیہوشی۔ رحم۔ مہربانی۔ محبت۔ دلکشی۔ خواہش۔ اغوا۔ گھبراہٹ۔ بیوقوفی۔ غلطی۔ شفقت۔ فریفتگی۔ پندار۔ حرص۔ ہوس۔

مُوہِتْ۔ موہا گیا۔ فریفتہ۔ مفتون۔ بھولا ہوا۔ بے ہوش۔ بے حواس۔ پریشان۔ لبھایا ہوا۔

مُوہْ مَئے۔ موہ میں پڑا ہوا۔ جھوٹا۔ کاذب۔

مُوہَنْ۔ موہنے والا۔ فریفتہ ہونے والا۔ آشفتہ ہونیوالا۔ پیارا۔ دلربا۔ محبوب۔ معشوق۔ جادوگر۔ دلکش۔ عاشق۔ فریفتگی۔ پھسلاہٹ۔ سری کرشن جی کا لقب۔

مُوہَنَا۔ دلربائی کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ جادو کرنا۔ افسونگر۔

مُوہَنْ بھوگْ۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

مُوہَنْ مَالاَ۔ ایک قسم کا مالا جو سونے اور مونگو نکے دانوں سے بنتا ہے۔

مُوہَنی۔ من ہرنیوالی یعنی دلربا (عورت) حسین عورت۔ پیاری۔ افسونگری۔

مُوہی۔ نادان۔ غافل۔ جاہل۔

مَہاَ۔ }
مَہَہ۔ } بڑا۔ بزرگ۔ کلاں۔ عظیم۔ کبیر۔ بھاری۔ اعلیٰ۔ بہت۔ بسیار۔ نہایت۔ زیادہ۔ گاڑے۔

مَہاَ اُتَّمْ۔ بہت اعلیٰ۔ بہت عمدہ۔

مَہاَ بَاہُو۔ دراز دست۔ مجازاً شجیع۔ دلیر۔ بہادر۔

مَہاَ بَلی۔ بڑا بلوان۔ بڑا طاقتور۔ شہ زور۔ مجازاً ہنومان۔

مَہاَ بَھارَتْ۔ ایک رزمیہ منظوم کتاب کا نام جس میں (بھرت بنسی راجہ کوروں اور پانڈوں کی جنگ عظیم جو کرکشیتر کے میدان میں ہوئی تھی۔) ذکر ہے۔ جس کے مصنف بیاس جی ہیں۔

مَہاَ بُھوتْ۔ پانچ عناصر بسیط یعنی آب۔ آتش۔ باد۔ خاک۔ سما۔

مَہاَ بِھیتْ۔ بڑا بزدل۔

مَہاَ بِیرْ۔ (وِیرْ) بڑا شجیع۔ لقب ہنومان جی۔

مَہاَ پَاپْ۔ }
مَہاَ پَاتَکْ۔ } بڑا پاپ۔ گناہ عظیم۔

مَہاَ پَاپی۔ مرتکب گناہ کبائر۔

مَہاَ پَاتَکی۔ گناہ عظیم کا مرتکب۔

مہا پنتھ ۔ بڑا راستہ ۔ شاہ راہ ۔

مہا پدم ۔ سو کھرب کی تعداد ۔

مہا پربھو ۔ بڑا راجہ ۔ شہنشاہ ۔ نیک نہاد انسان ۔

مہا پرشاد ۔ وہ کھانا وغیرہ جو دیوتاؤں کے سامنے پیش کیا گیا ہو ۔

مہا پرش ۔ بڑا آدمی ۔ مرد مقدس ۔ ولی کامل ۔

مہا پرلئے ۔ قیامت کبریٰ ۔ (۴۳۲......) سال کے بعد واقع ہوگی ۔

مہا تتو ۔ وہ تتو جو مایا سے اول ہے ۔

مہا تکت ۔ بہت کڑوا ۔ درخت نیم ۔

مہا تل ۔ زمین کے نیچے کے چودہ طبقوں میں سے پانچواں طبقہ ۔

مہا تم ۔ بڑائی ۔ بزرگی ۔ ثمرۂ نیک یعنی وہ فائدہ جو کسی نیک کام کی وجہ حاصل ہو حشمت ۔ شان ۔ دبدبہ ۔ عہدہ ۔ جاہ ۔ عظمت ۔ بڑائی ۔ شہرت ۔ نیکنامی ۔

مہا تما ۔ بڑا اینک آدمی ۔ نہایت مقدس آدمی بہت بڑا سادھو ۔ ولی کامل ۔ فیاض ۔ سخی ۔ بلند حوصلہ ۔ بزرگ ۔

مہا تمک ۔ بڑے حوصلہ والا ۔ شریف ۔ جلالی ۔

مہا تمیا ۔ بلند حوصلہ ۔ شہرت ۔ تعریف ۔ زور ۔

مہا تیکشن ۔ بہت تیز ۔

مہا جال ۔ دام بزرگ ۔ دنیائے دنی ۔

مہا جن ۔ بڑا آدمی ۔ بزرگ انسان ۔ سادھو ۔ دولتمند ساہوکار ۔

مہا جنی ۔ مہاجن کا کام ۔ ساہوکاری ۔

مہا دیو ۔ سب سے بڑا دیوتا ۔ شیوجی کا لقب ۔

مہا راتر ۔ آدھی رات ۔ نصف شب ۔

مہا راج ۔ / مہاراجہ ۔ } بڑا راجہ ۔ شہنشاہ ۔

مہا راشٹر ۔ دکن کے ایک ملک کا نام ۔

مہا رانی ۔ راجہ کی بڑی رانی ۔ پٹ رانی ۔

مہا رتھ ۔ / مہا رتھی ۔ } بہت بڑا جنگجو جو تنہا گیارہ ہزار نبرد آزماؤں سے مقابلہ کرے ۔

مہا رگھ ۔ بہت قیمتی ۔ بیش بہا ۔

مہا رنو ۔ بہت بڑا سمندر ۔

مہا شئے ۔ / مہا شا ۔ } بڑا اور بھلا آدمی ۔ صاحب حوصلہ ۔ فیاض ۔

مہا کال ۔ نہایت دیر یا عرصہ ۔ قیامت کے وقت کی شیو جی کی شکل ۔

مہا کالی ۔ پاربتی ۔ دیوی ۔

مہا کائے ۔ / مہا کایہ ۔ } بڑے ڈیل ڈول والا ۔ جسیم ۔ ہاتھی ۔ شیوجی کا دربان ۔

مہا کشٹ ۔ نہایت تکلیف ۔ ازبس رنج و محن ۔

مہا کل ۔ / مہا کلین ۔ } اچھے خاندان والا ۔

مہا کلپ ۔ دور ظہور ۔

مہا کند ۔ لہسن ۔ سیر ۔

مہا گھور ۔ نہایت خوفناک ۔ ایک دوزخ ۔

مہا لکشمی ۔ لکشمی یعنے دولت کی دیوی کا لقب ۔

مہا لوھ ۔ مجازاً مقناطیس ۔

مہا لئے ۔ کنوار کا کرشن پچھ جس میں آبا و اجداد کے لئے ترپن اور شرادھ وغیرہ کئے جاتے ہیں ۔

مہا ماری ۔ طاعون وغیرہ امراض متعدی ۔ وبا ۔ ہیضہ ۔

مہا مانش ۔انسان کا گوشت۔
مہا مایا ۔قدرت کاملہ خداوند تعالیٰ ۔دُرگا۔دیبی۔
مہا مُوڑھ ۔بڑا بے وقوف ۔
مہان ۔بہت بڑا۔بزرگتر۔اعلیٰ۔
مہانا ۔ندی کا دہانہ ۔وہ مقام جہاں دو دریاؤں کا ملاپ ہو۔
مہا نِدرا ۔مجازاً موت ۔مرگ۔
مہانس ۔چولہا۔دیگدان۔باورچی خانہ۔نہایت بشاش۔
مہا نشا ۔آدھی رات۔قیامت کی رات۔
مہا نُوبھاؤ ۔بڑا صاحب قدرت ۔تجربہ کار۔
مہانی ۔منتھنی ۔شیر زنہ۔
مہا وات ۔آندھی ۔تُند باد ۔
مہا واکیہ ۔اُپنشد کے وہ فقرے یا جُملے جو کلام عظیم مانے جاتے ہیں۔اسم اعظم۔
مہاوٹ ۔ماگھ کے مہینے کی بارش۔
مہاوَر ۔لاکھی رنگ ۔
مہاوِیر ۔(بیر) بڑا بہادر۔لقب ہنومان جی کا۔
مہیپ ۔راجہ۔بادشاہ۔
مہت ۔بڑا۔بزرگ ۔اعلیٰ۔شاندار۔معزز۔محترم۔عمدہ۔ بڑائی عظمت ۔عزت۔حرمت ۔مادہ ۔جوہر۔ذہن۔ عقل ۔ماننے کے قابل۔
مہتا ۔گانوں کا مقام۔
مہتاری ۔ماں۔مادر۔والدہ۔
مہتتوہ ۔طبیعت کی پچیس[۲۵] خصلتوں میں سے تیسری خصلت جو طبیعت کی پہلی بُرائی ہے جس سے غرور پیدا ہوتا ہے۔روح۔

مہتر ۔دو چیزوں میں سے بڑا یا بزرگ۔
مہتل ۔زمین۔ارض۔
مہتم ۔سب سے بڑا اور اعلیٰ۔
مہتو ۔وہ آدمی جو زمیندار کی طرف سے محصول وصول کرنیکے لئے مقرر کیا گیا ہو۔سجاول۔
مہتوہ ۔بڑائی۔بزرگی
مِہر ۔سورج۔آفتاب ۔مہر۔بادل ۔ہوا ۔کُہر۔
مہرا ۔کہار ۔بھوئی۔
مہرشی ۔بہت بڑا اور بزرگ رشی جیسے بید بیاس وغیرہ۔
مہرلوک ۔چودہ لوکوں میں سے چوتھا لوک۔
مُہر مُہُہ ۔بار بار۔مکرر۔
مہِرہ ۔درخت۔شجر۔
مہری ۔بیوی۔زوجہ۔
مہشاسُر ۔ایک راچھس کا نام۔
مہش ۔کُھلگا۔بھینسا۔جاموش۔راجہ۔بادشاہ۔
مہشی ۔بھینس۔گاؤمیش۔پٹ رانی ۔بادشاہ بیگم۔
مہکا ۔برف ۔یخ۔
مہلا ۔عورت۔زن۔
مہما ۔قدرت ۔کرامت ۔کشف ۔جلال ۔شان وشوکت۔ بڑائی ۔بزرگی ۔عظمت ۔تعریف مادہ کی بڑھنے کی خاصیت ۔
مہنت ۔سرغنہ۔سرگروہ۔ولی ۔گوسائیں۔بیراگی۔ سادھو۔مرشد کامل ۔سادھوؤں کے مٹھ کا افسر۔
مہنیہ ۔پرستش کے قابل۔عزت کے لائق۔
مہوتساہ ۔بھاری جشن ۔بڑی خوشی ۔سادھو سنت کی ضیافت

مہوتسو۔ بڑا اُتسو۔ بڑا دن۔

مہووار۔ طاقتور۔ زبردست۔

مہووشے۔ نامور۔ مُلک قنوج۔

مہورت۔ دو گھڑی کا وقفہ۔ دن اور رات کا تیسواں حصّہ (۴۸ منٹ کا وقت۔

مُہُہُ۔ بار بار۔ ہر بار۔

مہی۔ زمین۔ ارض۔ چھاچھ۔ مٹھا۔

مہی پت۔
مہی پتی۔
مہیپ۔
مہی پال۔
} مالک ارض یعنی راجہ۔ بادشاہ۔

مہیتل۔ سطح زمین۔

مہی دھر۔ حامل ارض یعنی پہاڑ۔ کوہ۔

مہی رُہ۔ درخت۔ نبات۔

مہیش۔
مہیشور۔
} سب سے بڑا ایشور یعنی رب الارباب۔ صانع ثلثہ میں سے ایک یعنی مہادیوجی کا لقب۔

مہیندر۔ راجہ اندر۔ مہاراجہ۔ ایک پہاڑ کا نام۔

مئی۔ مملو۔ شامل۔ پُر۔ بھرا ہوا۔

میا۔
مایا۔
} مہربانی۔ رحم۔ محبت۔ شفقت۔ لطف۔

میّا۔ ماں۔ مادر۔

میت۔ دوست۔ محب۔ عاشق۔

میتا۔ ہم نام۔

میتر۔ دوستی ایک نچھتر جسے انورادھا کہتے ہیں۔

میتری۔ دوستی۔ محبت۔ پیار۔ انسانی ہمدردی۔

میتھل۔ شہر متھلا کا باشندہ۔

میتھلی۔ راجہ جنک کی دختر سیتا۔

میتھن۔ زن و مرد کا اتصال۔ مجامعت۔ مباشرت۔

میٹ۔ گھمنڈ۔ غرور۔

مِیچ۔ موت۔ مرگ۔ قضا۔ وفات۔

میچک۔ کالا۔ سیاہ۔ اندھیرا۔ تاریک۔ دھواں۔ ابر۔ بادل۔ سرمہ۔ انجن۔

میدر۔ چکنا۔

میدنی۔ زمین۔ ارض۔ جائداد منقولہ۔ زائروں کی وہ جماعت جو کسی ولی کی قبر کی زیارت کے لئے چلی جائے۔

میدھ۔
میدھہ۔
} جگیہ۔ جگ۔ نثار۔ قربانی۔ مغز۔ چربی۔ گودہ۔ سب سے عمدہ حصّہ۔ حد درجہ کا موٹاپن۔ ایک بیماری۔

میدھا۔ سمجھ۔ رسائی۔ دانائی۔ ذہانت۔ تیز فہمی۔ روشن دماغی۔ قوت حافظ۔

میدھاوی۔
میدھر۔
} زود فہم۔ عالم۔ دانا۔ فاضل۔

میدھیہ۔ پاک۔ مقدس۔ خیر۔ ہلدی۔ گوروچن یعنی حجر البقر۔ حافظ کو ترقی دینے والی چیز۔

میدھر۔ ابر۔ بادل۔ بکرا۔ بھیڑا۔ آلہ تناسل مرد۔

میرو۔ تسبیح کا پہلا دانہ یعنی امام۔ ایک پہاڑ کا نام۔

میش۔ مینڈھا۔ پہلے برج فلکی کا نام یعنی برج حمل۔

میکا۔ بیاہی عورتوں کے ماں باپ کا گھر۔

مُیکھلا۔ } کمرپٹہ۔جنیو۔پرتلا۔زنگولہ۔پہاڑ کا اتار یا چڑھاؤ۔
مُیکھلی۔ } نربدا ندی کا نام۔
مُیگھہ۔ میغ۔ابر۔بادل۔بارش۔ایک راگ کا نام جو ساون بھادوں میں گاتے ہیں۔ایک راچھس کا نام۔
مُیگھاگم۔ موسم باراں۔
مُیگھہ پُشپ۔اولہ۔ژالہ۔
مُیگھہ وَوَاڑ۔ آسمان۔فلک۔
مُیگھہ وُمُبر۔کڑک۔گرج۔رعد۔
مُیگھہ وَھنش۔ قوس قزح۔
مُیگھہ وِدیُت۔بجلی۔برق۔
مُیگھہ رَاج۔فرشتہ ابر۔موکل باراں۔
مُیگھہ کاَل۔ موسم باراں۔
مُیگھہ گھٹا۔ بادلوں کی گھٹا۔
مُیگھہ نَاؤ۔بادل کی آواز۔گرج۔رعد۔موکل باراں۔ راون کے ایک بیٹے کا نام۔پلاس کا درخت۔
مُیگھہ وَرَن۔رنگ سحاب یعنی بادلوں کا سا رنگ۔
مُیل۔اتفاق۔ملاپ۔
مِیلِت۔بندھا ہوا۔سکڑا ہوا۔
مُیلَاک۔ ملانیوالا۔
مُیلَن۔اکٹھا ہونا۔ملنا۔جمع ہونا۔
مِیلَن۔بند کرنا۔سکڑنا۔
مُیلَنا۔ ملنا۔دوچار ہونا۔
مِیمَانْسا۔وید کے متعلق تحقیق کرنے کا شاستر۔علم مناظرہ۔
مِیمَانْسِت۔ بچارا گیا۔تحقیق کیا ہوا۔

مِیمَانْسک۔بچار کرنیوالا۔سوچنے والا۔میمانسا کا جاننے والا۔
مُیمنا۔بکری کا بچہ۔
مِین۔ مچھلی۔ماہی۔ایک برج فلکی کا نام یعنی حوت وشنوجی کا پہلا اوتار۔
مَیناک۔ایک پہاڑ کا نام جسکا ذکر رامائن میں ہے۔
مُینکا۔بہشت کی ایک رقاصہ جو اندر کی اجازت سے وشوامتر کی عبادت درہم برہم کرنیکے لئے گئی تھی۔
مَیوُ۔ ایک قسم کے دیوتا۔
مُیواتی۔ ملک میوات کا باشندہ۔
مَیُور۔مور۔طاؤس۔
مَیُوراَری۔چھپکلی۔گرگٹ۔
مَیُور چَامر۔مورچھل۔
مَیُوکھہ۔کرن۔شعاع آفتاب۔رونق۔زینت۔روشنی۔شعلۂ نار۔چوٹی۔
مَیہ۔ ملا ہوا۔بنا ہوا۔جیسے مَنی مَیہ۔یعنی منیوں سے بنا ہوا۔واضح ہو کہ یہ لفظ ہمیشہ دوسرے الفاظ کے ساتھ آتا ہے۔
مَہِش۔کُھدگا۔جاموش۔
مَہِشی۔بھینس۔گاؤمیش۔
مُیہن۔آلۂ تناسل مرد۔منزل ہونا۔پیشاب کرنا۔
مُیہنا۔ ملامت۔طعن۔
مُیہہ۔ سوزاک۔
مُییہ۔ جس کا ناپ یا حساب ہو سکے۔جو ناپا یا وزن کیا جا سکے۔

ن

نَ ۔ (حرف نفی) نہ ۔ نہیں ۔ نیست ۔ نفی ۔ عدم ۔ سورج ۔
سنیچر ۔ زحل ۔ طول ۔ دراز ۔ انسان ۔

نا ۔ (کلمۂ نفی) نہیں ۔ نہ ۔ نیست ۔

نابھ ۔ ⎫
نابھی ۔ ⎭ ناف ۔ مرکز ۔ ہر چیز کا درمیانی مقام ۔ مُشک ۔ ایک راجہ

ناپِت ۔ نائی ۔ حجام ۔

ناپِت شالا ۔ نائی کی دکان ۔

ناپِتی ۔ نائن ۔

نا تَر ۔ ایسا نہ ہو تو ۔ ورنہ ۔ والّا ۔ وگرنہ ۔

نا تِن ۔ ⎫
نا تِنی ۔ ⎭ بیٹی کی بیٹی یعنی نواسی ۔

ناتھ ۔ مالک ۔ آقا ۔ شوہر ۔ خاوند ۔ صاحب ۔ سوامی ۔ خداوند ۔
بیلوں کی ناک کی رسّی ۔ واضح ہو کہ یہ جوگیوں کا لقب
ہے جو اُن کے نام کے آخر میں لگایا جاتا ہے ۔
جیسے گورکھ ناتھ ۔ وغیرہ ۔

ناتھتا ۔ سرپرستی ۔ پشت پناہی ۔

ناتی ۔ بیٹی کا بیٹا یعنی نواسہ ۔ نبسہ ۔

ناٹ ۔ ناچ ۔ رقص ۔ نقل ۔ مُلک کرناٹک ۔

ناٹک ۔ کھیل ۔ تماشا ۔ تھیٹر ۔ ڈرامہ ۔ مضامین شاعرانہ
سے بیان حال بزرگان وغیرہ ۔ جیسے ہنومان
ناٹک وغیرہ ۔

ناٹکا ۔ ناٹک کرنے والی عورت ۔ نٹوی ۔

ناٹک شالا ۔ ناچ گھر ۔ خانۂ رقص و سرود ۔

ناٹکی ۔ ناٹک کرنیوالی عورت ۔ نٹوی ۔

ناٹَن ۔ ناچنا ۔ رقص کرنا ۔

ناٹیہ ۔ ناچ ۔ رقص ۔

ناٹیہ شالا ۔ ناچ گھر ۔ رقص خانہ ۔

ناد ۔ آواز ۔ راگ ۔ نوا ۔ سرود ۔ گرج ۔ مٹی کا برتن ۔

ناد شبد ۔ آواز ۔ بانی ۔

نادَن ۔ آواز کرنا ۔ گرجنا ۔

نادیا ۔ بیل کی ایک قسم ۔

نادیکا ۔ گھڑی ۔

نار ۔ ناری ۔ عورت ۔ زن ۔ جورو ۔ ران ۔ ساق ۔ گردن ۔
بندوق کی نالی ۔ کنولوں کی نالی ۔

نارا ۔ لیف ۔

ناراچ ۔ بان ۔ تیر ۔

نارائن ۔ وشنوجی کا لقب ۔

نارائنی ۔ وشنوجی کی زوجہ ۔ لکشمی ۔ گنگا ۔ شتاوری ۔

نارد ۔ ایک مہارشی کا نام جو برہما کے بیٹے تھے ۔ دس ویورشیوں
میں سے ایک ۔

نارکی ۔ نرک یعنی دوزخی ۔ گنہگار ۔

نارکیل ۔ ⎫
ناریکیر ۔ ⎭ ناریل ۔ نارجیل ۔ جوز ہندی ۔

ناری ۔ (ضد نر) عورت ۔ زن ۔

ناڑی ۔ نس ۔ نبض ۔ آنول نال ۔

ناسا ۔ ناک ۔ بینی ۔ انف ۔

ناستک ۔ ⎫ وہ جو بید ۔ عاقبت اور ایشور کو نہ مانتا ہو ۔ بے دین ۔
ناستکی ۔ ⎭ ملحد ۔ لامذہب ۔ زندیق ۔

ناَشتِک واَد - خداوند تعالیٰ کو نہ ماننا - کفر کی باتیں -
لامذہبوں کا جھگڑا -
ناَشتی ۔ نیستی - بربادی - تباہی - فنا - معدوم - نابودی -
ناَسِر - آگے چلنے والی فوج - مقدمۃ الجیش -
ناَسِکا - ناک بینی - انف -
ناَش - بربادی - تباہی - فنا - زوال - نقصان - بگاڑ -
اُجاڑ - نیست - نابود - عدم - موت -
ناَشت - برباد کیا ہوا - تباہ کیا گیا -
ناَشک - برباد کرنیوالا - نابود کرنے والا - فنا کرنیوالا -
ناَشن - تباہ کرنا - برباد کرنا - فنا کرنا - برباد -
تباہ - فنا -
ناَشنی - برباد کرنیوالی عورت - فنا کرنیوالی -
ناَشنیہ - } ناَشیہ - } برباد کرنے کے قابل - اُجاڑنے کے لائق -
ناَشوان - } ناَشمان - } فنا ہونیوالا - مٹ جانیوالا - معدوم ہونیوالا -
ناَشی - اُجاڑ - برباد - فنا - ناش کرنیوالا - برباد کرنیوالا -
ناَک - آسمان - کرہ باد - بہشت -
ناَکا - مگرمچھ - گھڑیال -
ناَکپتی - بہشت کا راجہ اندر -
ناَگ - کشیپ مُنی کی زوجہ دکدرو کے بیٹے جن کی شکل سانپوں کی
سی ہوتی ہے جو پاتال میں رہتے ہیں اور دیوتا کہلاتے
ہیں - کالا سانپ - ہاتھی - زہر - چھتریوں کا ایک فرقہ -
ناگ کیسر -
ناَگا - ایک قسم کے سنیاسی جو برہنہ پھرتے ہیں -

ناَگاری - ناگ یعنی سانپ کا دشمن - گرڑ - مور - نیولا -
ناَگ بیل - پان کی بیل -
ناَگ پاش - برن دیو کا استر (ہتھیار) ایک قسم کا کمند پھندا -
ناَگ پنچمی - ساون سدی پنچمی جس روز سانپ کی پوجا
کی جاتی ہے -
ناَگ پھنی - ایک قسم کا تھوہڑ جس کے پتے سانپ کے
پھن کی طرح ہوتے ہیں -
ناَگ دنت - } ناَگ دنتک - } ہاتھی دانت - عاج -
ناَگر - نگر یعنے شہر کا رہنے والا - چالاک - ہوشیار -
گجراتی برہمنوں کا ایک فرقہ -
ناَگر بیل - دیکھو (ناگ بیل)
ناَگرک - نگری یعنی شہری - قصباتی - چالاک -
ناَگر موتھا - ایک قسم کی خوشبودار گھانس کی جڑ -
ناَگری - شہر کی رہنے والی عورت - چالاک عورت -
ٹھیٹ ہندی زبان - دیوناگری حروف - مراد ہے
رادھکا یا گوپکاؤں سے -
ناَگ کنیا - ناگوں یا پاتال کے دیوتاؤں کی لڑکیاں
جو بڑے حسین ہوتی ہیں اور سانپوں کی نسل سے ہیں -
ناَگ کیسر - دیکھو (ناگیسر)
ناَگ لوک - ناگوں کی دنیا یعنی پاتال - تحت الثریٰ -
ناَگن - } ناَگنی - } ناگ سانپ کی مادہ - سانپن -
ناَگور - مارواڑ کے ایک شہر کا نام -
ناَگیسر - ایک خوشبودار پھول -

ناگیسری ۔ زرد رنگ ۔ زعفران ۔

نال ۔ کنول وغیرہ پھولوں کی لمبی ڈنڈی ۔ ٹہنی ۔ ڈنٹھل ۔ بندوق وغیرہ کی نلی ۔ نالی ۔ وہ آنت جو بچوں کی ناف کے ساتھ لگی رہتی ہے ۔ آنول ۔ ناف ۔

نالک ۔ بندوق ۔ تفنگ ۔

نام ۔ / **نامن** ۔ } نام ۔ اسم ۔ اشارہ ۔

نامانکت ۔ جس پر نام لکھا یا کندہ کیا گیا ہو ۔

نامآولی ۔ نسب نامہ ۔

نامدھاری ۔ نام والا ۔ موسوم ۔

نامدھیہ ۔ نام ۔ اسم ۔

نامشیش ۔ گم نام یعنی مرا ہوا ۔ مُردہ ۔

نامکرن ۔ لڑکا پیدا ہونے کے بعد کرنے کے سولہ سنسکاروں میں سے پانچواں سنسکار جس میں بچے کا نام رکھا جاتا ہے ۔

نانا ۔ بہت طرح ۔ طرح طرح ۔ گوناگون ۔ انواع ۔ مختلف اقسام ۔ کئی ۔ بہت ۔ ماں کا باپ ۔

ناناپرکار ۔ طرح طرح ۔ گونا گون ۔ رنگارنگ ۔ بوقلموں

نانارتھ ۔ مختلف المعنی ۔ نہایت فائدہ مند ۔

نانند ۔ مٹی کا بڑا برتن ۔

نانندی ۔ بشاشت ۔ دلجمعی ۔ ترقی ۔ کثرت ۔ حدبازی ۔

نانندیا ۔ بیل ۔ نرگاؤ ۔ مہادیو جی کی سواری ۔ (بیل)

نانندی مکھ ۔ ایک شرادھ کرم کا نام جو بیاہ وغیرہ کے ابتدا میں بزرگوں اور دیوتاؤں کے نام پر کیا جاتا ہے ۔

نانک ۔ ایک مشہور سکھ مذہب کے بانی کا نام ۔

نانک پنتھی ۔ / **نانک شاہی** ۔ } گرونانک جی کے پیرو ۔ سکھ فقرا کا ایک گروہ ۔

نانگھ ۔ کود ۔ پھاند ۔ شلانگ ۔

نانگھنا ۔ کودنا ۔ پھاندنا ۔ لانگھنا ۔ پار ہونا ۔ اُترنا ۔

نانہہ ۔ نہیں ۔ نہ ۔ لا ۔

ناؤ ۔ کشتی ۔ ڈونگی ۔

ناؤ ۔ / **ناؤں** ۔ } نام ۔ اسم ۔ ناموری ۔

ناونا ۔ / **نانا** ۔ } جھکانا ۔ سر جھکانا ۔ سلام کرنا ۔

ناوک ۔ کشتی بان ۔ ملاح ۔ ناخدا ۔

ناہ ۔ مالک ۔ شوہر ۔

ناہر ۔ شیر ۔

ناہ ۔ / **ناہی** ۔ } نہ ۔ نہیں ۔ لا ۔ نیست ۔

نایک ۔ اگوا ۔ سردار ۔ مالک ۔ افسر ۔ پیشوا ۔ پیش رو ۔ سرہنگ ۔ نوجوان لڑکا ۔ ایک چھوٹے درجے کا فوجی افسر ۔ ہار کے بیچ کی منی ۔ وہ شخص جو ناچنے اور گانے میں مہارت تامہ رکھتا ہو ۔

نایکا ۔ نایک کی جورو ۔ دوشیزہ ۔ حسینہ کسی ڈرامہ یا قصہ کی ہیروئن ۔ یہ تین طرح کے ہیں ۔ (۱) سوکیہ ۔ جو صرف اپنے شوہر سے محبت کرے ۔ (۲) پرکیہ ۔ جو غیر شخص سے محبت کرے ۔ (۳) سامانیہ جو پیسہ کی لالچ سے محبت کرے ۔ واضح ہو کہ زمانہ حال میں قحبہ خانے

کی مالکہ کو کہتے ہیں یعنی کُٹنی۔ دَلّالہ۔

نَائِنْ۔ نائی کی جورو۔

نِبَارَنْ۔ (نِوَارَنْ) روک۔ منع۔ ممانعت۔ بازداشت۔

نِبَارْنَا۔ روکنا۔ منع کرنا۔ باز رکھنا۔

نِبَاسْ۔ دیکھو (نِوَاسْ)

نِبَاہْ۔ پورا کرنا۔ پورا۔ تمام۔ گزارہ۔ بسر۔

نِبَلْ۔ (نون نفی کا) ناتوان۔ کمزور۔ ضعیف۔

نِبَلَا۔ (نون نفی کا) مجازاً عورت۔ زن۔

نِبَنْدھ۔ } موقع۔ بندش۔ قید۔ سبب۔ تحریر۔ وعدہ۔
نِبَنْدھَنْ۔ } گرہ۔ مقرر۔ ثابت۔ تشریح۔ رکاوٹ۔

قبض۔ بیڑی۔ کڑی۔ حد۔ روک۔ رکاوٹ۔

چسپاں کیا گیا۔ ضمیمہ کتاب کا۔ دریافت کیا گیا۔

ماہیانہ۔ سالیانہ۔

نِبَڑْنَا۔ } نپٹنا۔ ہو چکنا۔ خرچ ہونا۔ پورا ہونا۔ برباد ہونا۔ ختم ہونا۔
نِبْٹْنَا۔ }

نَبھ۔ } آسمان۔ فلک۔ خلا۔ جوہر۔ ساون کا مہینہ۔ سورج۔ ابر۔
نَبھَسْ۔ }

نِبھ۔ برابر۔ موافق۔ مطابق۔ کپٹ۔ بہانہ۔ عُذر۔

نِبھَاگَا۔ } (نون نفی کا) بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔
نِبھَاگِی۔ }

نَبھ چَرْ۔ آسمان میں پھرنیوالا۔ پرندہ۔ طائر۔ ایک قسم کے دیوتا۔ ابر۔ ہوا۔

نِبھَرْتْ۔ عاجز۔ قائم۔ برقرار۔ وہ مقام جہاں انسان نہ ہوں۔ لیا گیا۔ چھپا ہوا۔ خفیہ۔ عاقل۔

نَبھَسْیَہ۔ بھادوں کا مہینہ۔

نَبھَکْ۔ } فضائے آسمان میں پھرنیوالے یعنی طائر۔ ستارے۔ دیوتا وغیرہ
نَبھ گَامِی۔ }

نَبھَہْ۔ آسمان۔ فلک۔

نِبَٹیڑَا۔ } نپٹنا۔ پورا کرنا۔ چھٹکارا۔
نِوَٹیڑَا۔ }

نِپَاتْ۔ گرنا۔ مرنا۔ موت۔ گرا ہوا۔ اجاڑا گیا۔

نِپَاتِتْ۔ نیچے گرا ہوا۔ اجاڑا ہوا۔

نِپَاتَکْ۔ برباد کرنیوالا۔ اجاڑنیوالا۔ ڈھانیوالا۔

نِپَاتْنَا۔ گرانا۔ برباد کرنا۔ مار ڈالنا۔

نِپَانْ۔ پینا۔ گڑھا۔ تالاب۔ کٹھرا۔ حوض۔ ہرن۔ دودھ دوہنے کا برتن۔

نَپْتَا۔ لڑکی یا لڑکے کی اولاد کور۔

نِپْتَنْ۔ نیچے گرنا۔ برباد ہونا۔

نِپَٹْ۔ بہت زیادہ۔ برباد ہونا۔

نِپُمْسَکْ۔ (نون نفی کا) نامرد۔ ہجڑا۔ مخنث۔ ہیز۔ ڈرپوک۔

نِپُنْ۔ چالاک۔ ہوشیار۔ دانا۔ تیز۔ کامل۔ ماہر۔

نِپُنَائِی۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ عقلمندی۔

نِپُوتَا۔ (نون نفی کا) لاولد۔ بے اولاد۔

نِپِیڑِتْ۔ تکلیف دیا گیا۔ نچوڑا گیا۔

نِپِیڑَنْ۔ تکلیف دینا۔ نچوڑنا۔

نِتْ۔ }
نِتْیَتَا۔ } روز روز۔ روزانہ۔ ہمیشہ۔ ہموارہ۔ متواتر۔
نِتْیَہ۔ } یکساں۔ لگاتار۔ مسلسل۔ روزمرہ۔ جاوداں۔
نِتْیَم۔ } دوام۔ مدام۔ دایم۔ راست۔ ہمیشگی۔

نَتْ۔ جھکا ہوا۔ خمیدہ۔ عاجز۔

نتیہ ۔ دوام ۔ مدام ہمیشگی ۔ مداومت ۔

نتانت ۔ بہت ۔ نہایت ۔ زیادہ ۔ بسیار ۔ کثرت ۔

نتانگ ۔ جھکا ہوا ۔

نتانگی ۔ مجازاً عورت ۔ زن ۔

نترام ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔ دوام ۔

نت پرتی ۔ / نت دن ۔ } روز بروز ۔ ہر روز ۔ روزانہ ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔

نترو ۔ نہیں تو ۔ ورنہ ۔

نت کرم ۔ / نتیہ کرم ۔ } فرائض مذہبی روزانہ ۔ واضح ہو کہ وہ چھ ہیں غسل ۔ سندھیا ۔ ترپن ۔ عبادت ۔ جپ ۔ تپ وغیرہ ۔

نتمب ۔ عورتوں کے چوتڑ ۔ سرین ۔ کنارۂ رود ۔

نتمبنی ۔ مجازاً عورت ۔ زن ۔

نت نت ۔ ہر روز ۔ روزانہ ۔ ہمیشہ ۔ دوام ۔

نت نیم ۔ / نتیہ نیم ۔ } روزمرہ کرنے کا فرض یعنی سندھیا ۔ عبادت پرستش وغیرہ

نتھ ۔ / نتھنی ۔ } ناک کی بالی (گہنا)

نتھرا ۔ صاف پاک ۔ بے عیب ۔

نتی ۔ جھکنا ۔ جھکاؤ ۔ استار ۔ نمسکار ۔ سلام ۔ بندگی ۔ عاجزی ۔ خاکساری ۔

نتی ۔ روزانہ ہمیشہ ۔ دوام ۔

نتی ۔ تعریف ۔ ثنا ۔ پوجا ۔ پرستش ۔

نتنی ۔ بیٹی کی بیٹی ۔ نواسی ۔

نتیانند ۔ سدا سکھ ۔ جو ہمیشہ آنند یعنی بشاش رہے ۔

نتیانتیہ ۔ روزانہ ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔ مدام ۔

نتیکت ۔ ناتے دار ۔ رشتہ دار ۔ خویش و اقارب ۔

نتیہ ۔ جو دائم و برقرار رہے ۔ سدا ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔ لگاتار ۔ معمولی ۔ روزانہ ۔

نتیہ پرتی ۔ ہر روز ۔ روزانہ ۔ ہمیشہ ۔ دائم ۔

نتیہ تا ۔ ہمیشگی ۔

نتیہ دا ۔ ہمیشہ ۔ مدام ۔ دائم ۔

نتیہ کرم ۔ / نتیہ کرما ۔ / نتیہ کریا ۔ } روزانہ کرنیکے مذہبی رسومات شغل دایمی ۔

نٹ ۔ ناچ ۔ ربیلا ۔ مکار ۔ دغا باز ۔ بازیگر ۔ ناٹک کا کھیل کرنیوالا ۔ ایک راگنی کا نام ۔

نٹ کھٹ ۔ فتنہ پرداز ۔ شوخ ۔ شریر ۔

نٹل ۔ پیشانی جبیں ۔ ناصیہ ۔

نٹن ۔ ناچ ۔ رقص ۔

نٹنا ۔ ناچنا ۔ رقص کرنا ۔

نٹ ناگر ۔ سری کرشن جی کا لقب ۔

نٹنی ۔ نٹ کی جورو ۔ ناچنے والی عورت ۔ رقاصہ ۔

نٹھر ۔ سخت دل ۔ بے مروت ۔ بے رحم ۔ ظالم ۔ دغا باز ۔ مکار ۔ عیار ۔

نٹھرتا ۔ / نٹھرائی ۔ } سختی ۔ بے رحمی ۔ ظالمی ۔

نٹی ۔ نٹ کی عورت ۔ نٹنی ۔ رقاصہ ۔

نج ۔ اپنا ۔ خاص ۔ آپکا ۔ خود کا ۔ اصل ۔ صحیح ۔ خالص ۔ سچ ۔ حقیقی ۔ ذاتی ۔ خانگی ۔ راست ۔ درست

رنجاَ ۔ نیک بخت بیوی۔
رنج تنترؔ ۔ سوتنتر ۔ خودمختار۔
رنج دھامؔ ۔ ملک حقیقی ۔ بہشت ۔ مراد ہے مقام بھگوت سے۔
رنج گتی ۔ اپنی حالت ۔
رنج ورتی ۔ اپنا پیشہ ۔
رنچاورؔ ۔ دیکھو (رنچھاورؔ)
رنچنتؔ ۔ } (نشچنتؔ) بے فکر ۔ مطمئن ۔
رنچنتؔ ۔ }
رنچنتائی ۔ (نشچنتائی) فراغت ۔ بیفکری ۔ طمانیت ۔
رنچولؔ ۔ اوڑھنی ۔ دوپٹہ ۔ غلاف ۔
رنچولک ۔ چولی ۔ انگیا ۔ بکتر ۔
رنچھاورؔ ۔ نثار ۔ تصدق ۔ اُتارا ۔
نچھترؔ ۔ (نکشترؔ) اشونی ۔ بھرنی وغیرہ (۲۷) نچھتر ۔ ستارہ ۔ اختر ۔ کوکب ۔
نچھتر ودیاَ ۔ (نکشتر ودیاَ) علم نجوم ۔
رنچیے ۔ } ڈھیر ۔ انبار ۔ کثرت ۔
رنچاے ۔ }
ندؔ ۔ ندی جو مغرب سے مشرق کی جانب بہتی ہو ۔ جوے ۔
نداروؔ ۔ سخت ۔ خوفناک ۔
نداگھؔ ۔ گرمی ۔ دھوپ ۔ حرارت ۔ پسینہ ۔ موسم گرما ۔
ندانؔ ۔ آخرکار ۔ سب کے بعد ۔ آخر میں ۔ پیچھے ۔ ثبوت ۔ حکم ۔ نظیر ۔ سبب ۔ خلاصہ ۔ بالکل علاج کا وہ حصّہ یا کتاب جس میں بیماریوں کے اصل اسباب وحالات شناخت کرنے کے طریقے درج ہوں ۔
ندتاَ ۔ آواز کرنے والا ۔

ندھیاسنؔ ۔ استغراق ۔
ندراَ ۔ نیند ۔ خواب ۔ نوم ۔
ندراشنؔ ۔ سوجانا اور کھانا ۔ خواب وخور ۔
ندرالو ۔ جسے نیند آتی ہو ۔ نیند میں مخمور ۔
ندرتؔ ۔ سویا ہوا ۔ خفتہ ۔
ندرشنؔ ۔ نمونہ ۔ مثال ۔ نظیر ۔ تمثیل ۔ مطابق ۔ ظاہر کرنے کا
ندرناَ ۔ بے عزت کرنا ۔
ندشتؔ ۔ حکم دیا گیا ۔ نصیحت کیا گیا ۔ تشریح کیا گیا ۔
ندنؔ ۔ آواز کرنا ۔
ندھانؔ ۔ ذریعہ ۔ سہارا ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مسکن ۔ مقام ۔ جگہ ۔ برتن ۔ ظرف ۔ خزانہ ۔ معدن ۔ قائم کرنا ۔
ندھانہ ۔ خاندان کا سردار ۔
ندھاکؔ ۔ خزانہ ۔
ندھنؔ ۔ (نون نفی کا) غریب ۔ محتاج ۔ مجازاً موت ۔
ندھنتاَ ۔ (نون نفی کا) بے دولتی ۔ غریبی ۔
ندھی ۔ خزانہ ۔ دولت ۔ مخزن ۔ معدن ۔ کبیر (خدائے دولت) کے خاص خزانے کا نام ۔ ذریعہ ۔ جگہ ۔ مقام ۔ گھر ۔ آسرا ۔ دریا ۔
ندھیانؔ ۔ دیکھنا ۔ ملاقات ۔
ندی ۔ بہتا ہوا پانی ۔ ندی ۔ رود ۔
ندیشؔ ۔ } دریا ۔ سمندر ۔
ندیشؔ ۔ }
ندیشؔ ۔ اجازت ۔ حکم ۔ نزدیک ۔ برتن ۔ ظرف ۔
ندیکولؔ ۔ کنارۂ رود ۔ ساحل ۔
نڈرؔ ۔ (نون نفی کا) بے ڈر ۔ بے خوف ۔ بے باک ۔ ڈھیٹ ۔

نِڈھال۔
نِڈھول۔ } قائم۔غیر متحرک۔سُنسان۔

نَرْ ۔ } (ضد ناری یعنی) مرد۔انسان۔بشر۔آدمی۔
نَرُ ۔ } مذکر۔ارجن کا لقب۔خداوند تعالیٰ۔

نِرْ ۔ نہ نہیں۔بن۔بنا۔لا۔بے۔بغیر۔باہر۔بلا۔الگ۔ بدون۔اچھی طرح سے۔واضح ہو کہ یہ ایک کلمۂ نفی ہے جب دوسرے کلمہ کے ساتھ آتا ہے تو کسی چیز کے ساتھ عدم اِتصاف کا افادہ دیتا ہے۔جیسے (نِرگندھ) یعنی ہر وہ چیز جس میں کسی قسم کی بو نہ ہو۔

نِرَا ۔ محض۔اکیلا۔خالص۔صِرف۔فقط۔بالکل۔

نِرُاپادھی۔(نِر نفی کا) جسے کسی طرح کی تکلیف نہ ہو۔

نِرْآپدْ ۔(نِر نفی کا) جسے کوئی آفت نہ ہو۔بے مصیبت۔ اقبالمند۔

نِرْپَرادھ ۔(نِر نفی کا) بے گناہ۔بے قصور۔بے عیب۔ بے نقص۔پاک۔

نِرُپَم ۔(نِر نفی کا) بے نظیر۔لاثانی۔

نِرْاُتّر ۔(نِر نفی کا) لاجواب۔جس کا کوئی جواب نہ ہو۔

نِرْآجُدھ ۔(نِر نفی کا۔آیُدھ) بے ہتھیار۔

نِرْآچار ۔(نِر نفی کا) جسکے چال چلن نیک نہ ہوں۔

نِرْاَچھَر ۔(نِر نفی کا۔اَکشَر) ناخواندہ۔اُمّی۔

نِرْآدَر ۔(نِر نفی کا) بے ذریعہ۔بے وسیلہ۔بے عزت۔ بے حرمت۔بے قدر۔بے ادب۔بے تمیز۔بدوضع۔ بداخلاق۔

نِرْآدَرْ ۔(نِر نفی کا) بے قدری۔عدم توجہی۔بے پروائی۔

نِرَادھار ۔(نِر نفی کا) بے سہارا۔جسکا کوئی ذریعہ نہ ہو۔بے وسیلہ۔

نَرَادِھپ ۔ مالک البشر۔راجہ۔بادشاہ۔

نَرَادھم ۔ انسانوں میں نیچ۔کمینہ۔رذیل۔مردود۔نِکمّا۔

نِرَادھی ۔ بے فکر۔صحت مند۔

نِرْاُدْویگ ۔(نِر نفی کا) بے خوف۔مطمئن۔

نِرْاُدْیَم ۔(نِر نفی کا) بیکار۔فضول۔

نِرْاُدْیوگ ۔(نِر نفی کا) بیکار۔فضول۔

نِرْاَرتھک ۔(نِر نفی کا) بے ضرورت۔بے کار۔بے نتیجہ۔ بے فائدہ۔فضول۔

نِرْاَسْتر ۔(نِر نفی کا) بے ہتھیار۔

نِرَاش ۔ } ناامید۔مایوس۔بے سہارا۔بے بھروسا۔دور کرنا۔
نِرَاشا ۔ } تردید کرنا۔قطع کرنا۔

نِرَاشْرے ۔(نِر نفی کا) جس کا کوئی سہارا نہ ہو۔بے وسیلہ۔ بے ٹھور ٹھکانا۔محتاج۔

نِرَاشیہ ۔(نِر نفی کا) ناامیدی۔

نِرَاکار ۔(نِر نفی کا) جس کی کوئی شکل و شباہت نہ ہو۔بے نشان۔ مراد ہے خداوند تعالیٰ سے۔

نِرَاکانکش ۔(نِر نفی کا) جسے طمع نہ ہو۔

نِرَاکانکشی ۔(نِر نفی کا) لاطمع۔قانع۔

نِرَاکَرن ۔ ہٹانا۔دور کرنا۔الگ کرنا۔چھانٹنا۔مٹانا۔رد کرنا۔

نِرَاکشیہ ۔(نِر نفی کا) جس میں دیر نہ ہو۔فوراً۔جھپٹ۔تیز۔

نِرَالَمْب ۔(نِر نفی کا) بے سہارا۔

نِرَامِش ۔(نِر نفی کا) بے گوشت خوراک۔عیش و عشرت سے مُبرا۔

نِرَامئے ۔ (نِر نفی کا) جسے کوئی بیماری نہ ہو ۔ تندرست ۔ صحت آرام ۔ چنگی بھرا ۔
نِرَاَن ۔ (نِر نفی کا) جس کو کھانا نہ ہو ۔
نِرَانت ۔ (نِر نفی کا) بے کنارہ ۔ بے حد ۔
نِرَانند ۔ (نِر نفی کا) جو خوش نہو ۔
نِرَاَودھی ۔ (نِر نفی کا) بے حد ۔ بے کنارہ ۔ ہمیشہ ۔ مسلسل ۔ برابر ۔ لگاتار ۔
نِر آورن ۔ (نِر نفی کا) بے پردہ ۔ کُھلا ۔ برملا ۔
نِر اَوکاش ۔ بے فرصت ۔ مشغول ۔
نِراونا ۔ کھیتی سے کوڑا کرکٹ دور کرنا ۔ پچھوڑنا ۔ صاف کرنا
نِراہار ۔ (نِر نفی کا) بے غذا ۔ بے طعام ۔ بے خورد و نوش ۔ روزہ ۔ فاقہ ۔
نِر اَہنکار ۔ (نِر نفی کا) جسکو غرور نہ ہو ۔ بے غرور ۔
نِرایاس ۔ (نِر نفی کا) بلا تکلیف ۔ آسان ۔
نِرایدھ ۔ بے ہتھیار ۔
نِر باؤ ۔ دیکھو (نِر واؤ)
نِر باؤ ۔ (نِر نفی کا ۔ وِداؤ) بغیر جھگڑے کے
نِر بدھی ۔ (نِر نفی کا) بے عقل ۔ بے سمجھ ۔ ناداں ۔ مورکھ ۔ بے وقوف ۔
نِربسی ۔ تبدوار ۔
نِر بَش ۔ (نِر نفی کا ۔ وَش) ناتوان ۔ کمزور ۔ بے طاقت
نِربکار ۔ (نِر نفی کا ۔ وِکار) بے عیب ۔ بے نقص ۔ غیر متغیر ۔
نِر بکشن ۔ (نِر نفی کا) دیکھو (نِر وِکشن)
نِر بَل ۔ } (نِر نفی کا) بے طاقت ۔ بے زور ۔ ناتوان ۔
نِبَل ۔ } کمزور ۔ ضعیف ۔ نحیف ۔ لاغر ۔
نِر بلتا ۔ (نِر نفی کا) ناتوانی ۔ ضعف ۔
نِر بندھ ۔ نِر بندھ ۔ (نِر نفی کا) بے روک ۔ بے قید ۔ بے سہارا ۔ بے روزگار ۔
نِر بندھو ۔ (نِر نفی کا) بے یار ۔ بے خویش ۔ بے چارہ ۔
نِر بنش ۔ (نِر نفی کا) لاولد ۔ بے نسل ۔
نِر بودھ ۔ (نِر نفی کا) بے سمجھ ۔ بے علم ۔
نِر بھر ۔ پورا ۔ بھرا ہوا ۔ بہت ۔ نہایت ۔ کثرت ۔
نِر بھے ۔ (نِر نفی کا) نڈر ۔ بے خوف ۔ دلیر ۔
نِر بھیت ۔ } (نِر نفی کا) نڈر ۔ بے خوف ۔
نِر بھیک ۔ }
نِر بھیتا ۔ (نِر نفی کا) بے خوفی ۔ دلیری ۔
نِر بیج ۔ (نِر نفی کا) بے تخم ۔ لاولد ۔ بے نسل ۔
نِر بیر ۔ (نِر نفی کا ۔ وَیر) بے دشمن ۔
نُرپ ۔ }
نُرپت ۔ }
نُرپال ۔ } راجہ ۔ بادشاہ ۔
نُرپتی ۔ }
نُرپو ۔ }
نِرپادھی ۔ (نِر نفی کا) جسکو کوئی آفت نہ ہو ۔ وہ جو کار خیر کی جانب مایل ہو ۔
نُرپاتما ۔ شاہی نسل کا ۔ بادشاہ زادہ ۔
نُرپاسن ۔ تخت شاہی ۔
نُرپانش ۔ حصہ شاہی ۔ حق شاہی ۔ رقم مالگزاری ۔
نِرپائے ۔ (نِر نفی کا) بے تجویز ۔ ناچار ۔

نَرپَتی ۔ انسانوں کا مالک ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

نِرْپَشیہ ۔ (نِرْ نفی کا) بے اولاد ۔ جس کی کوئی اولاد نہو ۔

نِرْپَچھ ۔ (نِرْ نفی کا ۔ پَکْشَش ۔) بے یار و مدد گار ۔ ناچار ۔ عاجز ۔ بےکس ۔

نِرُپدْرَوْ ۔ (نِرْ نفی کا) جو بیمار نہ ہو ۔ جسکو کوئی تکلیف نہ ہو ۔

نَرَپُرْ ۔ انسانوں کا شہر ۔ مجازاً دنیا ۔ زمین ۔ ارض ۔

نَرْپریہ ۔ بنی نوع انسان کا دوست ۔

نُرُپْ گھاتی ۔ راجاؤں کا قاتل ۔ پرشرام کا لقب ۔

نِرْپھَلْ ۔ (نِرْ نفی کا) بے پھل ۔ بے ثمر ۔ بے سود ۔ بے فائدہ ۔

نِرْپیکْشَشْ ۔ (نِرْ نفی کا) بے پروا ۔ آزاد ۔

نَرْتْ ۔ ناچنے والا ۔ رقص کرنیوالا ۔

نُرْتْ ۔ }
نُرْتیہ ۔ } ناچ ۔ رقص ۔

نِرَتْ ۔ ہمیشہ لگا ہوا ۔ مشغول ۔

نِرُتَّرْ ۔ (نِرْ نفی کا) بے جواب ۔ لاجواب ۔ خاموش ۔ چپ ۔

نِرُتْساہ ۔ (نِرْ نفی کا) جسکو کسی بات کی خوشی نہ ہو ۔ سست ۔ کاہل ۔

نَرْتَکْ ۔ ناچنے والا ۔ نٹ ۔ نقال ۔ شعبدہ باز ۔

نَرْتکی ۔ ناچنے والی (عورت) نٹنی ۔

نَرْتَنْ ۔ ناچ ۔ رقص ۔ ناچنا ۔ رقص کرنا ۔ نقل کرنا ۔ بھاؤ بتلانا ۔

نَرْتَنْ شالا ۔ ناچ گھر ۔ رقص خانہ ۔

نَرتُو ۔ ناچنے والا ۔ نقال ۔

نِرَتھ ۔ کسی کام میں لگا ہوا ۔ مشغول ۔

نُرْتی ۔ ناچ ۔ رقص ۔

نِرَتی ۔ بے غرضی ۔

نُرْتیہ ۔ ناچ ۔ رقص ۔ ناچنا ۔ رقص کرنا ۔ نقل کرنا (بھاؤ) اشاروں سے مطلب ظاہر کرنا ۔

نُرْتیہ شالا ۔ ناچ گھر ۔ رقص خانہ ۔

نُرْتیہ کاری ۔ ناچنے والا ۔ رقاص ۔

نِرَجْ ۔ (متعلق بہ نِرْ یعنی آب) کنول ۔ نیلوفر ۔

نِرْجِتْ ۔ (نِرْ نفی کا) جو ہارا ہو ۔ فتح کیا گیا ۔ مطیع کیا گیا ۔

نِرْجِتا ۔ (نِرْ نفی کا) غیر مفتوح ۔ مغلوب ۔

نِرْجَرْ ۔ (نِرْ نفی کا) جو ضعیف نہ ہو ۔ لازوال ۔ آب حیات ۔ مجازاً دیوتا ۔

نِرْجَلْ ۔ (نِرْ نفی کا) جہاں پانی نہ ہو ۔ بے آب ۔ ریگستان ۔ رب او سرزمین ۔

نِرْجَنْ ۔ (نِرْ نفی کا) جہاں کوئی انسان نہ ہو ۔ غیر آباد مقام ۔ اُجاڑ ۔ ویران ۔ سنسان ۔

نِرْجھَرْ ۔ جھرنا ۔ آبشار ۔ سیلاب ۔ چشمہ ۔

نِرْجھَرِنی ۔ ندی ۔ رود بار ۔

نِرْجیو ۔ (نِرْ نفی کا) بے جان ۔ بے روح ۔ غیر ذی روح ۔ مردہ ۔ غیر متحرک ۔ جمادات ۔

نِرْچھَلْ ۔ (نِرْ نفی کا) سادہ ۔ بے ریا ۔ بھولا بھالا ۔ صاف دل ۔ سادہ لوح ۔

نِرْدِشْٹْ ۔ اچھی طرح سے کہا ہوا ۔ دکھلایا ہوا ۔ اشارے سے ظاہر کیا گیا ۔ تعین کیا ہوا ۔

نَرْدَکْ ۔ بولنے والا ۔ کہنے والا ۔ گوینده ۔

نِرْدَمبھ ۔ بے کپٹ ۔ بے فکر ۔ صاف باطن ۔

نَرْدَنْ ۔ گرج ۔ خوفناک آواز ۔

نِرْدوش۔ } (نِرنفی کا) بے عیب۔ بے نقص۔ بے قصور۔
نِرْدوشی۔ } بے خطا۔ بے گناہ۔ پاک۔
نِرْدوشتا۔ (نِرنفی کا) بے عیبی۔ بے قصوری۔
نِرْدوَندوَہ (نِرنفی کا) بلا حُجت یا تکرار۔ بے جھگڑا۔ رنج وراحت میں یکساں آرام سے۔ چین سے رنگ۔ دویش۔ مان۔ اور ایمان وغیرہ سے مُبّرا۔
نِرْودھ۔ رکا ہوا۔ تغیر۔ ابطالی
نِرْدھار۔ } ٹھیک کرنا۔ مقرر کرنا۔ تحقیق کرنا۔ دریافت کرنا۔
نِرْدھارن۔ } تعین کرنا۔ تشخیص کرنا۔ جُدا کرنا۔
نِرْدھارت۔ تعین کیا ہوا۔ تحقیق کیا گیا۔
نِرْدھرم۔ (نِرنفی کا) بے دینی۔ بے انصافی۔ بے دین۔ بدکار۔ فاسق۔
نِرْدھن۔ (نِرنفی کا) بے زر۔ بے دولت۔ مفلس۔ محتاج۔ غریب۔ کنگال۔
نِرْدھنی۔ (نِرنفی کا) مفلس۔ محتاج۔
نِرْدئی۔ (نِرنفی کا) جس کے دل میں محبت نہ ہو۔ بے رحم۔ نامہربان۔ سخت دل۔
نِرْدیش۔ حکم۔ بیان۔ تعریف۔ کہنا۔ بتلانا۔ دکھلانا۔ ظاہر کرنا۔ اشارہ کرنا۔
نِرْدیو۔ راجہ۔ بادشاہ۔
نِرْدیہہ۔ (نِرنفی کا) بلا جسم و شباہت۔
نِرَرتھ۔ (نِرنفی کا) بے معنی۔ بے ثمر۔ بے بر۔ بے فائدہ۔ بے زری۔ بیکار۔ فضول۔ لا حاصل۔
نِرَرتھک۔ (نِرنفی کا) بے پروا۔ بے معنی۔ غیر مروج۔ متروک الاستعمال۔ بے کار۔ بے سود۔ فضول۔ کاہل۔

سُست۔ غافل۔ بے خبر۔ منسوخ۔
نِرَرگل۔ (نِرنفی کا) بے روک ٹوک۔ بے زنجیر۔
نِرَس۔ (نون نفی کا) بے رس۔ پھیکا۔ بے مزہ۔ خشک۔ مرجھایا ہوا۔ پژمردہ۔ نامطبوع۔ خراب۔ بے حسن۔ کم درجہ کا۔ زبون۔
نِرَشت۔ مارا ہوا۔ مارا گیا۔ ہٹایا ہوا۔ بدر کیا گیا۔ جلایا گیا۔
نُرسِمْہہ۔ انسانوں میں شرزہ یعنے۔ وشنو کے دس اوتاروں میں سے چوتھا اوتار جو ہرنیہ کشیپ کو مارنے اور راور پرہلاد کو بچانے کے لئے ہوا تھا۔
نِرَسن۔ ترک کرنا۔ پھینکنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ خارج کرنا۔ روکرنا۔ نکالنا۔ تھوکنا۔ مار ڈالنا۔
نَرسِنگا۔ ایک طرح کا باجہ۔ تُرہی۔ کرنا سینگی۔
نُرسِنگھ۔ (نُرسِمْہہ) وشنو کا چوتھا اوتار۔
نُرشَمْس۔ بد۔ بدخو۔ ظالم۔ بدکار۔
نَرسون۔ آج سے چوتھا دن۔ گذشتہ ہو یا آیندہ۔
نَرک۔ دوزخ۔ بھاری رنج یا گناہ۔
نَرکاسُر۔ ایک راچھس کا نام۔
نَرکانتک۔ وشنو کا لقب۔
نِرُکت۔ یقینی طور پر کہا ہوا۔ ٹھیرایا ہوا۔ بید کا ایک حصہ جس میں اُس کے الفاظ معنے اور قواعد لکھے گئے ہیں۔
نِرَکش۔ خط استوا۔ پہلا نصف النہار۔

نِرکھنا۔ دیکھنا۔ تاکنا۔
نَرکی۔ نرک کا رہنے والا یعنی دوزخی۔ جہنمی۔
نِرْگت۔ نکلا ہوا۔ باہر گیا ہوا۔ نقل مکان کیا ہوا۔

نِرْ گَمْ ۔ نکلنا ۔ باہر جانا ۔ روانگی ۔ کوچ ۔ رحلت ۔

نِرْ گَمَنْ ۔ نکلنا ۔ نکاس ۔

نِرْ گُنْ ۔ (نِرْ نفی کا) بے گن یعنی بے صفات ۔ بے ہنر ۔ ناداں ۔ بے شعور ۔ خراب ۔ بد ۔ جس میں کوئی اچھی خصلت نہ ہو ۔ مایا کے تینوں گن ۔ یعنی ۔ ست ۔ رج ۔ اور تم سے مبرا ۔ واضح ہو کہ یہ ایک صفت ہے صفات الٰہی سے

نِرْ گَنْدھ ۔ (نِرْ نفی کا) بے بو ۔ جس میں بو نہ ہو ۔

نِرْ گھرشْ ۔ گھسنا ۔ رگڑنا ۔

نِرْ گھنٹ ۔ } فہرست مضامین ۔ فرہنگ ۔ لغت ۔
نِرْ گھنٹک ۔ }

نِرْ گھوش ۔ آواز ۔ صدا ۔

نِرْ لیپت ۔ } (نِرْ نفی کا) نہ لیپا ہوا ۔ آلودہ نہیں کیا ہوا ۔ غیر آلودہ
نِرْ لیپ ۔ } بے لاگ ۔ سری کرشن جی کا لقب ۔

نِرْ لجّ ۔ (نِرْ نفی کا) بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے باک ۔ گستاخ ۔ بے حجاب ۔

نِرْ لوبھ ۔ } (نِرْ نفی کا) جس کو لالچ نہ ہو ۔ بے غرض ۔ لاطمع
نِرْ لوبھی ۔ } خیر ۔ قانع ۔ بے حرص ۔

نَرْ لوک ۔ دنیا ۔ عالم ۔

نِرْ لیپ ۔ (نِرْ نفی کا) بے لاگ ۔ بے تعلق ۔ بے لوث ۔ بے عیب

نَرْ م ۔ ہنسی ۔ دل لگی ۔

نِرْ ماتا ۔ بنانے والا ۔ ایجاد کرنے والا ۔

نِرْ مالیہ ۔ صاف ۔ پاک ۔ صفائی ۔ پاکیزگی ۔ دیوتاؤں کا پس خوردہ یعنی وہ نیاز جو دیوتا کے پیش کرنے کے بعد بچا رہے جسے (نیوید) کہتے ہیں ۔

نِرْ مانْ ۔ بناوٹ ۔ ساخت ۔ تعمیر ۔ تیاری ۔ صنعت ۔ درستی ۔ بنانا ۔ ایجاد کرنا ۔ تصنیف ۔ خلاصہ ۔

نِرْ مانک ۔ ایجاد کرنیوالا ۔ مصنف ۔

نِرْ مت ۔ بنایا ہوا ۔ ایجاد کیا ہوا ۔ تصنیف کیا ہوا ۔ ساختہ ۔ مصنوعی

نِرْ ماتا ۔ بنانے والا ۔ خالق ۔

نِرْ منی ۔ بنانا ۔ تیار کرنا ۔

نَرْ مَدْ ۔ خوشی دینے والا ۔ مسخرہ ۔ بھانڈ ۔

نِرْ مَدْ ۔ اعتدال پر رہنے والا ۔ پرہیزگار ۔ پارسا ۔ خاموش ۔ وہ ہاتھی جو مست نہ ہو ۔

نَرْمدا ۔ ایک ندی کا نام جسے ریوا بھی کہتے ہیں ۔

نِرْ مکتی ۔ چھٹکارا ۔ نجات ۔

نِرْ مل ۔ } (نِرْ نفی کا) بے میل یعنی صاف ۔ پاک ۔ خالص ۔
نِرْ ملا ۔ } بے عیب ۔ بے کدورت ۔ ستھرا ۔ بے داغ ۔ سفید ۔ شفاف ۔

نِرْ ملتا ۔ (نِرْ نفی کا) صفائی ۔ پاکی ۔ پاکیزگی ۔ شفافی ۔

نِرْ ملی ۔ (نِرْ نفی کا) ایک تخم کا نام جس سے پانی صاف کیا جاتا ہے ۔

نِرْ مَم ۔ (نِرْ نفی کا) بے غرض ۔

نِرْ ممتا ۔ (نِرْ نفی کا) بے غرضی ۔

نِرْ منش ۔ (نِرْ نفی کا) اجاڑ جگہ ۔ غیر آباد مقام ۔

نِرْ موک ۔ سانپ کی کینچلی ۔ سلاخ ۔

نِرْ مول ۔ (نِرْ نفی کا) جڑ سے کھودا ہوا ۔ بے بنیاد ۔ بے تخم ۔ بے ٹھکانا ۔ بے اصل ۔ بے وثیقہ ۔ اجڑ ۔ برباد ۔ تباہ ۔

نِرْمُوہ ۔ (دیز نفی کا) نامہربانی ۔

نِرْمُوہی ۔ (دیز نفی کا) نامہربان ۔ بے شفقت ۔ بے التفات ۔
سنگ دل ۔ کج خلق ۔

نِرْمَلِ ۔ (دیز نفی کا) بے داغ ۔ خالص ۔ تندرست ۔

نَرْمیدھ ۔ انسان کی قربانی ۔

نِرْنَاتھ ۔ (دیز نفی کا) بے مالک ۔ بے ولی ۔ بے محافظ ۔ لاوارث ۔
بے خداوند ۔

نِرْناتھا ۔ (دیز نفی کا) رنڈوا ۔

نَرْنارَائن ۔ سری کرشن جی اور ارجن کا لقب ۔

نَرْناری ۔ مرد وزن ۔

نِرَنْت ۔ جس کا انجام نہ ہو ۔ بے انتہا ۔

نِرَنْتَر ۔ لگاتار ۔ متواتر ۔ دائم ۔ ہمیشہ ۔ روزانہ ۔ ہروقت ۔

نِرَنْجْ ۔ (دیز نفی کا) بے شرم ۔

نِرَنْجَن ۔ (دیز نفی کا) جس نے کاجل نہ لگایا ہو ۔ آلودہ نہیں
کیا گیا ۔ جو نظر نہ آئے ۔ بے گناہ ۔ بے عیب ۔ پاک ۔
بے تمنا ۔ بے ریا ۔ کام کرودھ سے بری ۔ خداوند تعالیٰ
کی ایک صفت ۔

نِرَنْکار ۔ (دیز نفی کا) غیر مجسم ۔ مجازاً خداوند تعالیٰ ۔

نِرَنْکُش ۔ (دیز نفی کا) بے روک ٹوک ۔ بے قید ۔ خود مختار ۔
بے ادب ۔

نَرَنْگ ۔ نارنگی ۔ کونلہ ۔

نِرْہیت ۔ (دیز نفی کا) بے وجہ ۔ بے سبب ۔

نِرْنے ۔ قائم ۔ تعین ۔ برقرار ۔ دریافت ۔ بچار ۔ سوچ ۔
غور ۔ تحقیق ۔ تقرر ۔ ثابت ۔ فیصلہ ۔ تیقن ۔ ٹھیک ۔
مقرر کیا گیا ۔ قائم کیا گیا ۔ یقین کیا گیا ۔

نِرْنیت ۔ تعین کیا گیا ۔ بچارا گیا ۔ حکم لگایا گیا ۔ فیصلہ
کیا گیا ۔

نِرْنیتا ۔ قرار داد کرنے والا ۔

نَرُو ۔ آدمی ۔ انسان ۔ بشر ۔

نِرْوَاپ ۔ دان ۔ وہ خیرات جو اپنے بزرگوں کے
نام پر دی جائے ۔

نِرْوَاپن ۔ آگ بجھانا ۔

نِرْوَات ۔ (دیز نفی کا) وہ مقام جہاں ہوا کا گزر نہ ہو ۔
خاموش ۔ با امن ۔

نِرْوَاس ۔ } (دیز نفی کا) قوم وغیرہ سے الگ کرنا ۔ ملک
نِرْوَاسَن ۔ } سے باہر کرنا ۔ منع کرنا ۔ مارنا ۔

نِرْوَاسِت ۔ نکالا گیا ۔ مارا گیا ۔ منع کیا گیا ۔

نِرْوَاسَک ۔ نکالنے والا ۔ باہر کرنیوالا ۔ مارنیوالا ۔

نِرْوَاسَن ۔ مارڈالنا ۔ جلاوطن کرنا ۔

نِرْوَاسیہ ۔ نکالے جانے کے قابل ۔

نِرْوَان ۔ بجھا ہوا ۔ ٹھنڈا کیا ہوا ۔ منقطع کیا گیا ۔ ڈوبا ہوا ۔
مرا ہوا ۔ فقدان ۔ معدوم ۔ زوال ۔ نیست ۔
نجات اُخروی ۔ رستگاری ۔ مزید پیدائش سے
نجات ۔ مخلصی بخشا گیا یعنی مادی سے نجات دیکر
عین وصال خداوند تعالیٰ عطا کیا گیا ۔

نِرْوَاہ ۔ نباہ ۔ گزر ۔ تکمیل ۔ زندگی ۔ کسی بات کا جاری
رہنا ۔ پورا کرنا ۔ تمام کرنا ۔

نِرُوپ ۔ (دنون نفی کا) بے شکل ۔ بے جسم ۔ بے جسد ۔ غیر مادی ۔
خداوند تعالیٰ ۔

نِرُپادھی ۔ (نِر نفی کا) جس میں کوئی گُن نہ ہو ۔ بے عیب ۔ پاک ۔

نِرُوپِت ۔ تفصیل سے کہا ہوا ۔ تحقیق کیا گیا ۔ مقررہ ۔

نِرُوپَم ۔ (نون نفی کا) جس کی برابری نہ ہو سکے ۔ بے مثال ۔ بے نظیر ۔ لاثانی ۔

نِرُوپَن ۔ کسی امر کے متعلق غور و تامل کے بعد رائے قائم کرنا ۔ تفصیل سے کہنا ۔ ثبوت ۔ تعریف ۔ تعین ۔ بچار ۔ دیکھنا ۔

نِرُوتَم ۔ انسانوں میں اعلیٰ ۔

نِرُوچَن ۔ بیان ۔ توضیح ۔

نِرُودھ ۔ روکنا ۔ ابطال ۔ بطلان ۔

نِرُودھ ۔ / نِرُودھَن ۔ } روک ۔ رکاوٹ ۔ بندش ۔ گھیرا ۔ قید ۔

نِرُودیہ ۔ بے عیب ۔ پاک ۔

نِرُوڈھ ۔ پیدائش ۔ مشہور ۔

نِروِش ۔ (نِر نفی کا) بے اختیاری ۔ بے ہوشی ۔

نِروِشنک ۔ (نِر نفی کا) بغیر شک اور خطرے کے ۔

نِروِکار ۔ (نِر نفی کا) جس میں کوئی عیب یا بُرائی نہ ہو ۔ غیر متبدل ۔ جس میں تلوّن نہ ہو ۔ بے نقص ۔ بلا خلل ۔ ایکساں ۔

وَرُوتھ ۔ جھنڈ ۔ دَل ۔ جماعت ۔ گروہ ۔
وَرُوتھنی ۔ فوج ۔ لشکر ۔
وِروچن ۔ سورج ۔ چاند ۔ پرہلاد کا بیٹا راجہ بلی کا باپ ۔
وِرودھ ۔ (برودھ) مخالفت ۔ بگاڑ ۔ دشمنی ۔ عداوت ۔
وِرودھن ۔ بگاڑ کرنا ۔ دشمنی کرنا ۔ بیر کرنا ۔
وِرودھک ۔ دشمن ۔ عدو ۔
وِرودھی ۔ (برودھی) دشمن ۔ عدو خصم ۔
وِروگی ۔ بیمار ۔ مریض ۔
وَرُونالیہ ۔ سمندر ۔ دریا ۔
وِروہن ۔ درخت کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ نصب کرنا ۔
وِرہ ۔ (برہ) علیحدگی ۔ جدائی ۔ مفارقت ۔ رنج فراق ۔
وَرہا ۔ دیکھو (برہا)
وُرِہت ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔
وِرہِت ۔ خالی ۔ خلو ۔ محروم ۔
وَرہِن ۔

وَرْہی ۔ مور ۔ طاؤس ۔
وِرَہی ۔ } (برہی) علیحدہ ۔ غیر موجود ۔ وہ عورت جو اپنے
وِرَہنی ۔ } عاشق سے جدا ہوگئی ہو ۔
وَرْیا ۔ لڑکی ۔ دلہن ۔
وَرْیاترا ۔ (بر) بیاہ کے متعلق برات ۔
وَرْیان ۔ اٹھارہواں جگ یا زمانہ ۔
وِرِیچن ۔ مسہل ۔ جلاب ۔
وِرِیچک ۔ دستاور ۔
وِرِیڈ ۔ } لاج ۔ شرم ۔ حیا ۔
وِرِیڈا ۔ }
وِرِیڈت ۔ شرمایا ہوا ۔ شرمندہ ۔
وَرِینیہ ۔ اعلیٰ ۔ قابل طلب ۔ بر دینے والا ۔
وَرِیہ ۔ بر دھان ۔ اعلیٰ ۔
وِریہی ۔ دھان ۔ چانول ۔ برنج ۔
وَس ۔ دولت ۔ چیز ۔ شئے ۔ مادہ ۔
وَسا ۔ چربی ۔ پیہہ ۔
وَساسنی ۔ حاسدہ ۔ ڈاہنی ۔ سوتنی ۔
وِشپشٹ ۔ ظاہر ۔ صاف ۔ عیاں ۔ قابل فہم ۔
وِشپھلنگ ۔ آگ کی چنگاری ۔
وِشپھوٹ ۔ پھوڑا ۔ زخم ۔
وِشپھوٹن ۔ } پھوٹنے والا ۔ پھوڑا ۔ چھالا ۔ آبلہ ۔ چیچک ۔
وِشپھوٹک ۔ } سیتلا ۔ جدری ۔
وِشتار ۔ (بستار) پھیلاؤ ۔ کشادگی ۔ چوڑائی ۔ وسعت صفحہ کا نصف حصہ یعنی کالم ۔

وِسْتارِتْ۔ پھیلایا ہوا۔ کشادہ کیا گیا۔
وِسْتارَکْ۔ }
وِسْتارِیْ۔ } پھیلانیوالا۔
وَسْتْر۔ (بستر) کپڑا۔ پارچہ۔ پوشاک۔ لباس۔ جامہ۔
وِسْتَرْ۔ (بِسْتَر) کشادہ۔ بہت۔ کثرت۔ ذریعہ۔ بچھونا۔
وَسْتر بھیدِی۔ درزی۔ خیاط۔
وِسْتِرْت۔ }
وِسْتیرن۔ } پھیلاہوا۔ چوڑا۔ کشادہ۔
وِسْتْرِتی۔ پھیلاؤ۔ کشادگی۔
وَسْتر کُٹم۔ چھتری۔ ڈیرا۔ خیمہ۔
وَسْتر گَنْدھی۔ ناڑا۔ ازاربند۔
وَسْتُو۔ (بستو) چیز۔ شئے۔ مادہ۔
وَسْتُوتَہ۔ سچ مچ۔ اصل میں۔ فی الحقیقت۔
وَسْتی۔ بستی۔ آبادی۔ رہنا۔ قیام کرنا۔ گھر۔ خانہ۔ جگہ۔ مٹھ۔
وِسْتیرن۔ پھیلاہوا۔ کشادہ۔ بہت بڑا۔
وَسُدا۔ }
وَسُدھا۔ } زمین۔ ارض۔
وَسُدھرا۔ }
وِسْراؤ۔ چاول وغیرہ کی پیچ۔
وِسَرْجِت۔ الگ کیا گیا۔ رخصت کیا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔
بھیجا گیا۔
وِسَرْجَن۔ (بِسَرْجَن) الگ کرنا۔ علٰحدہ کرنا۔ ترک کرنا۔
جُدا کرنا۔ رخصت کرنا۔ جانے دینا۔ بھیجنا۔
چھوڑنا۔ دینا۔
وِسَرگ۔ دان۔ خیرات۔ ترک۔ جُدا۔ چھوڑنا۔

وِسْرمْبھ۔ دوستی۔ یقین۔ اعتبار۔ مباشرت کے وقت
زن ومرد کی تکرار۔
وِسِرْشْٹ۔ ملا ہوا۔ شامل۔ زیادہ۔ متصف۔
وِسِشْٹ اَدْوَیْت۔ مسئلہ وحدت وجود۔
وَسِشْٹھ۔ ایک رشی کا نام جو برہما کا بیٹا اور سورج بنسیوں کا
مرشد تھا۔ مجازاً وکیل۔
وَسُک۔ نمک۔ ملح۔

وَسُمان۔ دولتمند۔ متمول۔
وِسْمِت۔ (بِسْمِت) متحیر۔ دہشت زدہ۔
وِسْمِت۔ حیران۔ متحیر۔
وِسْمْرِت۔ بھولا ہوا۔
وِسْمرتتا۔ بیہوشی۔ بے خبری۔
وِسْمْرِتی۔ بھول۔ غفلت۔ فراموشی۔ بیہوشی۔
وِسْمَرَن۔ بھول جانا۔ فراموش کرنا۔
وِسْمے۔ (بِسْمے) تعجب۔ حیرت۔ اچنبھا۔
وِسْمَیہ۔ (بِسْمَیہ) تعجب۔ حیرت۔ غرور۔ شوخی۔
وَسَن۔ پارچہ۔ کپڑا۔ ڈھکنے کی چیز۔ کرپٹہ۔
وَسَن۔ کپڑا۔ لباس۔ پارچہ۔ اوڑھنی۔ رہنا۔ قیام کرنا۔
وَسَنْت۔ (بسنت) برس کے چھ موسموں میں سے پہلا
موسم جو چیت اور ویساکھ میں ہوتا ہے۔ بہار۔
ایک راگ کا نام۔
وَسَنْت دُوت۔ کوئل۔ کویل۔ آم کا درخت۔
وَسَنْت رُتو۔ (بَسَنت رُتو) موسم بہار۔
وَسَنْتوتسو۔ موقع۔ ز تیوہار

وَسنتی ۔ متعلق بہ (وَسنت)

وَسُندھرا ۔ دُنیا ۔ عالم ۔

وَسُو ۔ دیوتاؤں کا ایک فرقہ جو تعداد میں آٹھ ہیں ۔ دولت ۔ کرن ۔ آگ ۔ سونا ۔ ایک درخت ۔ جواہر ۔ پانی میٹھا ۔ سوکھا ۔

وِشو ۔ دُنیا ۔ عالم ۔

وِشواد ۔ (دوائی کا) بے ذائقہ ۔ بے مزہ ۔ پھیکا ۔

وِسُوچِکا ۔ ہیضہ ۔ کالرا ۔

وَسُودیو ۔ سری کرشن جی کے والد کا نام ۔

وَسُومتی ۔ (بسُومتی) زمین ۔ ارض ۔

وَسِیٹھ ۔ نامہ بر ۔ سفیر ۔ ایلچی ۔ وکیل ۔

وَسِیٹھی ۔ نامہ بری ۔ سفیری ۔ وکالت ۔

وِشیش ۔ فرق ۔ طرح ۔ ڈھنگ ۔ قاعدہ ۔ خلاصہ ۔ نچوڑ ۔ مناسبت ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔

وَش ۔ قابو ۔ اختیار ۔ قبضہ ۔ قدرت ۔ مطیع ۔ مغلوب ۔ فریفتہ ۔ حکومت ۔

وِش ۔ (بِش) زہر ۔ سم ۔

وَشا ۔ بانجھ ۔ عقیمہ ۔

وِشاد ۔ (بِکھاد) رنج ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ شوک ۔

وِشادِت ۔ تکلیف دیا گیا ۔ مغموم ۔ رنجور ۔

وِشادک ۔ دُکھ دینے والا ۔ رنج دینے والا ۔

وِشارد ۔ پنڈت ۔ عالم ۔ دانا ۔ اعلیٰ ۔ مشہور ۔

وِشاکھا ۔ (بِشاکھا) ستائیس نچھتروں میں سے سولھواں نچھتر ۔

وِشال ۔ (بِشال) بہت بڑا ۔ بہت کشادہ ۔ بہت وسیع ۔ لمبا چوڑا ۔ پھیلا ہوا ۔

وِشالتا ۔ بڑا پن ۔ کشادگی ۔ شہرت ۔

وِشان ۔ جانور کا سینگ ۔ ہاتھی اور سور کے دانت ۔

وِشپ ۔ گھر ۔ خانہ ۔ مندر ۔

وَشتا ۔ فریفتگی ۔ اطاعت ۔

وِشٹر ۔ بیٹھک ۔ نشست گاہ ۔ کرسی ۔

وِشٹ ۔ محنت بلا اُجرت ۔

وَشَٹ ۔ یہ وہ لفظ ہے جو دیوتاؤں کے نام پر ہون کرتے وقت کہا جاتا ہے ۔ عزت ۔ ملازمت ۔

وَشٹکار ۔ ہوم ۔ جگیہ ۔

وِشٹھا ۔ گو ۔ سرگین ۔ براز ۔

وِشد ۔ صاف ۔ پاک ۔ سفید ۔ بے عیب ۔ بے داغ ۔ ظاہر ۔ خلاصہ ۔

وِشُدھ ۔ بڑا پاک ۔ بہت صاف ۔ بالکل بے عیب ۔

وِشدھر ۔ (بِشدھر) زہریلا سانپ ۔

وِشُدھی ۔ عیب دور کرنا ۔ پاک وصاف کرنا ۔

وِشرام ۔ تھکاوٹ دور کرنا ۔ آرام لینا ۔ سستانا ۔ آرام ۔ سُکھ ۔ چین ۔ تھوڑا وقفہ ۔

وِشرانت ۔ (بِشرانت) تھکاوٹ دور کرنا ۔ آرام سے جو تھکا نہ ہو ۔

وِشرانتی ۔ آرام ۔ تسکین ۔ باقرار ۔

وِشرُتی ۔ شہرت ۔ بہنا ۔ رِسنا ۔

وِشرمبھ ۔ دوستی ۔ محبت ۔ اعتبار ۔ یقین ۔ صحیح ۔

وِشرا ۔ کُش (ایک گھاس) کی بنی ہوئی چٹائی ۔ بوریا ۔

وِشِشٹ ۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔ ساتھ ۔ ہمراہ ۔ مع ۔ اعلیٰ ۔ بزرگ ۔ بڑا ۔

وِشکھ - تیر - بان - جس کے سر پر چوٹی ہو۔
وِشکھاسَن - دھنش - کمان۔
وِشلیش - جُدائی - مفارقت۔
وِشم - جو برابر نہو - ناہموار - کم و بیش - سخت - رنج دینے والا - خوفناک۔
وِشم جوَر - باری کا بخار - حمّی غب۔
وِشمتا - مخالفت - بے اعتدالی - سختی۔
وِشَن - دُکھی - مغموم - متفکر۔
وِشنک - بے باک - بے خوف - نڈر۔
وِشنکا - ڈر - خوف۔
وِشنو - (بِشنو) خداوند تعالیٰ۔
وِشنو پران - ایک پران کا نام۔
وِشنو ولّبھا - لکشمی کا لقب۔
وِشو - دُنیا - جہان - عالم - سب - تمام - دیوتاؤں کی ایک جماعت جو تعداد میں دس ہیں - ایک طرح کے دیوتا جن کو شرادھ میں پنڈ وغیرہ دیتے ہیں۔
وِشوا - وِشوت - وہ موسم جبیں دن اور رات برابر ہوں۔
وِشوا تما - دیکھو (بِشوا تما)
وِشواس - (بِشواس) بھروسا - اعتماد - یقین - صداقت - عقیدہ - دوستی - اعتبار۔
وِشواس پاتر - قابل بھروسہ - قابل اعتماد۔
وِشواس گھات - وِشواس گھاتک - وِشواس گھاتی - احسان فراموش - محسن کش - دغاباز - مکار۔
وِشواسی - بھروسہ کرنیوالا - دوست - محب۔
وِشوامتر - (بِشوامتر) گادھی راجہ کا بیٹا جو بوجہ کثرت عبادت (راجہ) چھتری سے برہمہ رشی ہو گیا۔
وِشوپ - پرورش کنندہ عالم - مجازاً خداوند تعالیٰ۔
وِشوت - وِشو - مساوات لیل و نہار کا وقت برابر ہونیکا آنا۔
وِشوت - وِشوت ریکھا - کرۂ ارض کی درمیانی لکیر یعنی خط استوا۔
وِشوچی - اسہال۔
وِشو روپ - محیط کُل یعنی خداوند تعالیٰ۔
وِشو روپ درشن - خداوند و جہاں کو جملہ کائنات کی شکل میں دیکھنا۔
وِشوست - جس پر اعتبار ہو۔
وِشوسنیہ - دوستی کے قابل - اعتبار کے لائق۔
وِشوک - (واو نفی کا) بے غم - بے فکر - خوش - بشاش۔
وِشوک - سیاح۔
وِشو کسین - وشنو - خداوند تعالیٰ۔
وِشو مبھر - دنیا کا پالنے والا یعنی خداوند تعالیٰ۔
وِشو مبھرا - زمین - ارض۔
وِشو ناتھ - شیوجی کا لقب۔
وِشوہ کرما - برہما کا بیٹا دیوتاؤں کا صناع - سورج۔
وِشویش - وِشویشور - جملہ کائنات کا مالک - شیوجی کا لقب۔
وِشہر - قاطع زہر - تریاق۔
وَشی - مطیع کیا گیا - جو اس کو اپنے قابو میں لایا گیا۔

وِشئے ۔ (بِشئے) جو حواس خمسہ ظاہری سے معلوم کیا جائے
جیسے رنگ ۔ ذائقہ ۔ بو ۔ آواز وغیرہ ۔ لذات نفسی ۔
خواہش ۔ عیش و عشرت ۔ چیز ۔ مشئے ۔ کام ۔ کاروبار ۔
بابت ۔ واسطے ۔ لئے ۔ وجہ ۔
وِشئی ۔ عیاش ۔
وِشیا شما ۔ دل ۔ خاطر ۔
وَشی بھُوت ۔ ہموار کیا گیا ۔ مفتون کیا ہوا ۔ دوسروں کے
اختیار میں ۔
وَشیتا ۔ قابو ۔ قبضہ ۔
وِشیش ۔ (بِشیش) خاص ۔ رنج ۔ زیادہ ۔ بہت ۔ اعلیٰ ۔
طریقہ ۔ تفرقہ ۔ ذات ۔
وِشیشتا ۔ جُدائی ۔ مفارقت ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔
وِشیشن ۔ صفت ۔ خصلت ۔ تعریف ۔ دہرم ۔
وِشیشی ۔ نفس پرست ۔ دنیا دار ۔
وِشیشیہ ۔ نام ۔ علامت ۔ موصوف ۔ خاص ۔ اہم ۔ برتری ۔
وَشی کرن ۔ منتر یا دواؤں وغیرہ کی ذریعہ کسی کو اپنے
قابو میں لانا ۔
وِشئے گیان ۔ دیکھو (بشئے گیان)
وِشین ۔ }
وِشئی ۔ } عیاش ۔
وَشیہ ۔ ہلایا ہوا ۔ مسکین کیا ہوا ۔ قابو میں ۔ اختیار میں ۔
وَک ۔ (بَک) بگلا ۔ بوتیمار ۔ ایک راچھس کا نام جسے
سری کرشن جی نے طفلی میں مارا تھا ۔ ایک راچھس جو
بھیم سین سے مارا گیا ۔
وِکار ۔ (بِکار) کسی چیز کا رنگ ۔ شکل وغیرہ بدل جانا ۔
تبدیل خصلت ۔ بگڑ جانا ۔ بگاڑ ۔ خرابی ۔ برائی ۔ تبدیلی ۔
تغیر ۔ بیماری ۔
وِکاش ۔ پھیلاؤ ۔ کشادگی ۔ ترقی ۔ روشنی ۔ ظہور ۔ کھلنا ۔
پھولنا ۔ شگفتہ ہونا ۔ آہستہ ۔
وِکال ۔ شفق ۔
وِکال لِکا ۔ گھڑیال کا کٹورا ۔ جل گھڑی ۔
وُکت ۔ جو نظر آئے ۔ ظاہر ۔ صاف ۔ بڑا ۔ انسان ۔ بشر ۔
وَکتا ۔ بولنے والا ۔ کہنے والا ۔ گویا ۔ اسپیچر ۔
وَکتر ۔ منہ ۔ رُو ۔ چہرہ ۔ دہن ۔
وَکتر تا ۔ کہنا ۔ وعظ کرنا ۔ اسپیچ ۔
وَکتویہ ۔ بولنے کے قابل ۔ کہنے کے لائق ۔
وُکتی ۔ ظاہر ہونا ۔ نظر آنا ۔ جسم ۔ کالبد ۔
وِکٹ ۔ (بِکٹ) بڑا ۔ کشادہ ۔ خوفناک ۔ مخوف ۔ ٹیڑھا ۔
سخت ۔ مشکل ۔
وَکر ۔ ٹیڑھا ۔ بانکا ۔ ترچھا ۔ جھکا ہوا ۔ خمدار ۔ ناراست ۔
کج مج ۔ شنیچر (زحل) منگل (مریخ) گرداب ۔
وِکر ۔ پرندہ ۔ طائر ۔ چھڑکنا ۔
وِکرال ۔ بہت ڈراؤنا ۔ بہت خوفناک ۔ بدشکل ۔ ڈیل ڈول والا ۔
وِکرانت ۔ ایک سفید جواہر ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ ہمت ۔
وَکرانگ ۔ کبڑا ۔ ہنس ۔ چکوا ۔ سارس ۔
وِکرت ۔ بگڑا ہوا ۔ بدلا ہوا ۔ الٹا ۔ خلاف ۔ خراب ۔
جو بھدا اور بدشکل ہو گیا ہو ۔ ادھورا ۔ بیمار ۔
ساٹھ سالوں میں سے ایک ۔
وِکرتی ۔ پیدائش ۔ وسعت ۔
وَکرتا ۔ ٹیڑھاپن ۔ فریب ۔ دغا ۔

وِکرتی - بدلنا تبدیل شکل - خرابی - بگاڑ - بیماری -
وِکرشٹ - دوا دشمنی کا بے رتر -
وِکرشن - کھینچنا -
وِکرگامی - کج رو - دھوکے باز - بے ایمان -
وِکرگت - ٹیڑھی چال - کج رفتاری -
وِکرم - ٹیڑھا پن - مکر - فریب - اخفائے مقصد -
وِکرم - شجاعت - جوانمردی - طاقت - زور - قوت - رفتار - ومنگ - ساٹھ سالوں میں سے ایک - اجین کا راجہ وکرمادتیہ - وِشنو -
وِکرمادتیہ - وِکرمارک - } راجہ اجین کے ایک مشہور راجہ کا نام -
وِکرمی - دلیر - شجیع - قوی - طاقتور - مشہور -
وِکروکتی - ٹیڑھی بات - پیچ آمیز کنایہ - طعنہ - ایک صنعت شعری
وِکرا - ٹیڑھا -
وِکری - ٹیڑھا بے ایمان -
وِکرے - بیچنا - بیوپار کرنا - بکری - فروخت - بیع -
وِکریا - بدل جانا - بگڑ جانا - پھٹ جانا -
وِکریت - بیچا گیا - فروخت کیا گیا -
وِکریتا - وِکرئی - } بیچنے والا - فروخت کرنیوالا - بائع -
وِکرییہ - فروختنی -
وِکسِت - پھیلا ہوا - کھلا ہوا - شگفتہ -
وِکسن - کھلنا شگفتہ ہونا -
وِکش - چھاتی سینہ -
وِکشپت - پھینک دیا گیا - پریشان - مضطرب - بیقرار - بیوقوف

وَکشستھل - چھاتی سینہ -
وِکشن - کھلنا - ظاہر ہونا - نمودار ہونا -
وِکشوبھ - دل کی پراگندگی -
وِکشوبھن - دل پریشان ہونا -
وَکشوج - چوچی - تھن - پستان -
وَکشورُہ - تھن - پستان -
وَکشہ - چھاتی سینہ
وِکشیپ - وِکشیپن - } پھینکنا - ڈالنا - دور کرنا - چھوڑنا - پراگندگی - اضطرابی - گھبراہٹ - بیقراری - پریشانی -
وِکُل - (بکل) مولسری کا درخت -
وِکل - (بکل) ادھورا - ناتمام - بے کل - بیاکل - پریشان -
وِکلانت - پریشان - بےچین - تھکاوٹ -
وِکلپ - (بکلپ) طرح طرح کے خیالات - وہم - دھوکا - شبہہ - شک - گمان - تذبذب - پس و پیش -
وِکلمش - بے گناہ - بے عیب - بے نقص -
وِکلن - پرانا - کہنہ -
وِکلو - بےچین - پریشان - تھکاوٹ -
وِکلید - نمی - تری - رطوبت -
وِکمپت - کانپتا - ڈگمگاتا -
وِکھ - (وش) زہر - سم -
وِکت تُرنی - دغاباز - مکار -
وِکھیات - بہت مشہور - نامور - نامی - [illegible] -
وِکھیاتی - شہرت - ناموری - نیکنامی -
وِکھیرن - پھینکنا - چھینٹنا -
وِگت - گیا ہوا - گزرا ہوا - گزشتہ - بلا - بغیر -

وِگت شرم ۔ جسکی تھکاوٹ دور ہوگئی ہو ۔ بے محنت ۔

وِگتی ۔ خرابی ۔ بدنصیبی ۔

وُگرہ ۔ گھبرانا ۔ پریشان ہونا ۔

وِگرہ ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ بگاڑ ۔ شکل ۔ شباہت ۔ بُت ۔ جسم ۔ بدن ۔ پھیلاؤ ۔ حصّہ ۔ تنہا ۔ مفرد ۔

وِگرہن ۔ ڈانٹنا ۔ ڈپٹنا ۔ پھٹکار ۔

وِگلت ۔ جو گر گیا ہو ۔

وِگم ۔ چلے جانا ۔ انجام ۔

وِگُن ۔ (واؤ نفی کا) بے خصلت ۔ خداوند تعالیٰ ۔

وِگُن ۔ (و بمعنی بد) خراب خصلت ۔ خوے بد ۔

وِگُوڑھ ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا ۔

وِگھات ۔ روک ۔ آڑ ۔ رکاوٹ ۔ اٹکاؤ ۔ برباد ۔ تباہ ۔ سدّراہ

وِگھاتک ۔ برباد کرنیوالا ۔ تباہ کرنیوالا ۔

وِگھٹت ۔ لایا گیا ۔ توڑا گیا ۔ تصنیف کیا ہوا ۔

وِگھٹن ۔ توڑنا ۔ پھوڑنا ۔ بگاڑنا ۔ دور کرنا ۔

وِگھٹّن ۔ کھولنا ۔ رگڑنا ۔

وِگھٹکا ۔ گھڑی کا (۲۴؍۱) واں حصّہ ۔

وِگھرشن ۔ اچھی طرح رگڑنا یا گھسنا ۔

وِگھن ۔ (بگھن) اڑچن ۔ روک ۔ اٹکاؤ ۔ بگاڑ ۔ رکاوٹ ۔ خلل ۔ تکلیف ۔ آفت ۔

وِگھنت ۔ روکا گیا ۔ منع کیا گیا ۔

وِگیا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عالم ۔

وِگیاپن ۔ } ظاہر کرنا ۔ جتانا ۔ بتلانا ۔ یاد دہی کرنا ۔ اطلاع ۔

وِگیاپنا ۔ } تعلیم ۔ نصیحت ۔ التجا ۔ نوٹس ۔ اشتہار ۔

وِگیات ۔ مشہور ۔

وِگیان ۔ بہت گیان ۔ بڑی عقل ۔ اشراق ۔ مصوری ۔ علوم دنیوی ۔

وِگیان مے کوش ۔ گیان اندریہ اور عقل کا مجموعہ ۔ حجاب وہمی ۔

وِگیپتی ۔ عرض ۔ التجا ۔ معلوم کرانا ۔ اشتہار دینا ۔

وِگیہ ۔ جو جانتا ہو ۔ عالم ۔ عاقل ۔ فاضل ۔ چالاک ۔

وِگیتا ۔ عالمی ۔ چالاکی ۔ عقلمندی ۔ لیاقت ۔

وَل ۔ فوج ۔ لشکر ۔ طاقت ۔ قوت ۔

وِل ۔ (بِل) غار ۔ گپھا ۔ کھوہ ۔ سوراخ ۔ گڑھا ۔

وَلا ۔ فوج ۔ لشکر ۔ زمین ۔ لکشمی ۔ (دولت کی دیوی)

وِلاپ ۔ (بلاپ) رونا ۔ بلکنا ۔ چلّانا ۔ ماتم کرنا ۔ گریہ کرنا ۔ رنج ۔ دکھ ۔ غم ۔

وِلاپنا ۔ (بلاپنا) رونا ۔ نوحہ کرنا ۔

وِلاس ۔ (بلاس) کھیل ۔ تماشا ۔ سیر ۔ خوشی ۔ ہنسی ۔ شوخی ۔ حظ ۔ عیش ۔ مباشرت ۔

وِلاسی ۔ (بلاسی) مسرور ۔ شہوت پرست ۔ عیّاش ۔

وِلاسن ۔ عیاش ۔ سانپ ۔ آگ ۔ چاند ۔ مہادیو جی ۔ کرشن ۔

وِلاسنی ۔ زن فاحشہ ۔ مجازاً عورت ۔

وَلاکا ۔ بگلا ۔ بوتیمار ۔

وَلاہک ۔ ابر ۔ بادل ۔ سحاب ۔

وَلبھ ۔ پیارا ۔ عاشق ۔ شوہر ۔ مالک ۔ عزیز ۔ افسر ۔

وَلبھا ۔ پیاری عورت ۔ معشوقہ ۔

وَلبھی ۔ گھر کا برامدہ ۔

وِلپت ۔ جو نظر نہ آئے ۔ غیر ظاہر ۔ پوشیدہ ۔ نقصان ۔

وِلپنا ۔ رونا ۔ گریہ کرنا ۔

وِ نَجَّ ۔ (دوا اونفی کا) بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے تمیز ۔

وَ تَرِی ۔ بیل ۔ تیتھی ۔ بیج ۔ گلدستہ ۔

وِلَسَنَ ۔ چمکنا ۔ خوشی کھیل کود ۔ بوس وکنار ۔

وَلَکَ ۔ درختوں کی چھال یعنی پوست ۔ چھلکا ۔

وَلِکَا ۔ } بیل ۔ درخت پیچاں ۔
وَلِی ۔ }

وَلِکَال ۔ شام ۔ مغرب ۔

وِلَکشَن ۔ گھبرایا ہوا ۔ صاف ۔ پاک ۔ نرالا ۔ انوکھا ۔ عجیب ۔ اعلیٰ ۔ بھلا ۔ عمدہ ۔ جدا ۔ الگ ۔ فرق ۔

وَلکَل ۔ چھال ۔ چھلکا ۔ پوست درخت ۔

وَلکی ۔ بین باجا ۔

وِلَگ ۔ علیحدہ ۔ جدا ۔

وِلگاوَنَا ۔ الگ کرنا ۔ نکال دینا ۔

وَلگو ۔ ممندل ۔ جنگل ۔ خوبصورت ۔ بکرا ۔

وِلمب ۔ (بلمب) آہستگی ۔ دلیری ۔ درنگ ۔ سستی ۔ عرصہ ۔ ٹال ٹول ۔

وِلمبَن ۔ دیر کرنا ۔

وِلمبہ ۔ دان ۔ خیرات ۔ نذر ۔ چڑھاوا ۔ بھینٹ ۔

وِلمبی ۔ لٹکتا ہوا ۔ جھولتا ہوا ۔

وَلمیک ۔ دیمک ۔ دیمکوں کی بانبی ۔

وِلنگھن ۔ کودنا ۔ فاقہ کشی کرنا ۔

وِلوبھن ۔ فریفتگی ۔ لالچ ۔ ترغیب ۔

وِلوپ ۔ نظر نہ آنا ۔ بربادی ۔

وِلوچن ۔ آنکھ ۔ چشم ۔

وِلوکِت ۔ دیکھا ہوا ۔ تاکا ہوا ۔

وِلوکَن ۔ (بلوکن) دیکھنا ۔ مطالعہ کرنا ۔ نظر ۔ دید ۔ تاک ۔

وِلوکنا ۔ دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔ تکنا ۔

وِلوکنیہ ۔ پسند خاطر ۔ خوب رو ۔ خوبصورت ۔

وِلول ۔ چنچل ۔ خوبصورت ۔

وِلولَن ۔ بلبلہ پانی کا ۔ حباب ۔

وِلوم ۔ الٹا ۔ مخالف ۔ برخلاف ۔ نیچے سے اوپر کی جانب ۔

وِلوہ ۔ (بلوہ) بیل کا درخت ۔

وَلی ۔ (بلی) اکیر ۔ جھری ۔ بل ۔ دیوتاؤں کو چڑھانے کی چیز ۔ قربانی ۔

وَنا ۔ درخت کی بیل ۔ زمین ۔ ابھو یعنی تخم کرفس ۔

وِلے شیہ ۔ بلوں میں رہنے والے حشرات جیسے سانپ وغیرہ ۔

وَلیک ۔ دروغ ۔ غیر مطبوع ۔ قصور ۔ رنج ۔ تکلیف ۔

وِلین ۔ شامل ہونا ۔ مل جانا ۔ چھپنا ۔ نقصان ہونا ۔ برباد ہونا ۔ کھا جانا ۔ تباہ ہونا ۔

وَلیہ ۔ حلقہ کنگن ۔ چوڑی ۔ کڑا ۔ کمر پٹہ ۔

وِلیہ ۔ بربادی ۔ فنا ۔ موت ۔ بربادی عالم ۔ قیامت

وِماتا ۔ } سوتیلی ماں ۔
وِماتر ۔ }

وِمارگ ۔ (بمارگ) برا یا غلط راستہ ۔ برا چال چلن ۔

وِمان ۔ (ومان) ہوائی رتھ ۔ ہوائی جہاز ۔ مُردوں کے اٹھانے کا پلنگ ۔ بے عزتی ۔

وِمب ۔ (بمب) صورت ۔ شکل ۔ تصویر ۔ سایہ ۔ عکس ۔ [illegible]

وِمرشٹ ۔ دیکھ لیا ۔ تاک لیا ۔ آزمایا ۔

وِمرش ۔ / وِمرشن ۔ } بچار ۔ غور ۔ تحقیق ۔ دریافت ۔ امتحان ۔ صلاح ۔ ناخوشی ۔

وَمش ۔ خاندان ۔ دودمان ۔ اولاد ۔ بانس ۔ پیٹھ اور ناک کی ہڈی ۔ بانسری ۔

وَمشاوَلی ۔ نسب نامہ ۔ شجرۂ خاندان ۔

وَمش بھوجیہ ۔ آباؤ اجداد کی جائداد ۔ جائداد موروثی ۔

وِمشت ۔ بیس ۔ بست ۔ ۲۰ ۔ عــہ ۔

وَمشج ۔ اولاد ۔ بیٹا ۔ پسر ۔

وَمشجا ۔ لڑکی ۔ دختر ۔

وَمشکا ۔ اگر جو ایک خوشبودار چیز ہے ۔ تباشیر ۔ مرلی ۔ بانسری ۔

وَمش لوچن ۔ (بنس لوچن) تباشیر جو بانس کی گرہ سے نکلتی ہے ۔

وَمشی ۔ ہم جدّی ۔ ایک خاندان کا ۔ بانسری ۔ مرلی ۔

وَمشی وَدھر ۔ سری کرشن جی کا لقب ۔

وَمشی وَٹ ۔ ایک بڑ کے درخت کا نام جسکے نیچے بیٹھکر سری کرشن جی بانسری بجایا کرتے تھے ۔

وَمشیہ ۔ ایک خاندان کا ۔ بیٹا ۔ پسر ۔

وِمکت ۔ (بمکت) چھوٹا ہوا ۔ رہا ۔ بری ۔ نجات اخروی ۔

وِمکھ ۔ (بمکھ) منہ پھیرا ہوا ۔ برگشتہ رو ۔ برخلاف ۔ مخالف ۔

وِمگدھ ۔ جاہل ۔ احمق ۔ نادان ۔

وِمل ۔ (بمل) پاک ۔ صاف ۔ بے داغ ۔ بے عیب ۔

وِملا ۔ (بملا) پاک عورت ۔ ستھری عورت ۔

وِملان ۔ تازہ جو زوال پذیر نہ ہو ۔

وَمن ۔ قئے ۔ استفراغ ۔

وَمنی ۔ جونک ۔ زلو ۔

وِموچت ۔ (بموچت) بری کیا گیا ۔ رہا کیا گیا ۔

وِموچن ۔ (بموچن) چھوڑنا ۔ نجات دینا ۔ رہا کرنا ۔ دور کرنیوالا ۔ چھڑانیوالا ۔

وِموڈھ ۔ بڑا احمق ۔ بڑا بے وقوف ۔

وِموکش ۔ (بموکش) نجات ۔ رہائی ۔

وِمول ۔ جڑ سے اکھاڑنا ۔

وِموہت ۔ (بموہت) فریفتہ کیا ہوا ۔ بہکایا ہوا ۔

وِموہن ۔ بہکانا ۔ لالچ دلانا ۔ شہوت میں تیزی کرنا ۔

وَن ۔ بن ۔ جنگل ۔ صحرا ۔ پانی ۔ آب ۔ جگہ ۔ مقام ۔

وِنّ ۔ پایا ہوا ۔ یافتہ ۔ جانا ہوا ۔ رہا ہوا ۔

وِنا ۔ (بنا) سوائے ۔ بجز ۔ بغیر ۔ الّا ۔

وِناتھ ۔ (وا اونتنی کا) بے وَلی ۔ بے وارث ۔ غیر مدعی ۔

وِناش ۔ (بناش) بہت تباہی ۔ بڑی بربادی ۔

وِناشت ۔ برباد کیا ہوا ۔ تباہ کیا گیا ۔

وِنایک ۔ (بنایک) گنیش جی ۔ بدھ (عطارد) گرڑ ۔

وِنپات ۔ نیچے گرنا ۔ مصیبت ۔

وَنش ۔ مالک ۔ صاحب ۔ خداوند ۔

وَنت ۔ (بنت) مانگا ہوا ۔

وِنت ۔ جھکا ہوا ۔ ٹیڑھا ۔ سکڑا ہوا ۔ عاجز ۔ حلیم ۔ سلام

وَنتا ۔ (بنتا) عورت ۔ زن ۔ جورو ۔ زوجہ ۔ پیاری ۔

وِنتی ۔ (بنتی) جھکاؤ ۔ خمیدگی ۔ عاجزی ۔ خوشامد ۔ لجاجت ۔ التماس ۔ عرض ۔ تعریف ۔

وَنٹک ۔ لوہے یا پتھر کے باٹ ۔ بانٹنے والا ۔ تقسیم کرنیوالا ۔

وَنج ۔ (بنج) ہر وہ چیز جو پانی یا جنگل میں پیدا ہو ۔ کنول ۔ نیلوفر ۔

وَن چاری۔ (بَن چاری) جنگلی۔ محافظ صحرا۔
وَنچِت۔ بے عزت کیا گیا۔ ٹھگا ہوا۔ دھوکا دیا گیا۔ محروم۔
وَنچَر۔ } (بنچر) جنگلی آدمی۔ بن مانس۔ بندر۔
وَنچَر۔ }
وَنچک۔ بے عزت کرنے والا۔ دھوکے باز۔ مکار۔ ٹھگ۔
گیدڑ۔ شغال۔ خرگوش۔ نیولا۔
وَنچَن۔ دھوکا دینا یا کھانا۔ ٹھگی۔
وَنچنا۔ دھوکا۔ مکر۔ فریب۔ بے عزتی۔ گیدڑ۔ شغال۔
وَند۔ بادل۔ ابر۔
وَندِت۔ سلام کیا ہوا۔ پرستیدہ۔
وَندَن۔ پرستش۔ سلام۔ بندگی۔ قدمبوسی۔ آداب۔
وَندنا۔ عموماً تعریف کرنا۔ خصوصاً دیوتاؤں اور بزرگوں کی
ثنا خوانی کرنا۔ سلام۔ بندگی۔
وَندَن پَرت۔ قابل تعریف۔
وَندنی۔ تعظیم۔ پرستش۔
وَندنیہ۔ } سلام کے قابل۔ پرستش کے لائق۔ تعریف کے قابل۔
وَندیہ۔ }
وِندو۔ (بندو) بوند۔ قطرہ۔ نقطہ۔ داغ۔ صفر۔
شناسا۔ مخبر۔ جاننے کے قابل۔
وِندھیہ۔ } ایک پہاڑ کا نام۔
وِندھیاچل۔ }
وَندی۔ (بندی) قیدی۔ قصیدہ گو۔ بھاٹ۔ ایلچی۔
وَندی۔ } سلام کیا گیا۔
وَندِت۔ }
وَندی جَن۔ (بندی جن) بھاٹ۔

وَندی گرہ۔ (بندی گرہ) بندی خانہ۔ محبس۔
وَندیو۔ تعریف کے قابل۔ ستائش کے لائق۔
وَن راج۔ (بن راج) مجازاً شیر۔ ببر۔
وَن رُہ۔ (بن رُہ) کنول۔ نیلوفر۔
وَنش۔ (دیکھو ونش) نسل۔ خاندان۔ حسب و نسب۔
وَنسپت۔ (بنسپت) وہ درخت جس میں ثمر پیدا ہوں مگر
بظاہر کوئی پھول نہ ہوں۔
وَنسپتی۔ (بنسپتی) نباتات۔
وَنش پَرمپَرا۔ (بنش پرمپرا) ہسٹری۔ تاریخ۔
وَنسی۔ (بنسی) بانسری۔
وَنسی دَھر۔ (بنسی دھر) بانسری نواز مراد ہے سری کرشن جی سے
وَنش۔ (بنش) دیکھو (وَنش)
وَنشاولی۔ دیکھو (وَنشاولی)
وِنشٹ۔ (بنشٹ) گم گشتگی۔ بربادی۔ عدم موجودگی۔
وِنشور۔ برباد ہونے والا۔ تباہ ہونے والا۔ فانی۔
وَنک۔ جھکا ہوا۔ ٹیڑھا۔ کج۔ بانکا۔
وَنِک۔ وہ جو ہمیشہ تجارت کرتا ہو۔ بنیا۔
وَنکر۔ وہ مقام جہاں سے ندی مڑتی ہو۔
وَنگل۔ کانٹا۔ ترشول۔
وَنگ۔ رانگا۔ ارزیز۔ ملک بنگال۔
وَن مالا۔ (بن مالا) تلسی۔ کند۔ مندار۔ پاریجات
اور کنول ان تمام پھولوں سے بنی ہوئی مالا۔
وِنمے۔ ادل بدل۔ تبادلہ۔ مبادلہ۔
وَنو آسن۔ } (بن واسن) تپسوی تپسی۔ مجازاً زاہد۔
وَنو آسی۔ }

وِنُوْدْ ۔ (بِنُوْدْ) جی بہلانا ۔ تماشا ۔ کھیل ۔ خوشی ۔ دل لگی ۔ ہنسی ۔

وِنُوکْتِی ۔ ذکرِ خیر

وِنَئے ۔ (بِنَے) عاجزی ۔ انکساری ۔ ملائمت ۔ التماس ۔

وِنْیاسْ ۔ رکھنا ۔ قائم کرنا ۔ سجانا ۔ جڑنا ۔ کوئی کام کرنا ۔ بنانا ۔ تصنیف کرنا ۔

وِنْیاسْ ۔ مجمع ۔ جگہ ۔ مقام ۔ منبع ۔ ملجا ۔ ماوا ۔

وِنِیتْ ۔ (بِنِیتْ) عاجزی ۔ ملائمت ۔ سکھایا ہوا ۔ تعلیم یافتہ ۔ نیک خو ۔

وِنَیتا ۔ راجہ ۔ بادشاہ ۔

وِنِیتْ آتما ۔ (بِنِیتْ آتما) سلیقہ ور ۔ خاکسار ۔

وِنِیتی ۔ نیک خوئی ۔ نیک چال چلن ۔

وَنْچَرْ ۔ (بَنْچَرْ) جنگلی آدمی یا حیوان ۔

وِنْیَسْتْ ۔ ترتیب وار رکھا ہوا ۔

وِنِی مَئے ۔ ادل بدل ۔ زیر و زبر ۔ لینا ۔ باندھنا ۔ معاوضہ ۔ رہن ۔ غیر معمولی ۔

وِنِی وَرْتَنْ ۔ واپس ہونا ۔ لوٹنا ۔

وَنْیہ ۔ جنگل کا رہنے والا ۔ جنگلی ۔

وِنِی یُکْتْ ۔ کسی کام پر مقرر کیا ہوا ۔

وِنِی یُوگْ ۔ کسی امید کی خواہش سے کسی چیز کا استعمال دینا ۔ بانٹنا ۔ بھیجنا ۔

وِنَمْر ۔ (بِنَمْر) خلیق ۔ خوش طبع ۔

وِوادْ ۔ (بِوادْ) جھگڑا ۔ تکرار ۔ بحث ۔

وِوادِی ۔ (بِوادِی) مُدّعی ۔

وِواسْ ۔ جلاوطنی ۔

وِواہْ ۔ (بِواہْ) بیاہ ۔ شادی ۔ نکاح ۔

وِواہِتْ ۔ (بِواہِتْ) شادی شدہ ۔ (مرد)

وِواہِتا ۔ (بِواہِتا) بیاہی ہوئی (عورت)

وِواہی ۔ شادی شدہ (عورت)

وِوِدھ ۔ طرح طرح ۔ گوناگون ۔ اقسام ۔ مختلف ۔

وُوَدھان ۔ }
وُوَدھا ۔ } پردہ ۔

وُوَدھِی ۔ اوٹ ۔ آڑ ۔ پردہ ۔ عرصہ ۔ مہلت ۔

وِوَرْ ۔ چھید ۔ سوراخ ۔ گپھا ۔ بل ۔ درار ۔ گڑھا ۔ عیب ۔

وِوَرْتْ ۔ کوئی چیز اصل شکل میں نظر نہ آنا جیسے رسّی سانپ کی شکل میں ۔

وِوُرْتْ ۔ پھیلا ہوا ۔ کھلا ہوا ۔

وِوَرْتَنْ ۔ ناچ ۔ رقص ۔ پھرنا ۔ گھومنا ۔

وِوُرْتی ۔ کشادہ ۔ شرح ۔

وِوَرْجَنْ ۔ ترک کرنا ۔ دور کرنا ۔

وِوَرْدھَنْ ۔ بڑھانا ۔ ترقی کرنا ۔

وِوَرَنْ ۔ (بِبَرَنْ) بیان ۔ تفصیل ۔ تشریح ۔ تصریح ۔ تفسیر ۔ بحث ۔ رپورٹ ۔ ہجے ۔

وِوَرْنْ ۔ (دوانعنی کا) بے رنگ ۔ بے شکل ۔ پنج کمینہ ۔ غیر متحرک ۔

وِوَسْ ۔ دیکھو (وِوَشْ)

وُوَسائے ۔ کوشش ۔ زراعت ۔

وِوَسْتَر ۔ ننگا ۔ برہنہ ۔

وُوَسْتھا ۔ کسی کام کا وہ طریقہ جو شاستر کی تائید سے مقرر کیا گیا ہو ۔ انتظام ۔

وِوشُوت - سورج - آفتاب - سُرخ رنگ

وِوش - (واو نفی کا) ناچار - بے بس - مجبور - غیر اختیار - بے قابو -

وِوِکت - چھوڑا ہوا - تنہا - پاک -

وِوِکشا - خواہش - آرزو - تمنّا -

وِوِہار - کام - کاروبار - برتاؤ - بیوپار - لین دین -

وِوِیچیت - } بچار اگیا - بچارنے کے قابل -
وِوِیچیہ -

وِوِیچک - راستی اور ناراستی کی تمیز کرنے والا - انصاف کرنے والا -

وِوِیچن -
وِوِیچنا - } عقل و دانش - امتیاز - تمیز - بچار - تیقن کرنا - تفصیل
وِوِیکتا - } سے بیان کرنا - راستی اور ناراستی میں تمیز کرنا -

وِوِیک - (بِوِیک) دیکھو (وِوِیچن)

وِوِیکی - (بِوِیکی) بچار کرنیوالا - دانا - عاقل - منصف - فیلسوف -

وِہا - ندی - رود بار -

وِہار - (بہار) دل بہلانے کے لئے آہستہ آہستہ چلنا - ٹہلنا - گھومنا - پھرنا - دل لگی - تفریح - ہنسی - مباشرت -

وِہاری - (بہاری) وہار کرنے والا - خوشی کرنے والا - لقب سری کرشن جی کا -

وِہِت - جو معین کیا گیا ہو - ٹھیرایا گیا - کرنے کے قابل - موافق - ٹھیک - درست - مناسب -

وِہتر - جہاز - کشتی -

وِہتی - اجازت -

وِہر - باہر - بیرون - جُدائی - مفارقت - بغیر -

وِہر مکھ - باغی -

وِہرن - چلنا - پھرنا - گھومنا - کھیلنا - سیر کرنا - جدائی - فراق -

وِہگ - پرند - طائر - ابر - تیر - سورج - چاند - گرہ -

وِہنگ - } پرندہ - طائر - بادل - تیر - سورج - چاند - گرہ -
وِہنگم -

وِہنی - آگ - آتش - کرشن جی کے ایک فرزند کا نام جو بِرترونِدا کے بطن سے تھے -

وِہوَل - گھبرایا ہوا - پریشان - بیاکل - بے چین -

وِہی - طرف - جانب - راستہ -

وِہین - بغیر - بنا - سوا - الگ - ترک کیا ہوا - چھوڑا ہوا -

وِہیہ - بہنگی (ایک قسم کی ڈولی) کا نور - ڈولا - ڈولی -

وِیاپ - بیپار - بیوپار - پیشہ - کسب - تجارت -

وِیاپاؤ - مار ڈالنا - قتل کرنا -

وِیاپادِت - مارا ہوا - مقتول -

وِیاپادن - موت - مرگ - قتل -

وِیاپار - (بیاپار) بیپار - بیوپار - کاروبار - تجارت - روزگار - دھندا -

وِیاپاری - بیوپاری - پیشہ وری -

وِیاپت - (بیاپت) پھیلا ہوا - بھرا ہوا - ہر جا موجود -

وِیاپتی - پھیلاؤ - کشادگی -

وِیاپک - (بیاپک) [illegible] - [illegible] - [illegible] -

وِیاپنی - [illegible] -

وِیاپکتا - [illegible] -

وِیاپتی - پھیلاؤ - کشادگی -

وِیاپتہ - مصیبت [illegible] -

وِیاپی ۔ بھرا ہوا۔ بھرپور۔ تمام۔ سالم۔
وِیاپیہ ۔ پھیلا ہوا۔ پھیلنے کے قابل۔
وِیاج ۔ (بیاج) بیاز۔ سود۔ کپٹ۔ مکر۔ دھوکا۔ دغابازی۔ بدکاری۔ بھیس بدلنا۔
وِیادھ ۔ } (بیادھ) شکاری۔ صیاد۔ اہیر۔ بہیلیا۔ کمینہ یا بدخو آدمی۔
وِیادھا ۔ }
وِیادھی ۔ روگ۔ بیماری۔ مرض۔ آفت۔ مصیبت۔ رنج۔ دکھ۔
وِیاس ۔ (بیاس) پھیلاؤ۔ مضمون۔ قطر۔ مہابھارت کے مصنف مُنی کا نام۔
وِیاکرن ۔ (بیاکرن) قواعد صرف و نحو۔ گرامر۔
وَیاکرن ۔ ویاکرن (صرف و نحو) پڑھا ہوا عالم۔
وِیاکل ۔ } (بیاکل) دکھی۔ پریشان۔ حیران۔ گھبرایا ہوا۔
وِیاکلت ۔ }
وِیاکلتا ۔ (بیاکلتا) پریشانی۔ حیرانی۔ گھبراہٹ۔
وِیاکھیا ۔ تعریف۔ شرح۔
وِیاکھیان ۔ (بیاگیان) کہنا۔ شرح۔ تفسیر۔ تعریف۔
وِیاکھیات ۔ کہا ہوا۔ شرح کیا ہوا۔ مشرح۔
وِیاگھات ۔ تکلیف۔ روک ٹوک۔
وِیاگھاتی ۔ روکنے والا۔ آڑے آنیوالا۔
وِیاگھر ۔ (بیاگھر) باگھ۔ شیر۔ اسد۔
وِیاگھر اجن ۔ شیر کا چمڑا۔ پوست اسد۔
وِیال ۔ سانپ۔ مست ہاتھی۔ درندہ جانور۔ ظالم۔
وِیام ۔ دونوں ہاتھ کے پھیلانے سے جو فاصلہ ایک ہاتھ کی انگلیوں کے کنارے سے دوسرے ہاتھ کی انگلیوں کے کناروں تک ہوتا ہے۔

وَیامُوہ ۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ پریشانی۔ بھول۔ فراموشی۔
وِیان ۔ پران یعنی جسم کے پانچ روحوں میں سے ایک جو تمام جسم میں ساری اور جسم کو سہارے ہوئے ہے۔ نفس مرطوب۔
وِیاوہاری ۔ روزمرہ۔ قانونی۔ ناصح۔ وزیر۔
وَیاہار ۔ کلام۔ گفتگو۔
وِیاہتی ۔ مار۔ چوٹ۔
وِیایام ۔ ورزش۔ کثرت۔ تکان۔ محنت۔ کُشتی۔
وُیبھچار ۔ بدچلنی۔ رنڈی بازی۔ زناکاری۔
وُیبھچارنی ۔ بدکار عورت۔ فاحشہ۔
وُیبھچاری ۔ زناکار۔ رنڈی باز۔ گمراہ۔
وُیبھو ۔ شان و شوکت۔ عظمت۔ بزرگی۔ دولت۔ تموّل۔ مال و منال۔
وُیبھوشالی ۔ متمول۔ دولتمند۔
وِیشا ۔ پھیلنا۔ عزت۔ شہرت کی خواہش۔
وُیپتر ۔ وہ بھائی بہن جن کی ماں ایک ہی ہو۔ مگر باپ جُدا جُدا ہوں۔
وُییدھو ۔ } کانپنا۔
وُیپتھ ۔ }
وِیتیت ۔ بیتا ہوا۔ گزرا ہوا۔ گزشتہ۔
وِیوت ۔ آسمان۔ کرہ باد۔
وِیُت ۔ } الگ۔ جُدا۔ نابود۔
وُیکت ۔ }
وُیتا ۔ جاننے والا۔ دانا۔ عاقل۔ قادر۔ وہ جو روح اور خدا کو

ویپاس - خلاف - مخالفت -

ویتال - (ویتال) نگہبان سنتری - ایک قسم کے بھوت -
پریت - پشاچ -

ویت پتی - لیاقت -

وینت پن - لائق -

ویٹر - بید جو ایک قسم کا درخت ہے -

ویت راگ - جس نے دنیا کے راگ (خواہش) چھوڑ دیا ہو

ویترکت - جداگانہ - مختلف - مخالف -

ویترنی - دوزخ کی ایک ندی کا نام جس کا پانی بہت گرم
اور بدبودار ہوتا ہے -

ویترک - فرق - جدا علیحدہ کرنا -

ویتنسک - گوشت فروش - قصاب - بوچڑ -

ویتن - اجرت - معاوضہ - تنخواہ - مزدوری -

ویتھا - تکلیف - رنج - دکھ - درد -

ویتہار - بدلہ - معاوضہ - گالی گلوچ - مارپیٹ -

ویتھت - تکلیف دیا گیا - دکھ دیا گیا -

ویتھک - تکلیف دہ -

ویتھن | ویتھا - | تکلیف - درد - مصیبت - رنج - دکھ -

ویتھی - راستہ - سڑک - گلی - قطار - سطر -

ویتی - رفتار - چال - روشنی - چمک -

ویتیت - بیتا ہوا - گزرا ہوا - گزشتہ - ماضی -

ویتی رکت - خلاف - جدا - علاوہ ہونے والے -

ویتی ریک - خلاف - الٹ - مغایرت - جدائی - تبدیلی -
ایک قسم کی صنعت شعری -

ویتی کرم - الٹا پلٹا - برعکس -

ویٹکا - درخت تنبول -

ویٹی - پان کا بیڑا -

ویج - (بیج) تخم - سبب اصلی - باعث - ابتدا - انکر -
آب منی - منتر -

ویجن - پنکھا - بادکش - مروحہ -

ویجی - بیج بونے والا - مورث -

ویچی - لہر - موج - ترنگ - فرق - چمک -

وید - (بید) وہ آسمانی کتابیں جو تعداد میں چار ہیں یعنے
رگ وید - یجر وید - سام وید - ادھرون وید - [illegible]
پرانوں اور اتی ہاسوں کو پانچواں وید کہتے ہیں - الہام
گیان - بیار کی عدد - چوتھائی -

وید - بید - طبیب - حکیم - ڈاکٹر -

ویدابھیاس - وید کی تعلیم پانا یا مشق کرنا -

ویدانت - (بیدانت) انت بمعنی آخر - انتہا (وید کی
انتہا) یعنی گیان کی انتہا - بید کا آخری حصہ جس میں
تصوف کا بیان ہے - علم توحید - جس سے متعلق
دو [illegible] ہیں -

ویدانتی - (بیدانتی) وہ جو بیدانت (تصوف) کو جانتا
ہو - صوفی -

ویدانگ - ویدوں سے متعلق [illegible]
[illegible]

ویدک - (بیدک) [illegible]

ویدک - [illegible]

ویدکے طریق پر۔

وَیدِک ۔ دیکھو (وَیدِیک)

وُیدِکا ۔ جگیہ کرنے کا چبوترہ۔

وُیدَن ۔ } درد۔ تکلیف۔ آفت۔ مصیبت۔ دُکھ۔ رنج
وُیدَنا ۔ } حالت جاں کندنی۔ تکلیف دینا۔ ستانا۔ مارنا۔ جاننا۔ رنج وراحت کی تمیز۔

وُیدوکْت ۔ (بیدوکت) وید کے احکام کے مطابق۔

وُیدویاس ۔ بیاس جی کا لقب۔

وُیدھ ۔ (بیدھ) سوراخ ۔ سوراخ کرنا۔

وُیدھن ۔ دیکھو (وُیدَن)

وَیدھرمیہ ۔ ناستک۔ وید کے خلاف دھرم۔

وُیدھک ۔ سوراخ کرنیوالا۔ برما۔ مثقب۔

وَیدھویہ ۔ رنڈاپا۔ بیوگی۔

وُیدی ۔ } ہوم کرنے کے لئے بنایا ہوا چبوترہ۔ وید کا جاننے والا
وُیدکا ۔ }

وَیدیک ۔ (بیدیک) علم حکمت۔ طبابت۔

وُیدیہ ۔ جاننے کے قابل۔

وَیدیہ ۔ حکیم۔ طبیب۔ ڈاکٹر۔

وَیدیہی ۔ وِدیہہ نامی ملک کے راجہ جنک کی لڑکی یعنے سیتاجی کا لقب۔ جانکی۔

وَیڈوریہ ۔ ایک جواہر جسے لاجورد کہتے ہیں۔ لہسنیا۔

وِیر ۔ (بیر) جوانمرد۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ صنعت شعری کے نو طریقوں میں سے ایک۔

وَیر ۔ (بَیر) دشمنی۔ عداوت۔ مخالفت۔ خصومت۔

وِیرا ۔ بہادر لڑکے کی ماں۔ بیپل۔

وَیراگ ۔ (بیراگ) خواہشات دنیوی و نفسانی کو زیر کرنا۔ یعنی ترک کرنا۔ ترکِ تمنّا۔ بےمحبتی۔

وَیراگی ۔ (بیراگی) وہ جو دنیا ترک کیا ہو۔ سادھو۔ زاہد۔ عابد۔ مرتاض۔

وَیراگیہ ۔ (بیراگیہ) خواہشات دنیوی کی عدم موجودگی۔ ترک دُنیا۔

وُیرتھ ۔ (بیرتھ) بیکار۔ بے فائدہ۔ بے معنی۔ بے مطلب۔ فضول۔ نکما۔

وِیربھدر ۔ مہادیوجی کی ایک فوج کا نام جس نے دکش کو مع جگ کے برباد کر دیا تھا۔

وِیرپرسو ۔ بہادر کی ماں۔

وِیرتا ۔ (بیرتا) دلیری۔ جوانمردی۔ بہادری۔

وِیرج ۔ دیکھو (ویریہ)

وِیرودھ ۔ خلاف۔ برعکس۔ نامناسب۔

وِیرشیّہ ۔ }
وِیرشَین ۔ } میدان جنگ۔ نبردگاہ۔

وَیرکْت ۔ ترک۔ دُنیا۔

وِیرکیرن ۔ بکھرا ہوا۔ چھترایا ہوا۔

وِیرلوک ۔ }
وِیرمارگ ۔ } بہشت۔

وِیرن ۔ پیارا۔ پیارا بھائی۔

وَیروَد ۔ دیکھو (بیروَد)

وِیری ۔ (بیری) دشمن۔ عدو۔

وِیریہ ۔ (بیرج) طاقت۔ قوت۔ زور۔ دلیری۔ رونق۔ بیج۔ تخم۔ منی۔ دھاتو۔ مادۂ تولید مرد۔ جوانمردی۔

وَیلکشنیہ۔ مخالفت۔ اختلاف۔ ضد۔

وَیَم۔ ہم۔

وَیماتر۔ سوتیلا۔

وَیماترییہ۔ سوتیلا بھائی۔

وَیمنیہ۔ مخالفت۔ دشمنی۔ بگاڑ۔ نااتفاقی۔ رنج۔

وَین۔ بنّا۔ بافتن۔

وینا۔ (بینا) بین جو مشہور باجہ ہے۔

ویَنجک۔ ظاہر کرنیوالا۔ چمکنے والا۔ ناچنے والا۔

ویَنجن۔ ساگ۔ ترکاری۔ بقل۔ کھانے کی اچھی چیز۔
علامت۔ وہ حرف جس میں سور نہو۔

ویَنجنا۔ ذو معنی۔

ویَنگ۔ جسکے جسم کا کوئی عضو نہو۔ پریشان۔

ویَنو۔ بانسری۔ مُرلی۔ مزمار۔ نئے۔ ایک راجہ کا نام۔

ویَہہ۔ روز گزشتہ۔

ویَنی۔ عورتوں کی چوٹی۔ روانی آب۔ ندیوں کے ملنے کا
مقام جیسے تروینی وغیرہ۔

وَیواہ۔ متعلق بروواہ۔

وَیواہک۔ متعلق بر بواہ۔ لڑکی یا لڑکے کا سُسرا۔

وِیوچن۔ الگ کرنا۔ جدا کرنا۔

ویودھا۔ آڑ۔ بیچ کا۔ درمیانی۔ دوری۔

ویودھان۔ ڈھکن۔ آڑ۔ روک۔ بیچ میں۔

وِیوڈھ۔ پھیلا ہوا۔ طویل۔ جماعت۔ کثرت۔ تیار۔

ویوساے۔ زراعت۔ لین دین۔ روزگار۔ پیشہ۔ عمل۔ بیوپار۔ منشا۔

ویوسائی۔ ارادتمند۔

ویوسایہ۔ کوشش۔ محنت۔ تردد۔ ثابت قدمی

ویوسائی۔ کام میں مشغول۔ چالاک۔

ویوشتھا۔ طریقہ۔ طور۔ معاہدہ۔ فیصلہ۔ دھرم۔ شاستر۔
قانون۔ حال۔

ویوشتھاپک۔ فیصلہ کرنیوالا۔

ویوشتھت۔ فیصلہ کیا گیا۔ تقسیم کیا گیا۔ پابند قانون۔

ویوشیہ۔ ناچاری۔ کمزوری۔

وِیوگ۔ (بیوگ) علیحدگی۔ جدائی۔ فرقت۔ جدا رہنا۔

وِیوگی۔ جدا رہنے والا۔ بچھڑا ہوا۔

وِیوم۔ آسمان۔ فلک۔

وِیوم یان۔ وہ سواری جس پر چڑھکر انسان ہوا میں اڑسکتا
ہو۔ بمان۔ ہوائی جہاز۔

وِیوہ۔ گروہ۔ بھیڑ۔ جماعت۔ طاقت۔ بناوٹ۔ لشکر۔
فوج کی صف آرائی۔

ویوہار۔ (بیوہار) برتاؤ۔ رواج۔ دستور۔ کاروبار۔ تجارت۔
معاملہ۔ پیشہ۔ دھندا۔ لین دین۔ چال چلن۔

ویوہارک } دستور کے موافق۔ رواج کے مطابق۔ معمولی۔
ویوہاری } مقدمہ بازی کرنیوالا۔

معمولی

ویوہاریہ۔ کرنے کے قابل۔ حسب دستور۔ بموجب رواج۔

وِیوہن۔ فوج کا پڑاؤ۔ قلعبندی۔

وِی۔ خلاف۔ اُلٹا۔ زیادہ۔ کثرت۔ بہت۔ نابود۔ انکار۔ دیگرگون۔
واضح ہو کہ یہ اکثر الفاظ کے پہلے آتا ہے۔

وَے۔ عمر گزشتہ۔ پرندہ۔ طائر۔

وَیَی۔ اخراجات۔ بربادی۔ گم گشتگی۔ عدم موجودگی۔ ہنود کے
دور روزگار کا بیسواں (۲۰) سال۔

وَییہ۔ خرچ۔ لاگت۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ بربادی۔

ھ

ہَ / ھُ } ہنسی۔ پانی۔ صفر۔ تصور۔ شبہ۔ آسمان۔ بہشت۔ نیک۔ خون۔ خوف۔ عقل۔ چاند۔ جنگ۔ گھوڑا۔ غرور۔ حکیم۔ سبب۔ مشہور۔ حرف ندا۔ پھینکنا۔ جوگیوں کی ایک قسم کی نسبت۔ شیوجی کا لقب۔

ہَا ۔ ہائے۔

ہَاتْ۔ چھوڑا ہوا۔ ترک کیا ہوا۔

ہَٹْ ۔ دوکان۔ بازار۔ راہ۔

ہَاٹَکْ۔ سونا۔ طلا۔ دھتورا۔

ہَارْ ۔ لڑائی۔ کھیل۔ بازی۔ شکست۔ موتیوں یا پھولوں کا مالا۔

ہَارِتْ۔ ہارا ہوا۔ زبردستی سے لیا ہوا۔

ہَارْدْ ۔ محبت۔ عنایت۔ رحم۔

ہَارْدِکْ۔ ہردے سے نکلا ہوا یعنی دلی۔ سچا۔

ہَارْدِکْ دُکھْ۔ صدمہ دلی۔

ہَارَکْ۔ لٹیرا۔ چور۔ ڈاکو۔ دغاباز۔ قمار باز۔

ہَارِیْ ۔ چور۔ ٹھگ۔

ہَارِیتْ۔ چور۔ ڈاکو۔

ہَاسْ۔ ہنسی۔ دل لگی۔ تمسخر۔ مذاق۔

ہَاسِکَا۔ ہنسی۔ خوشی۔

ہَاشْیَہ۔ ہنسی۔ تمسخر۔ دل لگی۔ خوشی۔ کھیل۔

ہَالَا ۔ سیندھی۔ شراب۔

ہَالَاہَلْ۔ زہر قاتل۔

ہَانْ ۔ دیکھو (ہانی)

ہَانْسْ۔ گلا۔ بڑی ہنسلی۔ گلے کا ایک زیور۔

ہَانْگَرْ ۔ گرمچھ۔ نہنگ۔

ہَانِیْ ۔ (ہندلابھ) نقصان۔ کمی۔ ضرر۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔ زیان۔ زوال۔ قتل۔

ہَاوْ ۔ نخرہ۔

ہَاوْ بھَاوْ۔ ناز و انداز۔

ہَاہَا ۔ ہائے ہائے۔ وآتیخ ہو کہ یہ ایک کلمہ ہے جو حیرت اور غم کے محل پر کہتے ہیں۔

ہَاہَاکَارْ ۔ ہائے ہائے کی آواز۔ نوحہ۔ ماتم۔ آواز جنگ۔

ہَایَنْ ۔ برس۔ سال۔ سنہ۔

ہَتْ ۔ جو مارا گیا ہو۔ پیٹا ہوا۔ کھویا ہوا۔ مارڈالا ہوا۔ خراب کیا ہوا۔ نقصان۔ نہ۔ نہیں۔ لا۔

ہِتْ ۔ احسان کرنیوالا۔ بہتری چاہنے والا۔ خیر خواہ۔ رشتہ دار۔ فائدہ۔ بھلائی۔ بہتری۔ موافقت۔ محبت۔ دوستی۔ ناتا۔ رشتہ۔ موافق۔ وجہ۔ لیئے۔ واسطے۔ خاطر۔ پیار۔ خیر خواہی۔ مہربانی۔ فائدہ۔ احسان۔ سودمند۔

ہُتْ ۔ ہوم کرنیکی چیز جیسے گھی وغیرہ۔ ہون کی ہوئی چیز۔

ہُتَاشَنْ۔ / ہُتَاشَنْ۔ } آگ۔ آتش۔ نار۔

ہَتَاشْ ۔ جسکو آس یعنے امید نہ ہو۔ ناامید۔ (مرد)

ہَتَاشَا۔ ناامید۔ مایوس۔ [illegible]

ہَتَاہَتْ ۔ [illegible] کیا ہوا۔

ہِتَاہِتْ ۔ بھلائی برائی۔ نفع نقصان۔

ہَتْ بھَاگْیَہ ۔ بدقسمت۔

ہِتْ چِنْتَکْ ۔ بھلائی چاہنے والا۔ خیر خواہ۔

ہِتکارْ ۔ }
ہِتکر ۔ } بھلائی کرنیوالا ۔ دوست ۔ مہربان ۔ خیر خواہ ۔ محسن ۔ مربّی

ہِتکاری ۔ بھلائی کرنیوالا ۔ خیر خواہ ۔

ہِتکامْ ۔ خیر خواہی ۔

ہَتَنْ ۔ قتل کرنا ۔ جان سے مار ڈالنا ۔

ہَتنا ۔ مار ڈالنا ۔ قتل کرنا ۔

ہِتُو ۔ (از ہِتی) خیر خواہ ۔ بہی خواہ ۔ مہربان ۔ دوست

ہِتوپدیشْ ۔ دوستانہ یا مفید نصیحت ۔ ایک کتاب کا نام ۔

ہِتوکتی ۔ نیک صلاح ۔

ہَتھْ ۔ ہاتھ ۔ دست ۔

ہَتھرسْ ۔ عشق کے متعلق بوس وکنار ۔ جلق بازی ۔

ہَتی ۔ مارنا ۔ نقصان کرنا ۔

ہَتیا ۔ مار ڈالنا ۔ قتل کرنا ۔ خون کرنا ۔ بربادی ۔ گناہ ۔

ہَتیارا ۔ ایذا دینے والا ۔ قاتل ۔ خونریز ۔ ستمگر ۔ ظالم ۔ بےرحم

ہِتیشی ۔ دوسرے کی بھلائی چاہنے والا ۔ خیر خواہ ۔ بہی خواہ ۔

ہَٹْ ۔ دکیھو (ہاٹ) ۔

ہَٹْ ۔ }
ہَٹھْ ۔ } ضد ۔ اصرار ۔ تمرد ۔ جبر ۔ سرکشی ۔ زور وستم ۔

ہٹھات ۔ زبردستی سے ۔ ظلم سے ۔ جبراً ۔

ہٹھاتکار ۔ زبردستی ۔

ہٹتال ۔ دہٹ بمعنی بازار ۔ تال یعنی قفل لگانا) بازار

ہٹھ دھرم ۔ ضد ۔ بدمعاملہ ۔

ہٹھ دھرمی ۔ }
ہٹھی ۔ } ضدی ۔ بدمعاملگی ۔ بے ایمانی ۔ بے انصافی ۔

ہٹکا ۔ شور ۔ غوغا ۔

ہٹھی ۔ ہٹ کرنیوالا ۔ ضدی ۔

ہٹھ یوگ ۔ ایک قسم کی یوگ ۔ (عبادت)

ہٹی ۔ دکان ۔ ہاٹ بازار ۔

ہَر ۔ لے لینے والا ۔ لوٹنے والا ۔ شیوجی کا لقب ۔ آگ ۔ ہل ۔

ہَرادْ ۔ آواز ۔ بادل ۔

ہَراسْ ۔ دکھ ۔ رنج ۔ فکر ۔ کمی ۔ زوال ۔ آواز ۔

ہَر بھجن ۔ شیوجی کا بھجن ۔

ہَر بھگت ۔ شیوجی کی عبادت کرنے والا ۔

ہَرِتْ ۔ ہرا ۔ سبز ۔ ہرا رنگ ۔ سرسبز ۔ تروتازہ ۔ شرزہ ۔ سورج ۔ وشنو ۔

ہَرتا ۔ لے بھاگنے والا ۔ دور کرنے والا ۔ برباد کرنے والا ۔ چور ۔ دزد ۔ ٹھگ ۔

ہَرتویہ ۔ لینے کے قابل ۔

ہَرْدْ ۔ بڑا تالاب ۔ جھیل ۔

ہُرْدْ ۔ }
ہِرْدْ ۔ } دل ۔ خاطر ۔ قلب ۔ جگر ۔ روح ۔ جان ۔ سینہ ۔ ضمیر ۔
ہِردا ۔ } کانشنس ۔

ہَرواسْ ۔ وشنو کا مطیع وفرمانبردار ۔

ہَرُوڑ ۔ پیلا چندن ۔

ہَرُودا ۔ ہلدی ۔ زرد چوب ۔ ایک ندی کا نام ۔ بن ۔ جنگل ۔

ہَردوار ۔ شمالی ہند کے ایک مشہور تیرتھ گاہ کا نام جہاں سے گنگا نکلتی ہے ۔

ہُردے ۔ دل ۔ خاطر ۔ قلب ۔ جگر ۔ جسم ۔ سینہ ۔ جان ۔ روح ۔ جی ۔ ضمیر ۔

ہُردیہ ۔ دلکش ۔

ہرشوہ۔ پست قد۔ بونا۔ چھوٹا۔ خورد۔ حرف مقصورہ۔

ہرش۔ (دیکھو ہرکھ) خوشی۔ خواہش۔ رضامندی۔ آرام۔ سکھ۔

ہرشت۔ (دیکھو ہرکھت) خوش۔ بشاش۔ مسرور۔

ہرشٹ۔ نہایت خوش۔ بشاش۔ آسودہ۔

ہرشٹ پشٹ۔ موٹا تازہ۔ ہٹا مُشٹنڈا۔

ہرشن۔ رونگٹے کھڑے ہونا۔ خوش ہونا۔ جوتش کا ایک

ہرشنا۔ (دیکھو ہرکھنا) خوش ہونا۔ پھولنا۔ کھِلنا۔

ہرشی۔ خوشی۔ بشاشت۔ چہک۔

ہرشی کیش۔ وشنوجی کا لقب۔

ہرکھ۔ دیکھو (ہرش)

ہرمشٹا۔ طاقتور۔ زور آور۔

ہرمیہ۔ حویلی۔ بالاخانہ۔ اٹاری۔

ہرن۔ جبراً چھین لینا۔ لوٹنا۔ چرانا۔ لے بھاگنا۔ مار ڈالنا۔ لوٹ۔ چوری۔

ہرن۔ سونا۔ طلا۔ جواہر۔ کوڑی۔

ہرن۔ ہرن۔ آہو۔

ہرنا۔ کسی چیز کو ظلم سے لے لینا۔ لوٹنا۔ چرا لینا۔ گوزن۔

ہرنوٹا۔ }
ہرنوٹا۔ } ہرن کا بچہ۔ آہو برہ۔ بزغالہ۔

ہرنی۔ ہرے رنگ کی۔ ہرن کی مادہ۔ سونے کا بت۔

ہرنیاکش۔ ہرنیہ کشپ کا بھائی۔

ہرنیہ۔ لوٹنے کے قابل۔

ہرنیہ۔ سونا۔ طلا۔ جواہر۔ نور۔ تجلی۔

ہرنیہ کشیپ۔ ایک راکھشس کا نام جو پرہلاد کا باپ تھا۔ جسے بھگوان نے نرسنگھ اوتار لیکر مار ڈالا۔

ہرنیہ گربھ۔ عموماً ہر وہ چیز جسکے پیٹ میں سونا ہو۔ خصوصاً سالگرام کی مورتی جسکے اندر سے سونا نکلتا ہے۔ برہماجی کا لقب۔

ہری۔ بھورا رنگ۔ پیلا رنگ۔ ہرا۔ وشنو۔ گھوڑا۔ اندر۔ بندر۔ شرزہ۔ برج اسد۔ سورج۔ کرن۔ چاند۔ گیدڑ۔ طوطا۔ مور۔ کوئل۔ ہنس۔ مینڈک۔ سانپ۔ آگ۔ پہاڑ۔ کمان۔ ہوا۔ شیوجی۔ سری کرشن جی۔ ملک الموت۔ برہما۔

ہریا۔ }
ہریتا۔ } لاج۔ شرم۔ حیا۔

ہری تال۔ ہرتال۔ زرنیخ۔

ہری تالک۔ ہرا کبوتر۔ طوطا۔ ناگ۔ ہرتال یعنی زرنیخ۔

ہری تالکا۔ عورتوں کا ایک برت جو بھادوں سدی تیج کو ہوتا ہے۔ دوب۔

ہری جن۔ وشنوجی کے معتقد۔ پرہلاد۔

ہری چند۔ }
ہری چندر۔ } ایک بڑے دانی راجہ کا نام۔
ہرش چندر۔ }

ہری چندن۔ سفید صندل۔ زعفران۔ گوروچن۔ [illegible] ماہتاب۔

ہری کیرتن۔ حمد باری تعالیٰ۔

ہری واسر۔ اتوار۔ یکشنبہ۔

ہست۔ ہاتھ۔ دست۔ ہاتھی کی سونڈ۔ چاند کی تیرھویں منزل کا نام۔ کہنی سے بیچ کی انگلی تک کا ناپ۔

ہستامَلک۔ سچ۔ آسان۔ سب جنت۔ ایک کتاب کا نام۔

ہَسْت تَلْ ۔ ہتھیلی ۔ کفِ دست ۔
ہَسْت گَتْ ۔ ہاتھ آیا ہوا ۔ بدست شدہ ۔
ہَسْتِنی ۔ ہتھنی ۔ فیل مادہ ۔ عورتوں کی چار قسموں میں سے
ہَسْتی ۔ ہاتھی ۔ فیل ۔
ہَسْتی پال ۔ } فیلبان ۔
ہَسْتی پَکْ ۔
ہَسْتی نا پُرْ ۔ پرانی دہلی جسے (ہَسْتِن) راجہ نے آباد کیا ۔
ہَسْر ۔ جاہل ۔ نادان ۔
ہَسَنْ ۔ ہنسی ۔ دل لگی ۔
ہَسَنْتِکا ۔ انگیٹھی ۔ آتشدان ۔ مجمر ۔
ہَکارْ ۔ چلّا کر بلانے کی آواز ۔
ہَلْ ۔ وہ اوزار جس سے زمین جوتتے ہیں ۔
ہَلا ۔ زمین ۔ پانی ۔ شراب ۔
ہَلادْ ۔ خوشی ۔ آرام ۔ سُکھ ۔
ہَلادِتْ ۔ مسرور ۔ بشاش ۔
ہَلادِنی ۔ بجلی ۔ برق ۔ خوشی کے ساتھ ۔
ہُلاس ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔ بشاشت ۔
ہَلاہَلْ ۔ زہر ۔ سم ۔
ہَلاہَلی ۔ مجازاً شراب ۔
ہَلدَھر ۔ بلدیو یعنی بلرام ۔
ہُلسی ۔ خوشی ۔ آرام ۔ تلسی داس کی ماں کا نام ۔
ہِلکور ۔
ہِلکورا ۔ } ترنگ ۔ لہر ۔ موج ۔ تلاطم ۔
ہِلورا ۔
ہِلوّل ۔

ہِلوّلَنْ ۔ لہرانا ۔ ڈوبنا ۔
ہِم ۔ پالا ۔ برف ۔ جاڑا ۔ سردی ۔ خنکی ۔ ٹھنڈ ۔ موسم سرما ۔
جما ہوا منجمد ۔
ہِما چَل ۔
ہِمالَے ۔ } ہندوستان کی شمالی سرحد پر پھیلا ہوا (ہم) نام کا
ہِم گِری ۔ } ایک بہت بڑا اور اونچا پہاڑ جسکے چوٹیاں ہمیشہ
ہِما دْری ۔ } برف سے ڈھکی رہتی ہیں ۔
ہِمانْشُو ۔ چاند ۔ قمر ۔ کافور ۔
ہِمانی ۔ برف کا ڈھیر ۔
ہَمبھا ۔ گائے یا بیل وغیرہ کی آواز ۔
ہِم رُتُو ۔ موسم سرما ۔
ہَنْس ۔ (ہَنْس) بطخ کی شکل کا ایک آبی پرندہ جو بڑی بڑی
جھیلوں میں رہتا ہے ۔ برہم ۔ سورج ۔ روح ۔
راجہ ۔ جوگی ۔ گھوڑا ۔ سفید ۔ واضح ہو کہ اگر یہ
لفظ کسی لفظ کے آخر میں آجائے تو اس کے معنے
برتر کے ہوتے ہیں ۔
ہِنْس ۔
ہِنْسا ۔ } تکلیف دینا ۔ مار ڈالنا ۔ قتل کرنا ۔ نقصان
ہِنْسَنْ ۔ } پہنچانا ۔ گھوڑوں کی ہنہناہٹ ۔
ہِنْسْر ۔ مار ڈالنے والا ۔ درندہ ۔ جانور ۔
ہَنْسَکْ ۔ ہنس نامی پرندہ ۔ پیروں کی انگلیوں میں پہننے کا
ایک گہنا یعنی بچھوا ۔ گھنگھرو ۔
ہِنْسَکْ ۔ } تکلیف دینے والا ۔ مار ڈالنے والا ۔
ہِنْسْرَکْ ۔ } گنہ گار ۔ دشمن ۔ ہتھیار ۔ خونخوار
جانور ۔

ہنس وتی }
ہنس گتی } وہ عورت جو ہنس کی طرح نازو انداز سے
ہنس وتی } چلے۔

ہنس گتی - جس کے پاس ہنس کی سی چال - نجات آفری۔

ہنس گامنی - جس کی ہنس کی خوش رفتار - (عورت)

ہنسی }
ہنسکا } مادہ ہنس۔

ہکّر - پکار - کا شور۔

ہمنت - موسم سرما۔

ہم لیو - مرد نامرد - بیباق۔

ہنوت - سرد - خنک - ٹھنڈا۔

ہنتا - قتل کرنا - مار ڈالنا۔

ہنت - رنج یا غم ظاہر کرنے کا لفظ۔

ہنتا - مار ڈالنے والا - ایذا دینے والا۔

ہنتال - سیندھی کا درخت۔

ہنتویہ - مارنیکے قابل۔

ہندو - یہ لفظ (سندھو) سے بنا ہے کیونکہ ممالک مغربی کے
لوگ (س) کی جگہ (ہ) اور (دھ) کی جگہ (د)
کہتے ہیں - ہندوستان - بھرت کھنڈ - انڈیا۔

ہندو - بید - سمرتی - پران ان میں سے کسی ایک کے
احکام کے مطابق چلنے والا - باشندگان ہندوستان
یعنی آریہ ورت کے بسنے والے۔

ہنڈار - بھیڑیا۔

ہنڈول - جھولا - ہنڈولا - ایک راگ کا نام جو بسنت رُت میں
صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

ہنڈن - گھومنا - پھرنا۔

ہنس - دیکھو (ہنس)

ہنسا - خندہ - ضحک۔

ہنس مکھ - خندہ رو۔

ہنکار - ہانک - پکار - چلاہٹ - ڈرانے کی آواز -
کرنا - ہانک نکالنا۔

ہنگ }
ہنگو } ہینگ - انگوزہ۔

ہنن - مار ڈالنا - قتل کرنا - ایذا دینا۔

ہننیہ - مارنیکے قابل۔

ہنو - داڑھی کی ہڈی یعنی جبڑا۔

ہنومان }
ہنومنت } مہابیر جو سری رامچندر جی کے قاصد تھے۔

ہینتا - ناداری - غربت۔

ہنیمان - مارتا ہوا۔

ہو }
ہوم } دعوت - حکم - قربانی۔

ہواؤ - جبروت - دلیری۔

ہوانی - ہون کرنے کا کنڈ یعنے حوض۔

ہوش - طاقت - قدرت - اختیار۔

ہونہب - قسمت نصیب۔

ہوتا - ہوم کرنیوالا - رشتہ دار۔

ہوتو }
ہوتویتا } تقدیر - قسمت نصیب۔

ہوڈ - شرط بدنا - بازی - داؤ۔

ہُوتی ۔ بُلاوا ۔ طلبی ۔

ہُوتْر بُھج ۔ دیوتا ۔ آگ ۔

ہَوِس ۔ / ہَوِشیہ ۔ } گھی ۔ تل اور چانول وغیرہ ملی ہوئی چیز ۔

ہُول ۔ چنا ۔ نخود ۔

ہُولَک ۔ بھُونے ہوے چنے ۔

ہُولی ۔ ہندوؤں کا ایک تیوہار جو پھاگن کے آخر اور بسنت رتو کی ابتدا میں آتا ہے ۔ ایک راگنی کا نام جو انہی دنوں میں گائی جاتی ہے ۔

ہُوم ۔ جگیہ یعنی وید کے منتر پڑھتے ہوے آگ میں آہُتی (قربانی) دینا یعنی دیوتاؤں کو جل دیتے ہوئے گھی وغیرہ آگ میں ڈالنا یعنی جلانا ۔

ہوم کُنڈ ۔ ہوم کی آگ رکھنے کا حوض ۔

ہُومی ۔ ہوم کرنے والا ۔

ہَوَن ۔ ہوم ۔ جگیہ ۔

ہُون ۔ وہ قوم جو بید کے احکام کو نہ مانے ۔

ہَوی ۔ وہ شئے جو ہوم کے وقت آگ میں ہون کی جائے یعنی جلائے جائے ۔

ہَوْیہ ۔ ہوم کرنے کا سامان ۔ دیوتاؤں کی بھینٹ ۔

ہَئی ۔ گھوڑا ۔ اسپ ۔ فرس ۔

ہیاؤ ۔ بہادری ۔ دلیری ۔ جوانمردی ۔

ہیت ۔ پیار ۔ محبت ۔

ہیتو ۔ باعث ۔ سبب ۔ منشار ۔ وجہ ۔ موجب ۔ واسطے ۔ دلیل ۔ مطلب ۔ نتیجہ ۔ معنی ۔

ہیتی ۔ ہتھیار ۔ اوزار ۔ گھاؤ ۔ زخم ۔ چوٹ ۔ آگ کی لو ۔ روشنی آفتاب ۔

ہیٹھ ۔ تلے ۔ نیچے ۔ زیر ۔

ہیر ۔ ہیرا جو مشہور جواہر ہے ۔ بجلی ۔ خلاصہ ۔ مغز ۔ سانپ ۔ ہار ۔ شرزہ ۔ شیوجی ۔

ہیراول ۔ / ہیراولی ۔ } ایک طرح کا کمّل جسے جوگی اوڑھتے ہیں ۔

ہیرمب ۔ گنیش جی کا لقب ۔

ہیرنا ۔ کھوجنا ۔ ڈھونڈنا ۔ دیکھنا ۔ کھدیڑنا ۔ راہ تکنا ۔

ہییش ۔ روز گزشتہ ۔

ہیگریو ۔ وشنو کے (۲۴) اوتاروں میں سے ایک ۔

ہیلا ۔ ناچیز سمجھنا ۔ خیال نہ کرنا ۔ بے پروائی ۔ کھیل ۔ بہت آسان کام ۔

ہیلن ۔ ہجو کرنا ۔

ہیم ۔ پالا ۔ برف ۔ سونا ۔ طلا ۔ فصول ستہ میں سے ایک فصل کا نام یعنی موسم سرما ۔

ہیماچل ۔ ایک پہاڑ کا نام جو لنکا اور کوہ سمیر کے مابین واقع ہے ۔

ہیم چندر ۔ اکشواکو بنسی ایک راجہ کا نام ۔ ایک جین آچارج کا نام ۔

ہیم رتو ۔ موسم سرما ۔

ہیم کار ۔ سنار ۔ زرگر ۔

ہیمل ۔ سنار ۔ زرگر ۔ کسوٹی ۔ محک ۔

ہیم مالی ۔ مجازاً سورج ۔ آفتاب ۔

ہیمنت ۔ زمستان کی ایک فصل کا نام جو اگہن اور پوس کے مہینے میں ہوتی ہے ۔

ہیم وتی ۔ لقب پاروتی دیبی کا ۔ گنگا ۔

ہیموَنت ۔ دیکھو (ہیمنت)

ہَیَن ۔ سال ۔ سن ۔ سنہ ۔ برس ۔

ہِین ۔ ⎫ بن ۔ بنا ۔ بلا ۔ بغیر ۔ کم ۔ قلیل ۔ فنانی ۔ نابود ۔ نادار ۔
ہِینَا ۔ ⎭ قاصر ۔ ہیچ ۔ کمینہ ۔ محروم ۔ ناقص ۔ اندک ۔ غریب ۔ ناچیز ۔ برا ۔ بد ۔ عاجز ۔ خراب ۔ گھٹا ہوا ۔ چھوڑا ہوا ۔ ذلیل شدہ ۔

ہینتا ۔ ⎫
ہینتوہ ۔ ⎭ کمی ۔ ناداری ۔ نابودی ۔ برائی ۔ خرابی ۔ حقارت ۔

ہین جاتی ۔ کم ذات کا ۔ ہیچ قوم کا ۔ ذلیل ۔

ہین وَرن (برن) ہیچ ذات کا ۔ کم قوم کا ۔ ذلیل ۔

ہِرِدَے ۔ ⎫
ہِردیہ ۔ ⎬ دل ۔ خاطر ۔ روح ۔ جان ۔ سینہ ۔
ہِیا ۔ ⎭

ہَیَہ ۔ گھوڑا ۔ اسپ ۔ فرس ۔ علامت عدد ہفت ۔

ہیہ گریو ۔ وشنو کے (۲۴) اوتاروں میں سے ایک ۔

ہَیی ۔ گھوڑی ۔ مادیان ۔

ہیئیہ ۔ چھوڑنے کے قابل ۔ برا ۔ بد ۔ خراب ۔

ی

یَا ۔ نیک نامی ۔ ہوا میں ۔ سواری ۔ روانگی ۔ جانیوالا ۔

یاپَن ۔ چلانا ۔ چال چلن ۔ نبھانا ۔ بتانا ۔ نپٹانا ۔ چھوڑنا ۔ ہٹانا ۔ مٹانا ۔

یاپنا ۔ چلانا ۔ ہانکنا ۔ گزر اوقات کرنا ۔ وہ دولت جو کسی کے گزران کے لئے دی گئی ہو ۔ برتاؤ ۔

یاپیہ ۔ چھپانے کے قابل ۔ حفاظت کے لائق ۔ پھینکنے کے قابل ۔

یات ۔ گیا ہوا ۔ رفتہ ۔

یاما ۔ شوہر کے بھائی کی زوجہ ۔ جیٹھانی ۔ دیورانی ۔ چلنے والا ۔ جانے والا ۔ نگہبان ۔ مار ڈالنے والا ۔

یاتایات ۔ آناجانا ۔ آمد و رفت ۔ ایاب و ذہاب ۔

یاترا ۔ (جاترا) سفر ۔ کوچ ۔ روانگی ۔ دیوتاؤں اور تیرتھوں کے مقامات پر زیارت کے لئے جانا ۔

یاترک ۔ ⎫ مسافر ۔ سیاح ۔ متبرک مقامات کی زیارت کیلئے
یاتری ۔ ⎭ پھرنیوالا ۔ زائر ۔

یاتن ۔ بدلہ ۔ انعام ۔ امتحان ۔

یاتنا ۔ سخت مصیبت ۔ رنج ۔ دوزخ کی تکلیف ۔

یاتو ۔ راستہ چلنے والا ۔ راہبر ۔ ہنگام ۔ ہوا ۔ تکلیف ۔

یاتھارتھیہ ۔ سچائی ۔ راست بازی ۔ ایمانداری ۔

یاجک ۔ وہ برہمن جو جگیہ وغیرہ رسومات مذہبی ۔ ۔ ۔ پروہت ۔ پجاری ۔

یاجن ۔ رسوم مذہبی ادا کرنا ۔ جگیہ وغیرہ کرانا ۔

یاجیہ ۔ وہ جانور یا چیز جو کسی مذہبی رسم کی ادائی ۔ ۔ ۔ میں

حاصل کیا گیا ہو۔

یاچاٗ ۔ مانگنا۔ سوال کرنا۔

یاچِت ۔ (جاچِت) پوچھا گیا۔ مانگا گیا۔ چاہا گیا۔ التجا کیا گیا۔

یاچَک ۔ (جاچَک) مانگنے والا۔ فقیر۔ گدا۔ امیدوار۔

یاچَن ۔ (جاچَن) مانگنا۔ سوال کرنا۔

یاچنا ۔ (جاچنا) بھیک مانگنا۔ چاہنا۔ درخواست کرنا۔

یادُرِش ۔ جیسا۔ جس طرح۔ جس کے برابر۔

یادَو ۔ (جادَو) یدو خاندان کے لوگ۔ مجازاً سری کرشن۔

یادُہ ۔ پانی۔ آب۔ ہر رقیق چیز۔

یاگ ۔ یگ۔ ہوم۔ ہون۔ پوجا۔

یاگنِک ۔ جگیہ کرنے یا کرانے والا۔

یام ۔ شب و روز کا آٹھواں حصہ یعنی پہر۔ پاس۔

یامِک ۔ نگہبان۔ پاسبان۔ چوکیدار۔

یامَل ۔ وہ دو بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوں۔ جڑواں۔ توام

یامُن ۔ یمنا (جمنا) کے متعلق۔ سرمہ۔ انجن۔ ایک وشنو آچاریہ کا نام۔

یامنی ۔ غیر مذہب کا جو ہندو نہ ہو۔

یامنی ۔ رات۔ شب۔ لیل۔

یامنی پتی ۔ مالک شب مجازاً چاند۔ ماہ۔

یامی ۔ بہن۔ ہمشیرہ۔

یان ۔ دن کا چوتھا حصہ۔ پہر۔ پاس۔ وقت۔

یان ۔ روانگی۔ ہر قسم کی سواری جیسے گھوڑا۔ گاڑی وغیرہ۔ دشمن پر حملہ کرنا۔ دھاوا۔

یاوَ ۔ جتنا۔ جس قدر۔ سب۔ کل۔ جب تک۔ جہاں تک۔

یاوَت ۔ جتنا۔ جس قدر۔ جبتک۔ جب لگ۔ وہاں تک۔

یاوَجیوَن ۔ تمام عمر۔ مادام الحیات۔

یاہی ۔ اسے۔ اس کو۔

یائی ۔ جانیوالا۔ جو جا رہا ہو۔

یَت ۔ پابند۔ قبضہ کیا ہوا۔ روکا ہوا۔ مقرر کیا ہوا۔ جو۔

یُت ۔ جو الگ نہو۔ ملا ہوا۔ ساتھ۔ مع۔ شامل۔

یترَ ۔ جس جگہ۔ جہاں۔

یترَ تترَ ۔ جہاں تہاں۔ اِدھر اُدھر۔ کچھ یہاں کچھ وہاں۔ جگہ جگہ۔

یترَ یترَ ۔ جہاں جہاں۔

یت کنچت ۔ تھوڑا بہت کچھ۔

یتن ۔ (جتن) کوشش۔ تردد۔ جدوجہد۔ حکمت۔ تدبیر۔ تجویز۔ حفاظت۔ علاج۔

یتنہ ۔ کوشش۔ کسب۔ محنت۔ تدبیر۔ حفاظت۔

یتنی ۔ (جتنی) کوشش کرنیوالا۔

یتھا ۔ (جتھا) جس طرح سے۔ جیسے۔ جیون۔ مانند۔ جیسا۔ بموجب۔ مطابق۔ برابر۔

یتھا تتھا ۔ (جتھا تتھا) جیسا تیسا۔ کسی طرح۔ تاہم۔

یتھا تتھیہ ۔ جیسے کا تیسا۔ جیوں کا تیوں۔ ہو بہو۔ جیسا ہو ویسا۔

یتھا پورو ۔ جیسا پہلے تھا ویسا ہی۔ جیوں کا تیوں۔

یتھا جات ۔ مورکھ۔ نادان۔ احمق۔

یتھارتھ ۔ (جتھارتھ) ٹھیک۔ سچ۔ ٹھیک ٹھیک۔ حقیقتاً۔ جیسا چاہیے۔ واجب۔ مناسب۔

یتھارتھتا ۔ سچائی۔ سچا پن۔

یتھا سادھیہ ۔ حتی الامکان۔

یتھاسّتھان ۔ ٹھیک جگہ پر ۔ اپنے مقام پر ۔
یتھاسّتھت ۔ حسب حال ۔
یتھاسمبھو ۔ حسب موقع ۔ جہاں تک ہو سکے ۔
یتھاشاستر ۔ شاستر کے احکام کے مطابق ۔
یتھاشکتی ۔ حسب مقدور ۔ جیسی قدرت ہو ۔ جس قدر ہو سکے
حتی الامکان ۔
یتھاشکیہ ۔ جہاں تک ممکن ہو ۔
یتھاکال ۔ بر موقع ۔ برمحل ۔
یتھاکام ۔ حسب خواہش ۔ بموجب منشاء ۔
یتھاکامی ۔ اپنے منشا کے مطابق کام کرنے والا ۔ خود رائے
یتھاکتھنچت ۔ کسی نہ کسی طرح ۔
یتھاکرتویہ ۔ وہ جو ٹھیک ادا کرنے کے قابل ہو ۔
یتھاکرم ۔ ترتیب وار ۔ طریقہ کے موافق ۔ باقاعدہ طور پر ۔
یتھاکلپ ۔ جس طرح تجویز کی جاوے ۔
یتھامتی ۔ عقل کے مطابق ۔ سمجھ کے موافق ۔
یتھاوت ۔ جیوں کا تیوں ۔ جیسا تھا ویسا ہی ۔
یتھاودھ ۔ حسب ضرورت ۔ حسب طریقہ ۔
یتھاودھی ۔ دستور کے موافق ۔
یتھاوستھت ۔ سچ ۔ راست ۔ ٹھیک ۔ قائم ۔
یتھاوسر ۔ } حسب موقع ۔ جیسا کہ اتفاق ہو ۔
یتھاوکاش ۔ }
یتھایوگ ۔ (یتھوگ) جیسا کہ مناسب ہے ۔ ٹھیک ٹھیک
کافی طور سے ۔ حسب حیثیت ۔
یتھایوگیہ ۔ جیسا چاہیے ویسا ۔ جیسا مناسب ہو ۔ موزوں ۔
یتھوچت ۔ جیسا چاہیے ویسا حسب مناسب ۔ ٹھیک ۔

یتھوکت ۔ سچا ۔ صحیح ۔ جیسا کہا گیا ہے ۔
یتہ ۔ کیونکہ ۔ چونکہ ۔
یتھیشٹ ۔ منشا کے مطابق ۔ حسب دلخواہ ۔
یتھیچھ ۔ } حسب خواہش ۔ بموجب منشا ۔ حسب دلخواہ ۔
یتھیچھا ۔ }
یتھیشٹ ۔ جتنا چاہیے اتنا ۔ کافی ۔ پورا ۔ حسب دلخواہ ۔
یتی ۔ (جتی) وہ جو دنیوی آلایشات سے الگ ہو کر
نجات اخروی کی کوشش کرتا ہو ۔ سنیاسی ۔ جوگی ۔
بیراگی ۔
یتی ۔ رباب ۔ رلن ۔
یتھیچھا ۔ کسی کے دلخواہ ۔
یجروید ۔ (یجر بید) چار بیدوں میں سے دوسرا بید ۔
یجرویدی ۔ (یجر بیدی) یجر بید کا جاننے والا ۔
یجمان ۔ (ججمان) جگیہ کرنیوالا ۔ مالک ۔ آقا ۔
یجن ۔ جگیہ ۔ پوجا ۔
یجوا ۔ حسب طریقہ ۔ جگیہ کرنیوالا ۔
یجیہ ۔ ملا ہوا ۔ شامل ۔ ملانے کے قابل ۔
یدا ۔ جس وقت ۔ جب ۔

یدا کدا ۔ جب تب ۔ کبھی کبھی ۔

یدپی ۔ جو ۔ جو بھی ۔ تو بھی ۔ تاہم ۔
یدرچھا ۔ اپنے منشا کے موافق کرنا ۔ اپنے حسب دلخواہ ۔
جو اتفاق سے سرزد ہو ۔
یدرچھیا ۔ اچانک ۔ اتفاق سے ۔

یَدُوُ ۔ ایک راجہ کا نام جو راجہ (دیباتی) کا بڑا بیٹا اور سری کرشن کا جداعلیٰ اور چندربنسی راجاؤں میں پانچواں راجہ تھا۔

یَدْوَا ۔ جیون ۔ خواہ ۔ یا تو ۔

یَدْوَاتَدْوَا ۔ (جَدْوَا تَدْوَا) کبھی کبھی ۔ گاہے گاہے ۔

یَدُوکُلْ ۔
یَدُووَنْش ۔ } یدو راجہ کے خاندان کا ۔ خاندان یدو ۔

یُدھ ۔
یُدھ ۔ } (جُدھ) لڑائی ۔ جنگ ۔ پیکار ۔

یُدھَانْ ۔ جنگجو ۔ جنگی ۔

یُدھ رَنْگ ۔ میدان جنگ ۔ رزمگاہ ۔

یُدھِشٹِھر ۔ پانچ پانڈوں میں سے بڑے کا نام جو کُنتی اور پانڈو کا بڑا بیٹا تھا ۔

یُدھ شَیّا ۔ میدان جنگ ۔ نبرد گاہ ۔

یُدھ کشیتر ۔ (جُدھ چھیتر) میدان وغا ۔

یُدھ نِدیش ۔ پیغام جنگ ۔

یَدِی ۔ (جَدِی) گاہے ۔ اگر ۔ جو ۔

یَدْیَپِی ۔ (جَدْیَپِی) اگر ۔ اگرچہ کہ ۔ تو بھی ۔

یَش ۔ نیک نامی ۔ شہرت ۔ ناموری ۔ قسمت ۔

یَشٹِک ۔ پرندہ ۔ طائر ۔

یَشٹِی ۔ سونٹا ۔ لاٹھی ۔ لٹھ ۔ چھڑی ۔ لکڑی ۔ ٹہنی ۔ شاخ ۔

یَشَسْوَان ۔
یَشَسْوِی ۔ } مشہور ۔ نامور ۔ معزز ۔ صاحب قسمت ۔

یُشْمَدْ ۔ تم ۔ آپ ۔ تمہارا ۔ آپ کا ۔

یَشُودَا ۔ دیکھو (جشودا)

یُکْت ۔ ملا ہوا ۔ جڑا ہوا ۔ لگا ہوا ۔ مملو ۔ شامل ۔ ملحق ۔ قائم ۔ ساتھ ۔ مع ۔ واجب ۔ مناسب ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ قابل ۔ لائق ۔ زیبا ۔ سزاوار ۔ منصوب ۔

یُکْتِی ۔ ڈھنگ ۔ ترکیب ۔ دلیل ۔ چال ۔ طریقہ ۔ انصاف ۔ تجویز ۔ حکمت ۔ مطلب ۔ عقلمندی ۔ اندازہ ۔ سبب ۔ ملاپ ۔ تدبیر ۔ رواج ۔ میل ۔ لیاقت ۔ چالاکی ۔

یکرت ۔ تاپ تلی ۔ سپرز ۔ طحال ۔

یَکْش ۔ (جَچھ) ایک طرح کی مخلوق جو کُبیر کے ملازم ہے اور دیوتاؤں سے کمتر اور راچھسوں سے افضل ہے ۔

یَکْشْمَا ۔
یَکْشْمَن ۔ } تپ ۔ دق ۔

یَکْشْ ۔ پوجا کرنا ۔ کھانا ۔

یَکْشِنی ۔
یَکْشِنی ۔ } یکش کی زوجہ ۔ (دیکھو یکش)

یُگ ۔ (جُگ) جوڑا ۔ جفت ۔ جوا ۔ پُشت ۔ پیڑھی ۔ نرد ۔ وقت ۔ موسم ۔ دور روزگار جو چار ہیں یعنی ست جگ (۱۷۲۸۰۰۰) سال کا ۔ ترتیا جگ ۔ (۱۲۹۶۰۰۰) سال کا ۔ دواپر جگ (۸۶۴۰۰۰) سال کا ۔ کلجگ (۴۳۲۰۰۰) سال کا ہے ۔

یُگانت ۔ جُگ کا انت یعنی انجام روزگار ۔ روز قیامت

یُگانتر ۔ دوسرا جگ (دیکھو یُگ)

یُگپت ۔ ایک ہی وقت ۔ ساتھ ساتھ ۔ دو ۔ دونوں ۔

یُگ دھرم ۔ دور روزگار کا دھرم ۔ (طریقہ)

یُگل ۔
یُگمہ ۔
یُگم ۔ } جوڑا ۔ جفت ۔ دو ۔

یُوجَن ۔ چار کوس کی مسافت ۔ خداوند تعالیٰ۔
یُوجَنا ۔ کسی کام میں لگانا ۔ استعمال کرنا ۔ جوڑنا ۔ میل ۔ ملاپ ۔ بناوٹ ۔ اتفاق ۔
یُودھ ۔ / یُودھا ۔ / یُودھی ۔ (جودھا) لڑاکا ۔ بہادر ۔ دلیر ۔
یُودھن ۔ ہتھیار ۔ آلۂ حرب ۔ اسباب جنگ ۔
یُوراج ۔ راجہ کا سب سے بڑا بیٹا جو تخت وتاج کا مالک ہو ۔
یُوراجیہ ۔ مرتبہ ولی عہدی ۔
یُوشا ۔ / یُوشت ۔ / یُوشتا ۔ عورت ۔ زن ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔
یُوشٹھ ۔ چھوٹا بھائی ۔ آگ ۔
یُوک ۔ / یُواک ۔ سولہ سال سے (۵۰) سال کی عمر والا مرد ۔
یُوگ ۔ (جوگ) دو یا اس سے زیادہ چیزوں کا آپس میں ملنا ۔ میل ۔ ملاپ ۔ ملاؤ ۔ تعلق ۔ لگاؤ ۔ جوڑ ۔ پیوستگی ۔ ٹھان ۔ ترکیب ۔ دھیان ۔ سلوک ۔ صحبت ۔ مبارک وقت ۔ موقع ۔ لائق ۔ زاہد ۔ عبادت ۔ معرفت ۔ مراقبہ ۔ ریاضت ۔ مکر ۔ دھوکا ۔ ساعت نیک فائدہ ۔ نجوم کی رو سے سورج اور چاند کا کسی نیک برج میں منتقل ہونا ۔ ایک قسم کی پرستش جس سے دل کو ناسناسب جانب سے روکا جاتا ہے ۔ اس کے آٹھ طریقے ہیں ۔
یُوگ ابھیاس ۔ (جوگ) یوگ شاستر کے مطابق آٹھ عضو پر عمل کرنا ۔

یُوگ آسَن ۔ (جوگ آسن) ایک قسم کی نشست جو پرستش کے وقت ہوتی ہے ۔
یُوگ شاسٹر ۔ کیفیات نفس کو روک کر ذات اصلی کے منکشف کرنے کا علم ۔ علم اشراق ۔
یُوگ مایا ۔ قدرت خداوند تعالیٰ ۔
یُوگ نِدرا ۔ (جوگ ندرا) خواب بیدار ۔
یُوگِن ۔ / یُوگِنی ۔ (جوگن) جوگ ابھیاس کرنے والی عورت ۔ شکتی ۔ پاربتی وغیرہ جو تعداد میں (۶۴) ہیں ۔ جیوتش میں نیک و بد ظاہر کرنے والی ۔
یُوگ وِدیا ۔ (بِدیا) علم طریقت ۔
یُوگی ۔ (جوگی) یوگ کرنیوالا یکسوئی قلب کے ساتھ تصور کرنے والا ۔ یوگ شاستر کے مطابق چلنے والا ۔ زاہد ۔ عابد ۔ مرتاض ۔
یُوگیشوَر ۔ / یُوگیندر ۔ عارف کامل ۔ لقب مہادیوجی کا ۔
یُوگیہ ۔ (جوگیہ) لائق ۔ قابل ۔ کامل ۔ ٹھیک ۔ اچھا ۔ مناسب ۔ کارآمد ۔ ممکن ۔ سزاوار ۔ تیز ۔ چالاک ۔ چاہئے ۔
یُوگیتا ۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ استعداد ۔ قدرت ۔ مناسبت ۔ مطابقت ۔ عقلمندی ۔
یُوگیہ سمبھو ۔ (جوگیہ) جہاں تک ہوسکے ۔
یُوگیہ شکتی ۔ (جوگیہ) قوت کے موافق ۔
یُوگیہ ودھی ۔ (جوگیہ پدھی)
یُوَن ۔ (جوبن) جوانی ۔ برنائی ۔ شباب ۔
یُوَن ۔ اگلے زمانے میں باشندگان یونان کو کہتے تھے ۔ مگر اس وقت

صحت نامہ

(امید کہ قبل از مطالعہ ذیل کے الفاظ کی صحت فرمائینگے)

صفحہ	کالم	سطر	غلط	صحیح
۴	۲	۱	آوَاٹْٹ	آوُیٹْٹ
۱۳	۲	۲۲	آمْرِیڈَن	آمْرِیڈِت
۱۶	۲	۹	آبُدْھیَہ	آبُدْھیہ
۱۷	۱	۲۵	اَبُدْھ	اَبُدْھیَہ
۱۹	۲	۱۰	آبھنگو	اَبْھنگُرْ
۲۰	۱	۵	آبھوگ	اَبھوگیَہ
۲۳	۱	۵	اُپِیَت	اَپِیَتی
۲۵	۱	۲۵	اَپْرَپنج	اَپْرَپنچ
۲۷	۱	۱۵	اَپْنِیا	اَپْنِیو
۳۰	۲	۵	اُپیکْشا	اَپیکْشا
۳۱	۲	۷	اَتَت	اَتْیَت
۳۹	۱	۹	اَچْپلی	اَچْپلتا
۴۰	۲	۱۶	اَچیت	اُچیت
۴۳	۲	۶	اَدَوْنْد	اَدَوْنْدوَہ
۵۶	۱	۱۱	اَشمَن	اَسْتَن
۵۷	۲	۴	اَسَنکھ	اَشَنکْت
۶۵	۱	۱۳	اَگَدْگار	اَگَدنگار
۶۵	۱	۲۰	اَگرَاش	اَگرَاشن
۷۶	۱	۱۳	اَناوَشَک	اَناوَشیک
۷۶	۱	۱۸	اَن اَہِش	اَن ہِش
۷۹	۱	۲	اَنْت شَریر	اَنْتس شَریر
۸۱	۱	۱۳	اِنْدُوکا	اِنْدُوکلا
۸۲	۲	۲۵	اَنُشتان	اَنُشتھان
۸۷	۲	۲۵	اَنُوپِیکٹ	اَنُوپیکٹ
۹۱	۱	۶	اَنُوا ہارْیَہ	اَنُوا ہارْیَہ
۹۲	۲	۵	اَنی لاپِی	اَنی لاشی
۹۳	۲	۲۰	اَوت کرشیہ	اُتکرش
۹۴	۱	۱۹	اَوَدَت	اَوَدات
۹۵	۱	۳	اَوَدِھیرْیَہ	اَوَدھارْیَہ
۹۵	۲	۶	اَوْرڈھوہ پِنڈ	اَوْرڈھوہ پِنڈرَہ
۹۵	۲	۷	اَوْرڈھ دیہک	اَوْرڈھوہ دیہک
۹۵	۲	۸	اَوْرڈھ سواش	اَوْرڈھوہ سواش
۹۷	۱	۱۳	اَوکٹ گنت	اَوَیکٹ گنت
۹۹	۱	۱۹	اَوِنْد	اَوِنْدو
۹۹	۱	۲۴	اَوِنیرن	اَوَتیرن
۱۰۰	۲	۲۱	اَہم برہم	اَہم برہمہ
۱۰۱	۲	۲۵	اَیِنْدارِتھ	اَیِنْدرتھ
۱۰۴	۲	۲۱	اَیوا	اَیو
۱۱۳	۲	۶	بَرَوَتھ	بَرَو
۱۲۹	۲	۸	اقساط حمل	اسقاط حمل
۱۳۳	۲	۲	بھوگنتویہ	بھوگتویہ
۱۳۸	۱	۷	بھیاتر	بھیاتریہ
۱۴۲	۱	۱۷	پارَدِرشون	پارَدرشن
۱۴۳	۱	۸	پارَدَوتھ	پارَدَوت
۱۷۷	۲	۲۲	پَرَہرشٹ	پَرَہرشت